قُلْتَ إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ اللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِي إِلَى عُرُوجِ الْمَقَامِ

فرمایا ہے "ہم نے ہر شئ کو اندازے کے ساتھ پیدا فرمایا ہے" اے اللہ میرے لیے آسان فرما مقام لاہوتی پر

اللَّاهُوتِيِّ حَتّٰى يَصْدُقَ عَلَيَّ وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُومٌ ۝ اللّٰهُمَّ

عروج حتیٰ کہ صادق آئے مجھ پر کہ "نہیں ہم سے کوئی مگر اس کے لیے متعین مقام ہے" اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ أَهْلِ وَفَائِكَ اللّٰهُمَّ صَلِّ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو محبوب تیرے اہل وفا کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ كُلِّ مَنْ أَرْشَدَ إِلَيْكَ اللّٰهُمَّ

وسلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو محبوب کہ تیری راہ دکھلانے والوں کے سردار ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الزَّمْزَمِ وَالصَّفَا وَالتُّقٰى

صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو آقا سردار ہیں زمزم۔ صفا اور اہل تقویٰ کے

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ كَافَّةِ الْأَنَامِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں تمام مخلوق کے

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ النُّوْرِ الْعِبَادِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں نورانی بندوں کے

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ كُلِّ وَالِدٍ وَّمَوْلُوْدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں ہر باپ اور بیٹے کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى كُلِّ وَارِثٍ صَاحِبِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کے ہر وارث پر کہ

السَّيِّدِ وَالسِّيَادَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِ
جو خود سردار ہے اور سیادت کا مالک ہے اور صلوٰۃ نازل فرما اوّلین کے سردار پر اور صلوٰۃ نازل فرما

الْاٰخِرِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْمَقْبُوْلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِ
آخرین کے سردار پر اور صلوٰۃ بھیج مقبولین کے سردار پر اور صلوٰۃ بھیج محبین کے

الْمُحِبِّيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْمَحْبُوْبِيْنَ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَوَّلِيْنَ
سردار پر ۔ اور صلوٰۃ بھیج محبوبین کے سردار پر ۔ ساتھ نام اللہ کے جو رب ہے اوّلین و

وَالْاٰخِرِيْنَ خَالِقِ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ بَاعِثِ
آخرین کا ۔ خالق ہے آسمان والوں اور زمین والوں کا بھیجنے والا ہے

الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ بِالْحَقِّ الْمَعْبُوْدِ فِىْ كُلِّ مَكَانٍ
انبیاء و مرسلین اور مومنین کو ساتھ حق کے ۔ معبود ہے ہر مکان میں

الْمُوَحَّدِ بِكُلِّ لِسَانٍ الْفَاضِلِ الْقَدِيْمِ الْمُتْقِنِ لِمَا صَنَعَ الْقَاهِرِ
توحید والا ہے ہر زبان کے ساتھ، صاحب فضل اور قدیم ہے، مضبوط بنانے والا ہے ہر مصنوع کو، غالب ہے

لِخَلْقِهٖ اَجْمَعِيْنَ الْقُدُّوْسِ الَّذِىْ ذَلَّتْ لَهُ الرِّقَابُ وَخَضَعَتْ
اپنی تمام مخلوق پر ۔ مقدس ہے جس کے لیے تمام گردنیں تواضع کناں ہیں اور عاجزی ظاہر کرتی ہیں

لَهُ الشُّمُّ الشَّامِخَاتُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَىِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ
اس کے لیے بلند و بالا شخصیات اور جھکے ہیں سب چہرے حی قیوم کے لیے اور رسوا ہوا جس نے

حَمَلَ ظُلْمًا يَا دَآئِمُ يَا دَيْمُوْمُ اَنْتَ تَرَانِىْ وَتَسْمَعُ كَلَامِىْ وَتَضَرُّعِىْ
ظلم کیا اے دائم ۔ اے ہمیشہ ہمیشہ قائم، تو مجھے دیکھتا اور میرا کلام سنتا ہے اور میری زاری کو

وَشَكْوَاىَ اَنْتَ مَقْصَدِىْ وَسُؤْلِىْ وَرَجَآئِىْ وَاَنَا الْمُحْتَاجُ اِلَيْكَ
اور اظہار رنج والم کو۔ تو ہی میرا مقصود، میرا سوال اور میری رجاء و امید ہے اور میں محتاج ہوں تیری طرف

وَاَنْتَ عَالِمُ السِّرِّ وَالنَّجْوٰى وَلَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ
اور تو جاننے والا ہے رازوں اور سرگوشیوں کا اور نہیں مخفی تجھ پر کوئی شئ زمین میں

وَلَا فِى السَّمَآءِ اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۔ اَسْئَلُكَ عِلْمًا
اور نہ آسمان میں تو مالک ہے عرش عظیم کا ۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں علم

نَّافِعًا وَّدِيْنًا قَيِّمًا وَّيَقِيْنًا صَادِقًا وَّحِكْمَةً بَالِغَةً وَاَسْئَلُكَ
نافع اور مضبوط دین کا یقین صادق اور حکمت کاملہ کا ۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

كَشْفَ حِجَابِ الْغَيْبِ بِمَا فِيْهِ حَتّٰٓى اُشَاهِدَ الرُّوْحَ الْبَاقِىَ يَا
غیب کے پردے اٹھانے کا بمع اس میں موجود تمام اسرار کے حتیٰ کہ میں مشاہدہ کروں روح باقی کا اے

نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَسْئَلُكَ
روشن کرنے والے آسمانوں اور زمینوں کے اور مالک عرش عظیم کے ۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

اَنْ تُصَلِّىَ وَتُسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَكْشِفَ لِىْ عَنْ
کہ صلوٰۃ و سلام نازل فرمائے سیدنا محمد پر اور مجھ پر ظاہر کرے اپنے اسمار

اَسْرَارِ اَسْمَآئِكَ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِىْ جَمِيْعَ خَلْقِكَ بِالطَّاعَةِ وَقَلْبِىْ
کے اسرار اور مسخر فرمائے میرے لیے اپنی تمام مخلوق اطاعت کے ساتھ اور میرے دل کو

لَكَ بِالْعِبَادَةِ وَاَنْ تَرْزُقَنِىْٓ اَنْوَارَ هِدَايَتِكَ وَمَعْرِفَةِ اَسْرَارِكَ
اپنی عبادت کے ساتھ اور مجھے اپنی ہدایت اور معرفت اسرار کے انوار عطا کرے

حَتّٰٓى اَكُوْنَ مُبْتَهِجًا بِبَاهِرِ مَا يَظْهَرُ مِنْ لُّطْفِكَ يَا لَطِيْفُ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ
حتیٰ کہ میں مسرور ہو جاؤں تیرے ظاہر و غالب لطف و کرم کے ساتھ اے صاحب لطف۔ اللہ مہربان ہے

بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِىُّ الْعَزِيْزُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
اپنے بندوں کے ساتھ۔ رزق دیتا ہے جسے چاہے اور وہ قوی عزیز ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما محمد

وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ
اور آل محمد پر جیسے تو نے صلوٰۃ نازل فرمائی ابراہیم اور آل ابراہیم پر اور برکت نازل فرما محمد و

عَلَىٰ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيْمَ وَعَلَىٰ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

آل محمد پر جیسے تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو قابل ستائش بزرگی والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلَىٰ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَىٰ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ وَ

اے اللہ رحمت نازل فرما محمد و آل محمد پر جیسے رحمت نازل فرمائی آل ابراہیم پر اور

بَارِكْ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلَىٰ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَىٰ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ فِي الْعٰلَمِيْنَ

برکت دے محمد اور آل محمد پر جیسے برکت دی آل ابراہیم کو تمام جہانوں میں،

إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلَىٰ اٰلِ مُحَمَّدٍ

بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما محمد نبی امی پر اور آل محمد پر

كَمَا صَلَّيْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيْمَ وَعَلَىٰ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

جیسے صلواۃ نازل فرمائی ابراہیم اور آل ابراہیم پر۔ اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے

إِلٰهِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ وَلَكَ الْحَمْدُ يَا إِلٰهِيْ لَا أَحَدَ إِلَّا

اے میرے الٰہ نہیں معبود برحق مگر تو اے مالک ملک اور تیرے ہی لیے حمد ہے اے میرے الٰہ نہیں کوئی دوسرا

أَنْتَ لَا سُلْطَانَ إِلَّا أَنْتَ لَا وَاحِدَ إِلَّا أَنْتَ لَا خَالِقَ إِلَّا أَنْتَ لَا

سوا تیرے۔ نہیں کوئی بادشاہ مگر تو۔ نہیں کوئی یکتا مگر تو نہیں کوئی خالق مگر تو نہیں

بُرْهَانَ إِلَّا لَكَ لَا جَبَّارَ إِلَّا أَنْتَ لَا قَهَّارَ إِلَّا أَنْتَ لَا رَزَّاقَ إِلَّا

دلیل و ثبوت مگر تیرے لیے نہیں جبار مگر تو۔ نہیں قہار مگر تو، نہیں رزاق مگر

أَنْتَ لَا قَادِرَ إِلَّا أَنْتَ لَا سَمِيْعَ وَلَا بَصِيْرَ وَالْكَافِيْ وَالْهَادِيْ إِلَّا

تو نہیں صاحب قدرت مگر تو۔ نہیں کوئی (حقیقی) سمیع و بصیر اور کافی و ہادی مگر

أَنْتَ وَلَكَ الْحَمْدُ إِلٰهِيْ أَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ وَأَنْتَ مُقَلِّبُ الْقُلُوْبِ

تو ہی اور تیرے ہی لیے حمد ہے اے میرے الٰہ تو بہتر ہے تمام کشف کرنے والوں سے اور تو دلوں میں انقلاب لانے والا ہے

وَإِلٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ اَللّٰهُمَّ عَطِّفْ عَلَيَّ قُلُوْبَ عِبَادِكَ مِنْ

اور معبود ہے تمام آسمانوں اور زمینوں میں۔ اے اللہ مہربان فرما مجھ پر اپنے تمام بندوں کے دل

أَوْلَادِ اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّاءَ مِنْ كُلِّ ذَكَرٍ وَّأُنْثٰى وَحُرٍّ وَّعَبْدٍ وَّصَغِيْرٍ

اولادِ آدم اور حوّا کی بیٹیوں سے ہر مذکّر اور مونث اور آزاد و غلام چھوٹے

وَّكَبِيْرٍ بِالْمَحَبَّةِ الدَّائِمَةِ وَالْمَوَدَّةِ وَالرَّأْفَةِ وَالرَّحْمَةِ وَاجْلِبْ

اور بڑے کا ساتھ دائمی محبت و مودت اور رأفت و رحمت کے اور کھینچ لے

قُلُوْبَهُمْ مِّنْ شَرِّ مَا يُضْمِرُوْنَ وَيُرِيْدُوْنَ لِيْ وَادْفَعْ عَنِّيْ مَكْرَهُمْ

ان کے دلوں سے اس شر کو جس کو چھپاتے ہیں اور ارادہ رکھتے ہیں اس کا میرے لیے اور دور فرما مجھ سے ان

وَأَذَاهُمْ وَشَرَّهُمْ اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَةِ مَا تَلَوْتُهٗ أَسْأَلُكَ أَنْ تُرِيَنِيْ

کے مکر، ایذاء اور شر کو۔ اے اللہ بطفیل اس کے جس کی میں نے تلاوت کی ہے میں سوال کرتا ہوں کہ مجھے اپنے کرم سے

حَرَمَكَ بِكَرَمِكَ وَبَلِّغْنِيْ زِيَارَةَ قَبْرِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

اپنا حرم دکھلائے اور مجھے پہنچائے اپنے نبی محمد کی قبر انور کی زیارت تک صلّی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ فِي

علیہ وسلم۔ اے پورا کرنے والے حاجات کے۔ اے قبول کرنے والے دعاؤں کے

الدَّارَيْنِ بِرُؤْيَتِهٖ وَثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلَىٰ مَحَبَّتِهٖ وَاسْتَعْمِلْنَا عَلَىٰ

دونوں جہانوں میں ان کے دیدار سے اور ثابت رکھے ہمارے دلوں کو ان کی محبت پر اور ہمیں عامل بنائے

سُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلَىٰ مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهِ النَّاجِيَةِ وَحِزْبِهِ

ان کی سنت پر اور ہمیں وفات دے ان کی ملت پر اور ہمارا حشر فرمائے ان کی جماعت میں جو نجات پانے والی ہے اور گروہ

الْمُفْلِحِيْنَ وَانْفَعْنَا بِمَا انْطَوَتْ عَلَيْهِ قُلُوْبُنَا مِنْ مَّحَبَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ

میں جو فلاح پانے والے ہیں اور ہمیں نفع دے ان کی محبت کے ساتھ جسے ہمارے دل محیط ہیں۔ صلّی اللہ علیہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ لَا جَدَّ وَلَا مَالَ وَلَا بَنِيْنَ وَأَوْرِدْنَا حَوْضَهُ الْأَصْفٰى

وسلم جس دن نہ نسب کار آمد ہوگا، نہ مال اور نہ بیٹے اور ہمیں وارد فرمانا ان کے صاف ترین حوض پر

وَاسْقِنَا بِكَأْسِهِ الْأَوْفٰى وَيَسِّرْ عَلَيْنَا زِيَارَةَ حَرَمِكَ وَحَرَمِهٖ فِي الْمَنَامِ

اور ہمیں پلانا ان کے وافی پیالے کے ساتھ اور آسان فرما ہم پر اپنے حرم کی اور اُن کے حرم کی زیارت خواب

وَالْيَقْظَةِ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُمِيْتَنَا وَاَدِمْ عَلَيْنَا الْاِقَامَةَ بِحَرَمِكَ

اور بیداری میں قبل اس کے کہ وفات دے اور دائمی بنا ہم پر اپنے حرم

وَحَرَمِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَنْ نُّتَوَفّٰى اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ

اور حرم حبیب کی اقامت صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ ہم (وہیں) وفات پائیں۔ اے اللہ مجھے بنا

مِمَّنْ لَّزِمَ مِلَّةَ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَظَّمَ

اپنے نبی محمد کی ملت کو لازم پکڑنے والوں سے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی عزت و تعظیم

حُرْمَتَهٗ وَاَعَزَّ كَلِمَتَهٗ وَحَفِظَ عَهْدَهٗ وَذِمَّتَهٗ وَنَصَرَ حِزْبَهٗ وَدَعْوَتَهٗ

کرنے والوں سے اور ان کے کلمہ کو غالب اور ان کے عہد اور ذمہ داری کی حفاظت ان کی جماعت اور دعوت کی امداد کرنیوالوں سے

وَكَثَّرَ تَابِعِيْهِ وَفِرْقَتَهٗ وَوَافٰى فِىْ زُمْرَتِهٖ وَلَمْ يُخَالِفْ سَبِيْلَهٗ وَ

ان کے تابعین اور جماعت کو بڑھانے والوں اور ان کی جماعت کی موافقت والوں سے جنہوں نے ان کی راہ و سنت کی

سُنَّتَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ الْاِسْتِمْسَاكَ بِسُنَّتِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

مخالفت نہیں کی۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان کی سنت کے تمسک کا میں پناہ طلب کرتا ہوں تیری

شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ مُحَمَّدٌ نَّبِيُّكَ وَرَسُوْلُكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

ہر اس شر سے جس سے تیرے نبی و رسول محمد نے تیری پناہ طلب کی۔ صلی اللہ علیہ

سَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْنَا مَعَهٗ بِشَفَاعَتِهٖ وَضَمَانَتِهٖ وَرِعَايَتِهٖ وَمَعَ

وسلم۔ اے اللہ ہمیں ان کے ساتھ داخل فرما ان کی شفاعت۔ ضمانت اور رعایت کے طفیل اور ان کے

اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِدَارِكَ دَارِ السَّلَامِ فِىْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ

آل و اصحاب کے ساتھ اپنے دار سلام (جنت) میں سچائی کی نشست گاہ میں صاحب ملک واقتدار کے ہاں

يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط وَاَتْحِفْنَا بِمُشَاهَدَتِهٖ بِلَطِيْفِ مَنَازِلِهٖ يَا كَرِيْمُ

اے صاحب جلال و اکرام اور ہمیں تحفہ عطا فرما ان کے دیدار کا ان کی پاکیزہ ترین منازل میں، اے کریم

يَا رَحِيْمُ اَكْرِمْنَا بِالنَّظَرِ اِلٰى جَمَالِ سُبُحَاتِ وَجْهِكَ الْعَظِيْمِ ۚ وَ

اے رحیم، ہمیں عزت بخش ساتھ دیکھنے اپنی ذات عظیمہ کے جمال انوار کے اور

احْفَظْنَا بِكَرَامَتِهٖ بِالتَّكْرِيْمِ وَالتَّبْجِيْلِ وَالتَّعْظِيْمِ ۚ وَاَكْرِمْنَا بِنُزُلِهٖ

ہمیں حفظ و امان بخش ان کی بزرگی کے صدقہ میں ساتھ اکرام اور توقیر و تعظیم کے اور ہمیں مکرم فرما ان کی مہمانی کیساتھ

نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ط فِىْ رَوْضِ رِضْوَانٍ اُحِلُّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِىْ

جو درحقیقت مہمانی ہے غفور رحیم کی طرف سے رضامندیوں کے باغات میں" حلال ٹھہراتا ہوں میں تم پر اپنی رضامندی

فَلَآ اَسْخَطُ عَلَيْكُمْ اَبَدًا وَّاُعْطِيْكُمْ مَفَاتِيْحَ الْغَيْبِ لِخَزَآئِنِ السِّرِّ الْمَكْنُوْنِ

پس میں ناراض نہیں ہوں گا تم پر کبھی اور عطا کرتا ہوں تمہیں غیب کی چابیاں واسطے پوشیدہ اسرار کے خزائن کے

فِىْ مَكْنُوْنِ حَنَّانٍ مَعَارِفِ صِفَاتِ الْمَعَانِىْ بِاَنْوَارِ الذَّاتِ عَلَى الْاَرَآئِكِ

جو مخفی ہیں مہربان خدا کے ہاں یعنی معارف صفاتِ معانی کے بطفیل انوار ذات کے، آرام کرسیوں پر بیٹھے

يَنْظُرُوْنَ وَلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ بِانْعِطَافِ

دیکھتے ہوں گے اور ان کے لیے ہے جو طلب کریں، سلام ہے درآنحالیکہ کہا ہوا ہے رب رحیم کی طرف سے بسبب مہربانی

رَاْفَةِ الرَّاْفَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ مِنْ عَيْنِ عِنَايَتِهٖ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ذٰلِكَ

رأفت محمدیہ کے جو حاصل ہونے والی ہے ان کی خاص عنایت سے جبکہ وہ فضل ہے تیرے رب کا وہی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ فِىْ مَحَاسِنِ قُصُوْرِ ذَخَائِرِ السَّرَآئِرِ فَلَا تَعْلَمُ

عظیم کامیابی ہے۔ مخفی اسرار کے ذخائر والے خوبصورت محلات میں پس نہیں جانتا کوئی نفس جو

نَفْسٌ مَّآ اُخْفِىَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فِىْ

اس کے لیے پوشیدہ رکھا ہے آنکھوں کی ٹھنڈک سے درآنحالیکہ وہ جزاء ہے ان کے اعمال کی

مَنَصَّةِ مَحَاسِنِ خَوَاتِمِ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ

محل ظہور میں خوبترین محاسن والے آخری کلمات کے یعنی دعا ان کی جنت میں یہ ہوگی پاک ہے تو اے اللہ اور باہمی تحفے ان کے سلام ہیں

وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ

اور آخری دعا ان کی ہے کہ سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔" اے اللہ۔ اے ظاہر، اے باطن

يَاذَا الْمَعَارِجِ تَعْرُجُ اِلَيْكَ اَرْوَاحُنَا وَقَدَّرْتَ اٰجَالَنَا يَا مُحْصِىْ

اے بلندیوں والے بلند ہوتے ہیں تیری طرف ہمارے ارواح اور تو نے مقدر فرمایا، ہماری مدت عمر کو۔ اے احاطہ کرنیوالا

اَحْصَيْتَ اَنْفَاسَنَا وَاَكْسَابَنَا وَاَدْرَكْتَ اَسْرَارَنَا وَاَعْلَانَنَا يَا حَافِظُ

تو نے احاطہ کیا ہے ہمارے سانسوں اور ہمارے اعمال کا اور جان لیا ہے ہمارے پوشیدہ اور ظاہر کو اے حفاظت کرنے والے

يَا خَافِضُ يَا رَافِعُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَتَخْفِضُ مَنْ تَشَآءُ

اے پست کرنے والے۔ اے بلند کرنے والے۔ تو ہی سبقت دینے والا ہے اور تو ہی مؤخر کرنے والا ہے۔ پست کرتا ہے جسے

قَهْرًا وَّتَرْفَعُ مَنْ تَشَآءُ قَدْرًا اَمَّنْ رَّفَعْتَهُ ارْتَفَعَ وَمَنْ وَّضَعْتَهُ

چاہے اپنے قہر سے۔ اور بلند کرتا ہے قدر جس کی چاہے۔ تو جسے بلند کرے وہ بلند ہو گیا اور جسے پست کرے

اتَّضَعَ وَمَنْ اَكْرَمْتَهُ لَمْ يُهَنْ يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ لَكَ الْاَسْمَآءُ

وہ پست ہو گیا جسے تو عزت دے وہ حقیر نہیں ہوتا اے درجات کے بلند کرنے والے تیرے لیے ہی حسین

الْحُسْنٰى وَالْاَمْثَالُ الْعُلْيَا يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ

اسماء اور اعلیٰ صفات ہیں۔ اے عرش مجید والے۔ اے (تخلیق کی) ابتداء کرنے والے اور لوٹانے والے

يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ ارْحَمْنَا يَا مُؤْمِنُ اٰمِنَّا يَا مُهَيْمِنُ يَا جَبَّارُ اُجْبُرْنَا

اے رحمٰن اے رحیم ہم پر رحم فرما اے امن دینے والے ہمیں امن دے۔ اے نگران۔ اے جبار ہماری شکستگی درست فرما

يَا سَلَامُ سَلِّمْنَا يَا غَفَّارُ يَا غَفُوْرُ اغْفِرْ لَنَا يَا رَزَّاقُ ارْزُقْنَا

اے سلام ہمیں سلامتی دے۔ اے غفار۔ اے غفور ہمیں بخش اے رزاق ہمیں رزق دے

يَا رَءُوْفُ ارْءُفْ بِنَا يَا عَفُوُّ عَافِنَا فَاعْفُ عَنَّا يَا لَطِيْفُ الْطُفْ

اے مہربان ہم پر مہربانی فرما۔ اے درگزر فرمانے والے ہمیں عافیت دے پس درگزر فرما اے لطیف لطف فرما۔

بِنَا يَا حَلِيْمُ اَحْلِمْ عَنَّا يَا حَافِظُ يَا حَفِيْظُ احْفَظْنَا يَا عَزِيْزُ يَا

اے حلیم ہمارے ساتھ بردباری فرما۔ اے حافظ اے حفیظ ہماری حفاظت فرما۔ اے عزیز اے

مُعِزُّ عَزِّزْنَا يَا صَبُوْرُ صَبِّرْنَا يَا نَصِيْرُ اُنْصُرْنَا يَا مُغِيْثُ اَغِثْنَا يَا

عزت بخشنے والے ہمیں عزت دے۔ اے صبور ہمیں صابر بنا۔ اے نصیر ہماری نصرت فرما۔ اے فریادرس ہماری فریادرسی فرما اے

كَافِىْ اِكْفِنَا يَا وَاقِىْ قِنَا يَا وَالِىْ يَا مُتَعَالِىْ يَا مَوْلَاىَ تَوَلَّنَا يَا حَنَّانُ

کافی ہمیں کفایت فرما۔ اے بچانے والے ہمیں بچا اے والی۔ اے بلند شان۔ اے مولا ہماری کارسازی فرما۔ اے حنان

يَا مَنَّانُ اُمْنُنْ عَلَيْنَا يَا كَرِيْمُ اَكْرِمْنَا وَلَا تَمْكُرْ عَلَيْنَا يَا تَوَّابُ تُبْ

اے منان ہم پر احسان فرما۔ اے کریم ہمیں عزت دے اور ہمارے خلاف تدبیر نہ فرما۔ اے تواب ہم پر نظر رحمت

عَلَيْنَا يَا ذَا الْفَضْلِ تَفَضَّلْ عَلَيْنَا يَا ذَا الطَّوْلِ تَطَوَّلْ عَلَيْنَا يَا قَابِلَ

فرما۔ اے مالکِ فضل ہم پر فضل فرما۔ اے وسعت والے ہمیں وسعت بخش۔ اے توبہ قبول

التَّوْبِ اقْبَلْ تَوْبَتَنَا يَا دَآئِمَ اَدِمِ النَّعْمَآءَ عَلَيْنَا يَا هَادِىْ اِهْدِنَا

کرنے والے ہماری توبہ قبول فرما۔ اے دائم ہم پر نعمتیں دائم رکھ۔ اے ہادی ہمیں ہدایت دے

يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ هَبْ لِىْ مِنْ جَزِيْلِ هِبَاتِكَ مَا

اے وہاب۔ اے وہاب۔ اے وہاب مجھے اپنے وہ عظیم عطیات ہبہ فرما جو

يُبَلِّغُنِىْٓ اِلٰى مَرْضِيَّتِكَ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اِلٰهِىْ هَبْ لِىْ مِنْ

مجھے پہنچا ئیں تیری رضا مندیوں تک یا وہاب۔ یا وہاب۔ اے میرے خدا مجھے عطا فرما

لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اِلٰهِىْ

اپنے پاس سے رحمت۔ بیشک تو ہی عطا کرنے والا ہے یا وہاب۔ یا وہاب۔ یا وہاب۔ اے میرے خدا

وَيَا وَاهِبَ الْاَسْرَارِ هَبْ لِىْ مِنْ اَسْرَارِكَ فَيْضًا تَجْعَلُنِىْ بِهٖ دَآئِمًا

اور اے عطا کرنے والے اسرار کے عطا فرما مجھے اپنے اسرار سے ایسا فیض کر بنا دے مجھے بسبب اس کے ہمیشہ

مُّسْتَحْفِظًا لِّمَوَاهِبِكَ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اَللّٰهُمَّ حَقِّقْنِىْ

محفوظ رکھنے والا اپنے مواہب کا یا وہاب یا وہاب یا وہاب۔ اے اللہ مجھے ثابت و قائم فرما

بِمَوَاهِبِ حَقِيْقَةِ حَقِيْقَتِكَ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اِلٰهِىْ

اپنی حقیقت الحقیقت کے مواہب سے یا وہاب۔ یا وہاب یا وہاب۔ اے میرے خدا

كُنْ شَاهِدًا عَلَىَّ بِالْاِفْتِقَارِ اِلٰى غِنَآئِكَ الْمُطْلَقِ الْكَامِلِ بِالذَّاتِ

مجھ پر گواہ بن میری محتاجی کا طرف تیری غناء مطلق اور کامل بالذات کے پس

فَامْنُنْ عَلٰى عَبْدِكَ الضَّعِيْفِ بِغِنًى يَّكُوْنُ بِهٖ غَنِيًّا مُّغْنِيًّا مَّنْ

احسان فرما اپنے عبد ضعیف پہ ساتھ غنیٰ کے کہ جس کے ساتھ وہ غنی بھی ہو اور مستغنی کرنے والا بھی ہو

شِئْتَ غِنَآئَهٗ بِوَصْفِ الْفَقْرِ بَيْنَ يَدَيْكَ اَنْتَ الْغَنِيُّ الْوَهَّابُ

جس کی استغناء تو چاہے باوصف فقرواحتیاج کے تیری بارگاہ میں تو ہی غنی اور ہبہ کرنے والا ہے۔

يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا رَشِيْدُ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً

یا وہاب یا وہاب یا وہاب - یارشید - ہبہ فرما ہمیں اپنے پاس سے رحمت کا

وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا اَللّٰهُمَّ اِنَّا ضَآلُّوْنَ فَاهْدِنَا وَاِنَّا فُقَرَآءُ

اور مہیا فرما ہمارے لیے ہمارے امور میں راست روی - اے اللہ ہم گمراہ ہیں پس ہمیں ہدایت بخش اور ہم فقراء ہیں

فَاَغْنِنَا وَاِنَّا ضُعَفَآءُ فَقَوِّنَا وَاِنَّا مُذْنِبُوْنَ فَاغْفِرْ لَنَا يَا نُوْرُ يَا هَادِيْ

پس ہمیں غنی فرما اور ہم ناتواں ہیں پس ہمیں قوی فرما اور ہم گناہگار ہیں پس ہمارے لیے مغفرت فرما - اے نور - اے ہادی

يَا غَنِيُّ يَا قَوِيُّ يَا غَفُوْرُ يَا رَحِيْمُ اَللّٰهُمَّ بِرُوْحٍ مِّنْ عِنْدِكَ اَيِّدْنَا

اے غنی - اے قوی - اے غفور - اے رحیم - اے اللہ اپنے پاس سے مخصوص روح کے ذریعے ہمیں تقویت

وَمِنْ عِلْمِكَ الْمَكْنُوْنِ عَلِّمْنَا وَعَلٰى دِيْنِكَ الَّذِي ارْتَضَيْتَهٗ ثَبِّتْنَا

دے - اور اپنے پوشیدہ علم سے ہمیں سکھلا اور اپنے اس دین پر جسے تو نے پسند کیا ہے ثابت رکھ

وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ سَبَقَتْ لَهٗ مِنْكَ الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا

اور ہمیں ان سے بنا جن کے لیے تیری طرف سے نیکی سبقت لے جا چکی ہے اور مزید احسان اے اللہ ہمیں زندہ رکھ

مُؤْمِنِيْنَ طَآئِعِيْنَ وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ تَآئِبِيْنَ وَاجْعَلْنَا يَوْمَ

مومن مطیع کی حیثیت میں اور ہمیں وفات دینا اسلام اور توبہ کی حالت میں اور بنانا ہمیں قیامت کے

الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ اٰمِنِيْنَ وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا عَلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ

دن امن والوں سے - اور ہمارے قدم ثابت رکھنا صراط مستقیم پر

وَاَدْخِلْنَا بِرَحْمَتِكَ وَكَرَمِكَ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ وَنَجِّنَا بِعَفْوِكَ وَحِلْمِكَ

اور داخل فرمانا ہمیں اپنی رحمت اور کرم کے ساتھ جنات نعیم میں اور نجات دینا ہمیں اپنے عفو اور حلم کے

مِنَ الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ يَا بَرُّ يَا رَحِيْمُ يَا حَكِيْمُ يَا كَرِيْمُ اَللّٰهُمَّ اِنَّآ اَصْبَحْنَا

ساتھ عذاب الیم سے - اے محسن - اے رحیم - اے حکیم - اے کریم اے اللہ بیشک ہم ہو چکے ہیں

لَا نَمْلِكُ لِاَنْفُسِنَا دَفْعًا وَّلَا رَفْعًا وَّلَا ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا فُقَرَآءَ لَا

اس حال میں کہ نہیں مالک اپنے لیے دفع (ضرر) کے اور نہ رفع (کلفت) کے اور نہ ضرر و منفعت کے، فقیر ہیں

شَيْءَ لَنَا ضُعَفَآءَ لَا قُوَّةَ لَنَا وَاَصْبَحَ الْخَيْرُ كُلُّهٗ بِيَدَيْكَ وَاَمْرُ كُلِّ

ہمارے ملک میں کچھ بھی نہیں - ناتواں ہیں کچھ قوت ہم میں نہیں - اور تمام تر خیر صرف تیرے ہی ہاتھوں میں ہے اور ہر شیٔ کا معاملہ

شَيْءٍ رَّاجِعٌ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنَا لِمَا بِهٖٓ اَمَرْتَنَا وَاَعِنَّا عَلٰى مَا بِهٖ كَلَّفْتَنَا

تیری طرف ہی لوٹنے والا ہے - اے اللہ ہمیں توفیق دے اس کی جس کا تو نے حکم دیا اور ہماری اعانت فرما ان امور پر جن کا تو نے ہمیں مکلف ٹھہرایا

وَاَغْنِنَا عَنْ كُلِّ شَيْءٍ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ وَاجْبُرْ كَسْرَنَا وَمَا فَاتَ مِنَّا

اور ہمیں بے نیاز فرما تمام اشیاء سے اپنے فضل اور رحمت کے ساتھ اور درست فرما ہماری شکستگی اور جو ہم سے فوت ہوا

بِعِنَايَتِكَ وَكَرَمِكَ وَاَيِّدْنَا بِتَوَجُّهٍ اِلَيْكَ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ يَا مَالِكُ

اپنی عنایت اور کرم سے اور ہمیں تقویت دے اپنی طرف متوجہ کرکے اپنی قوت و طاقت سے اے مالک

يَا قَدِيْرُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ هِمَّتُنَا رَاَيْنَاهُ وَلَمْ تَبْلُغْهُ

اے قدیر - اے سمیع - اے بصیر - اے اللہ جس امر سے قاصر ہے ہماری ہمت - جسے ہم نے دیکھا اور اس کو نہ پہنچا

مَسْئَلَتُنَا مِنْ خَيْرٍ وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ خَيْرًا اَنْتَ مُعْطِيْهِ

ہمارا سوال یعنی وہ خیر جس کا وعدہ دیا تو نے کسی کو اپنی مخلوق سے یا وہ خیر کہ تو عطا کرنے والا ہے

اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ فَاِنَّا نَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْهِ وَنَسْئَلُكَ اِيَّاهُ بِرَحْمَتِكَ

اپنے کسی بندے کو پس ہم اس میں تیری طرف رغبت کرتے ہیں اور سوال کرتے ہیں اس کا تجھ سے تیری رحمت کے صدقے میں

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ

اے اللہ بطفیل اپنے علم غیب کے اور خلق پر قدرت کے مجھے زندہ رکھ جب تک تو جانے

الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْٓ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ

حیات کو میرے لیے بہتر اور وفات دے جب جانے وفات کو میرے لیے بہتر - اے اللہ اچھا فرما

عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ

ہمارے انجام کو تمام امور میں اور ہمیں بچا دنیوی رسوائی اور اخروی عذاب سے

اللّٰھم انّی ضعیف فقوّنی برضاک ضعفی وخذ لی الخیر بناصیتی

اے اللہ میں ناتواں ہوں پس مجھے قوی فرما اپنی رضا کے ساتھ اور میری پیشانی میں خیر کو باندھ دے

واجعل الاسلام منتھی رضائی اللّٰھم انّی ضعیف فقوّنی یا

اور اسلام کو میرا منتہائے رضا بنا دے۔ اے اللہ میں ناتواں ہوں مجھے توانا بنا اے

قوی وانّی ذلیل فاعزّنی یا عزیز وانّی فقیر فارزقنی یا رزّاق

قوی۔ میں بے عزت ہوں مجھے عزت عطا فرما اے عزیز اور میں فقیر ہوں پس مجھے رزق دے۔ اے رزاق

ذو القوۃ المتین وانّی سائل لعزّۃ الدنیا والاٰخرۃ اللّٰھم

اے قوت والے۔ استحکام والے اور میں سوال کرتا ہوں (تجھ سے) دنیا و آخرت کی عزت کا۔ اے اللہ

صلّ وسلّم علٰی سیّدنا محمّد وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّد صفوۃ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آل سیدنا محمد پر جو چنے ہوئے ہیں

الاماثل والاواخر ولسان الحضرۃ الاقدسیۃ بلا عدد

بزرگ ترین لوگوں سے اور آنے والوں سے اور ترجمان ہیں حضرت اقدس کے بغیر شمار کے

المقوّی النفوس بلا مدد المولٰی بلا ولد العزیز السیّد السند

نفوس کو تقویت دینے والے ہیں بغیر کسی مدد کے۔ مولیٰ ہیں بغیر اولاد کے۔ عزیز، سردار، سند و حجت

وسیادۃ الواحد الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم

اور (مظہر) سیادت ہیں واحد احد بے نیاز کے جس نے کسی کو جنم دیا اور نہ جنا گیا اور نہیں ہے

یکن لہ کفوا احد۝ قل ھو اللّٰہ احد۝

اس کا کوئی ہم پلہ فرما دیجئے وہ اللہ یکتا

اللّٰہ الصمد۝ لم یلد ولم یولد۝ ولم

اللہ بے نیاز ہے۔ اس نے کسی کو نہیں جنا اور نہ وہ جنا گیا اور

یکن لہ کفوا احد۝

نہیں اس کے لیے ہم پلہ کوئی شخص۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ان اللّٰہ وملٰئکتہ یصلّون علی النبی یٰایّھا الذین اٰمنوا صلّوا علیہ وسلّموا تسلیما

اللّٰھم صلّ علٰی سیّدنا محمّد وّعلٰی اٰل سیّدنا محمّد وّبارک وسلّم

الحمد للّٰہ والمنّۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضلِ

ایزد منّان تحفہ عجائب وہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعۃ صلوات الرسول ﷺ

الجزء التاسع ۹

فی تحمیدہٖ وتمجیدہٖ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبد الرحمن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبہ سرحد پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ بِرَفِيْعِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَ بِمَنِيْعِ

اے اللہ بے شک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی رفعت کے وسیلہ سے اور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَ بِشَفِيْعِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی مضبوطی کے وسیلہ سے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی شفاعت کے وسیلے سے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ بہت رحم والا مہربان۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ ط اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ

تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں۔ ہمیں چلا راہ راست پر راہ

الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ە غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا ہے نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ بھٹکے ہوئے لوگوں کی

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

نہیں کوئی معبود برحق مگر محمد اللہ تعالیٰ کے رسول برحق ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حُبِّ

محمدؐ پر اور آل سیدنا محمد پر کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ان کی تعریف و ثناء

تَحْمِيْدِهٖ وَ تَمْجِيْدِهٖ اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى

اور بزرگی کے بیان کو پسند کرتے ہوئے "بے شک اللہ اور اس کے تمام فرشتے صلوٰۃ بھیجتے ہیں نبی پر صلی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ قَالَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ اِنِّىْٓ اُصَلِّى الصَّلٰوةَ عَلَيْهِ اَحَدَ عَشَرَ

محمد کی آل پر جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں اپنے نبی پر گیارہ مرتبہ صلوٰۃ

مَرَّةً وَّعِنْدَ الْبَعْضِ اِثْنَیْ عَشَرَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ زَائِدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ
بھیجتا ہوں اور بعض کے نزدیک بارہ دفعہ اور بعض نے کہا اس سے بھی زیادہ ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَالَ اللهُ تَعَالٰی
سیدنا محمد اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کے متعلق اللہ تعالےٰ نے

لِاَجْلِهٖ اٰمِرًا یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا اَللّٰهُمَّ
حکم دیتے ہوئے فرمایا "اے ایمان والو صلوٰۃ بھیجو ان پر اور سلام بھیجو ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ
صلوٰۃ بھیج محمد پر اور آل محمد پر جیسے تو نے صلوٰۃ بھیجی ابراہیم پر اور آل

اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ
ابراہیم پر بے شک تو سزاوار حمد اور بزرگی والا ہے ۔ اے اللہ رحم فرما محمد پر اور آل محمد پر

كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
جیسے تو نے رحم کیا ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بے شک تو لائق حمد اور بزرگتر ہے

اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ وَاَكْرِمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا عَظَّمْتَ وَكَرَّمْتَ اِبْرَاهِیْمَ
اے اللہ عظمت و کرامت عطا کر محمد اور آل محمد کو جیسے تو نے عظمت اور بزرگی دی ابراہیم کو

وَاٰلَ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ
اور آل ابراہیم کو بے شک تو لائق حمد بزرگی والا ہے ۔ اے اللہ برکت نازل فرما نبی امی

الْاُمِّیِّ وَعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
محمد پر اور ان کی آل پر جس طرح تو نے برکت دی ابراہیم کو اور آل ابراہیم کو

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اٰلِ
بے شک تو ہمیشہ مستحق حمد بزرگتر ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج آل محمد پر جیسے تو نے صلوٰۃ بھیجی آل

اِبْرَاهِیْمَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
ابراہیم پر ۔ اے اللہ برکت نازل فرما آل محمد پر جیسے تو نے برکت نازل فرمائی آل ابراہیم پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما محمد و آل محمد پر جیسے تو نے صلوٰۃ نازل فرمائی آل ابراہیم پر

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
بے شک تو حمید مجید ہے ۔ اے اللہ برکت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تو نے برکت نازل فرمائی

عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ
ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے ۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما محمد پر اور آل

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
محمد پر جیسے تو نے رحمت نازل فرمائی ابراہیم اور آل ابراہیم پر ۔ بے شک تو حمید مجید ہے ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ
اے اللہ برکت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم

وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ
اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے ۔ اے اللہ بنا اپنی صلوات اور

بَرَكَاتِكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ
برکات نازل ہونے والی محمد پر جیسے تو نے بنایا انہیں نازل ہونے والی ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے ۔ اے اللہ

اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
بنا اپنی صلوات و برکات کو محمد و آل محمد پر جیسے کہ

جَعَلْتَهَا عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
بنایا انہیں ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلٰۤی اَهْلِ بَیْتِهٖ
اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما اپنے عبد خاص اور رسول معظم محمد پر اور ان کے اہل بیت پر

كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی
جیسے کہ رحمت نازل فرمائی تو نے ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ

اپنے عبد خاص اور رسول معظم محمد پر جیسے رحمت فرمائی ابراہیم پر اور برکت نازل فرما

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

محمد اور آل محمد پر جیسے برکت نازل فرمائی ابراہیم اور آل ابراہیم پر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَزْوَاجِهٖ

بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما محمد پر اور آپ کی ازواج پر

وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

اور اولاد پر جیسے کہ رحمت نازل فرمائی ابراہیم پر اور برکت نازل فرما محمد پر اور

اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ

آپ کی مقدس بیویوں پر اور اولاد اطہار پر جیسے برکت عطا کی ابراہیم کو تمام جہانوں میں بے شک تو

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى

حمید مجید ہے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما محمد اور آل محمد پر اور برکت نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ

محمد اور آل محمد پر اور رحم فرما محمد اور آل محمد پر جیسے تونے صلواۃ بھیجی اور برکت دی

وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اور رحم فرمایا ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ

اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما محمد پر اور ان کے اہل بیت پر جیسے رحمت نازل فرمائی

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْنَا مَعَهُمْ وَصَلٰوةُ

آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ ہم پر بھی صلواۃ ہو ساتھ ان کے اور درود ہو

اللّٰهِ وَصَلٰوةُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى

اللہ کا اور مومنین کا نبی امی محمد پر۔ اے اللہ برکتیں عطا کر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

محمد اور آپ کے اہل بیت کو جیسے تونے برکت دی آل ابراہیم کو بے شک تو حمید

مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَيْنَا مَعَهُمْ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَقَامًا

مجید ہے اے اللہ ہمیں بھی ان کے ساتھ برکت سے نواز۔ اے اللہ انہیں قائم فرما قیامت کے دن مقام

مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

محمود میں کہ جس پر قیام کی وجہ سے اولین وآخرین ان کے ساتھ رشک کریں گے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّاَبْلِغْهُ الْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ مِنَ الْجَنَّةِ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور پہنچا انہیں مقام وسیلہ اور بلند تر درجہ تک جنت سے۔ اے اللہ

اجْعَلْ فِى الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَفِى الْمُقَرَّبِيْنَ مَوَدَّتَهٗ وَفِى الْاَعْلَيْنَ

بنا چنے ہوئے حضرات میں محبت ان کی۔ اور ارباب قرب میں مودت ان کی اور بلند مقام حضرات میں

ذِكْرَهٗ وَدَارَهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ذکر اور مکان ان کا ان پر اللہ تعالی کا سلام ہو اور اس کی رحمت اور برکتیں۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

محمد پر اور آل محمد پر۔ اور برکت عطا فرما محمد کو اور آل محمد کو جیسے

صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا

صلواۃ و برکت نازل فرمائی آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے اور رحم فرما محمد پر

وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَّبَارِكْ

اور آل محمد پر جیسے تونے رحم فرمایا ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے اور برکت عطا فرما

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

محمد کو اور آل محمد کو جیسے برکت عطا کی ابراہیم کو بے شک تو حمید مجید ہے

اَللّٰهُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ

اے اللہ اور رحمت خاصہ نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تونے خاص رحمت نازل فرمائی ابراہیم

وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ اور مہربانی فرما محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ

آل محمد پر جیسے تو مہربان ہوا ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ

حمید مجید ہے۔ اے اللہ اور سلام بھیج محمد و آل محمد پر جیسے تونے سلام بھیجا

عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

محمد اور آل محمد پر جیسے تونے صلواۃ بھیجی ابراہیم پر اور برکت عطا کر محمد کو

وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اور آل محمد کو جیسے برکت دی ابراہیم کو اور سلام بھیج محمد اور آل محمد پر

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَتَحَنَّنْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

جیسے تو سلام بھیجا ابراہیم پر اور مہربان ہو محمد اور آل محمد پر

كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ

جیسے تو مہربان ہوا ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی

صلواۃ نازل فرما محمد اور آل محمد پر جیسے تونے صلواۃ نازل فرمائی ابراہیم پر اور

اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ

آل ابراہیم پر اور رحم فرما محمد وآل محمد پر جیسے تونے رحم فرمایا ابراہیم

وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

اور آل ابراہیم پر اور برکت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے تونے برکت نازل فرمائی

عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بیشک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَّبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

محمد پر جیسے رحمت نازل فرمائی ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے اور برکت دے محمد اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

آل محمد کو جیسے برکت دی ابراہیم کو بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ صلواۃ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر۔ اے اللہ برکت نازل فرما محمد اور آل محمد پر

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

جیسے برکت عطا کی ابراہیم کو بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما محمد پر

وَّبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ

اور برکت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسے رحمت وبرکت نازل فرمائی ابراہیم اور

وَاٰلِ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰتِكَ

آل ابراہیم پر تمام جہانوں میں بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ بنا اپنی صلوات اور

وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ

رحمت اور برکات کو محمد اور آل محمد پر جیسے تونے بنایا انہیں ابراہیم پر

وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰتِكَ وَ

اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ کر اپنی صلوات اور

بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتَمِ

برکات اور رحمت سید المرسلین امام المتقین اور خاتم

النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَیْرِ وَقَآئِدِ الْخَیْرِ وَرَسُوْلِ

النبیین محمد پر جو تیرے عبد خاص اور رسول برحق ہیں۔ خیر کے امام وقائد ہیں اور رسول

الرَّحْمَةِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ
رحمت ہیں اور صلواۃ بھیج محمد اور آل محمد پر جیسے صلواۃ بھیجی ابراہیم اور

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَهْلِ
آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد۔ ان کے اہل

بَيْتِهٖ وَعَلٰى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
بیت اور ازواج و اولاد پر جیسے کہ صلواۃ بھیجی ابراہیم و آل ابراہیم پر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَعَلٰى اَزْوَاجِهٖ
بے شک تو حمید مجید ہے۔ اور برکت نازل فرما محمد پر اور آپ کے اہل بیت اور ازواج پر

وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اور اولاد پر جیسے برکت دی ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک تو حمید مجید ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ
اے اللہ صلواۃ نازل فرما نبی محمد پر اور آپ کی ازواج امہات المومنین پر اور

ذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ
آپ کی اولاد اور اہل بیت پر جیسے پر جیسے صلواۃ نازل فرمائی آل ابراہیم پر بے شک تو حمید

مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ
مجید ہے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما محمد پر جیسے تو نے ہمیں حکم دیا کہ ہم صلواۃ بھیجیں ان پر

وَصَلِّ عَلَيْهِ كَمَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
اور صلواۃ بھیج ان پر جیسی کہ صلواۃ ان کے شایانِ شان ہے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضَاءً وَّلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَّاَعْطِهِ
اور آل محمد پر ایسی صلواۃ جو تیری رضا کا موجب ہو اور ان کے حقوق کی ادائیگی کا سبب ہو اور عطا کر انہیں

الْوَسِيْلَةَ وَالْمَقَامَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ
مقام وسیلہ اور مقام محمود جس کا تو نے وعدہ دیا ہے اور جزا دے انہیں ہماری طرف سے جس کے وہ حقدار ہیں اور جزا دے انہیں

عَنَّا مِنْ اَفْضَلِ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ
ہماری طرف سے افضل ترین جزاء جو تو نے کسی بھی نبی کو اُمّت کی طرف سے دی۔ اور صلواۃ بھیج ان کے تمام بھائیوں یعنی

مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِتَمْجِيْدِكَ
انبیاء و مرسلین پر اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری عظیم تر بزرگی کے وسیلہ

الْاَمْجَدِ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ يَا مَجِيْدُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
سے بے شک تو حمید مجید ہے۔ اے صاحب مجد۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ صُفُوْفِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَتَسْبِيْحِهِمْ وَ
آپ کی آل پر مطابق تعداد صفوف ملائکہ کے اور ان کی تسبیح و

تَقْدِيْسِهِمْ وَتَحْمِيْدِهِمْ وَتَمْجِيْدِهِمْ وَتَكْبِيْرِهِمْ وَتَهْلِيْلِهِمْ
تقدیس اور تحمید و تمجید اور تکبیر و تہلیل کی مقدار کے مطابق

مِّنْ اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰى فَنَآئِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ابتداء خلق سے لے کر فناء دنیا تک۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِى الْتُمِسَتِ الْعُلُوْمُ مِنْ عَوَارِفِ
اور آپ کی آل پر وہ محبوب کہ حاصل کئے گئے ہیں سبھی علوم ان کے علوم کے سمندروں کے

بُحُوْرِ عُلُوْمِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِالْحَرْفِ الْجَامِعِ
عوارف سے۔ اے اللہ ہم توسل کرتے ہیں تیری طرف اس حرف کے ساتھ جو جامع ہے

لِمَعَانِيْ كَمَالِكَ نَسْئَلُكَ اِيَّاكَ اَنْ تُرِيَنَا وَجْهَ نَبِيِّنَا وَتَمْحُوَ مِنَّا
تیرے کمالات کے معانی کو۔ ہم تجھ سے ہی سوال کرتے ہیں کہ ہمیں ہمارے نبی کا چہرۂ انور دکھلائے اور ہم سے محو کرے

وُجُوْدَ ذُنُوْبِنَا بِمُشَاهَدَةِ جَمَالِكَ وَاَنْ تُغَيِّبَنَا فِيْ بِحَارِ اَنْوَارِكَ
ہمارے گناہوں کے نام و نشان کو اپنے مشاہدہ جمال کے ذریعے اور ہمیں غرق کرے اپنے انوار کے سمندروں میں

مَعْصُوْمِيْنَ عَنِ الشَّوَاغِلِ الدُّنْيَوِيَّةِ رَاغِبِيْنَ اِلَيْكَ غَآئِبِيْنَ
درآنحالیکہ ہم محفوظ ہوں دنیوی مشاغل سے رغبت کرنے والے ہوں طرف تیری غائب و مستغرق ہوں

بِكَ يَاهُوَ وَاسْقِنَا مِنْ شَرَابِ مَحَبَّتِكَ وَاغْمِسْنَا فِي بِحَارِ اَحَدِيَّتِكَ

تجھ میں لے ذات محبت اور ہمیں پلا اپنے شراب محبت سے ۔ اور ہمیں غرق فرما دے اپنی احدیت کے سمندروں میں

حَتّٰى نَرْتَعَ فِي بُحْبُوحَةِ حَضْرَتِكَ وَتَقْطَعَ عَنَّا اَوْهَامَ خَلِيقَتِكَ

حتٰی کہ ہم لطف اندوز ہوں (نورانی غذاؤں کے ساتھ) تیرے حریم ناز میں اور قطع کرے ہم سے مخلوق کے اوہام

بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ وَنَوِّرْنَا بِنُوْرِ طَاعَتِكَ وَاهْدِنَا وَلَا تُضِلَّنَا

اپنے فضل اور رحمت سے اور ہمیں منور فرما اپنے نور طاعت کے ساتھ۔ ہمیں ہدایت عطا کر اور گمراہ نہ فرما

وَبَصِّرْنَا بِعُيُوْبِنَا عَنْ عُيُوْبِ غَيْرِنَا بِحُرْمَتِ نَبِيِّنَا وَسَيِّدِنَا

اور ہمیں اپنے عیوب کے ملاحظہ کرنے کی توفیق دے کر دوسروں کے عیوب سے غافل رکھ بحرمت ہمارے نبی اور سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ مَصَابِيْحِ الْوُجُوْدِ وَ

محمد کے ۔ اللہ تعالٰی کی رحمت نازل ہو ان پر اور اس کی سلامتی اور ان کی آل پر جو ہر موجود کے لیے اور

اَهْلِ الشُّهُوْدِ بِشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَشْفِعُ بِهٖ اِلَيْكَ

اہل شہود کے لیے چراغ نور ہیں بطفیل شاہد و مشہود (نبی صلی اللہ علیہ وسلم) کے اے اللہ ہم ان کے ساتھ شفاعت طلب کرتے تیری

اِذْ هُوَ اَوْجَهُ الشُّفَعَاءِ اِلَيْكَ وَنُقْسِمُ بِهٖ عَلَيْكَ اِذْ هُوَ اَعْظَمُ

بارگاہ میں کیونکہ وہ تیرے ہاں سب شفیعوں سے زیادہ آبرومند ہیں اور ہم قسم دیتے ہیں ان کی تجھ پر کیونکہ وہ عظیم تر ہیں

مَنْ اُقْسِمَ بِحَقِّهٖ عَلَيْكَ وَنَتَوَسَّلُ بِهٖ اِلَيْكَ اِذْ هُوَ اَقْرَبُ

ان تمام حضرات سے جن کے حق کا تجھے واسطہ دیا گیا اور ہم ان کے ساتھ تیری بارگاہ میں وسیلہ پکڑتے ہیں کیونکہ وہ وسائل میں سے قریب ترین

الْوَسَائِلِ اِلَيْكَ نَشْكُوْ اِلَيْكَ يَا رَبِّ قَسْوَةَ قُلُوْبِنَا وَكَثْرَةَ

وسیلہ ہیں تیری طرف ۔ ہم تیری بارگاہ میں شکایت کرتے ہیں اے رب اپنے دلوں کی قساوت ۔ گناہوں کی کثرت

ذُنُوْبِنَا وَطُوْلَ اٰمَالِنَا وَفَسَادَ اَعْمَالِنَا وَتَكَاسُلَنَا عَنِ الطَّاعَاتِ

اور لمبی آرزوں اور فاسد اعمال کی اور طاعات میں سستی کی

وَهُجُوْمَنَا عَلَى الْمُخَالَفَاتِ فَنِعْمَ الْمُشْتَكٰى اِلَيْهِ اَنْتَ يَا رَبِّ

اور مخالفتوں پر کمربستہ ہونے کی پس بہت اچھا ہے شکایات پیش کیے جانے کے لائق تو ۔ اے پروردگار

بِكَ نَسْتَنْصِرُ عَلٰى اَعْدَائِنَا وَاَنْفُسِنَا فَانْصُرْنَا وَعَلٰى فَضْلِكَ نَتَوَكَّلُ

تیری ذات سے ہی مدد طلب کرتے ہیں اپنے اعداء اور نفوس پر پس ہماری نصرت فرما ۔ اور تیرے ہی فضل پر توکل کرتے ہیں

فِيْ صَلَاحِنَا فَلَا تَكِلْنَا اِلٰى غَيْرِكَ يَا رَبَّنَا وَاِلٰى جَنَابِ رَسُوْلِكَ نَنْتَسِبُ

اپنی اصلاح میں پس ہمیں دوسروں کے حوالے نہ فرمانا اے ہمارے پروردگار اور تیرے رسول محتشم کی جناب اقدس سے نسبت رکھتے ہیں

فَلَا تُبَعِّدْنَا وَبِبَابِكَ نَقِفُ فَلَا تَطْرُدْنَا وَاِيَّاكَ نَسْئَلُ فَلَا تُخَيِّبْنَا اَللّٰهُمَّ

پس ہمیں دور نہ فرما اور تیرے ہی در پر کھڑے ہیں تو ہمیں دھتکار نہ دینا ۔ اور تجھ سے ہی سوال کرتے ہیں پس ہمیں محروم نہ رکھنا ۔ اے اللہ

اِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِنُوْرِهِ السَّارِيْ فِي الْوُجُوْدِ اَنْ تُحْيِيَ قُلُوْبَنَا

ہم تیری طرف وسیلہ بناتے ہیں ان کے نور کو جو جملہ موجودات میں سرایت کیے ہوئے ہے کہ ہمارے دلوں کو زندہ فرمائے ان کے

بِنُوْرِ حَيَاةِ قَلْبِهِ الْوَاسِعِ لِكُلِّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا وَّهُدًى وَّ

قلب انور کے نور حیات کے ساتھ جو محیط ہے ہر فرد کائنات کو از روئے رحمت وعلم کے اور ہدایت و

بُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ وَاَنْ تَشْرَحَ صُدُوْرَنَا بِنُوْرِ شَرْحِ صَدْرِهِ الْجَامِعِ

بشارت کے اور خصوصاً تمام مسلمین کو ۔ اور کشادہ فرمائے ہمارے سینوں کو بطفیل ان کے شرح صدر کے نور کے جو جامع ہے

مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ وَّضِيَاءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ وَتُطَهِّرَ

(لوح محفوظ) کو جس کی شان یہ ہے انہیں کمی کی ہم نے کتاب (لوح محفوظ) میں کسی شی کی اور جامع ہے از روئے نور ساقی اور تذکرہ کے واسطے متقین

نُفُوْسَنَا بِطَهَارَةِ نَفْسِهِ الزَّكِيَّةِ الْمَرْضِيَّةِ وَتُعَلِّمَنَا بِاَنْوَارِ عُلُوْمِهٖ

کے اور پاک کرے ہمارے نفوس کو آپ کے نفس زکیہ مرضیہ کی طہارت کے طفیل اور سکھلائے ہمیں ان کے انوار علوم کی بدولت (اس شان والے علوم)

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَتُسْرِيَ سَرَائِرَهٗ فِيْنَا

"اور ہر شی کا احاطہ کر دیا ہے ہم نے لوح محفوظ میں" اور جاری و ساری کرے ان کے اسرار کو ہم میں

بِلَوَامِعِ اَنْوَارِكَ حَتّٰى تُفْنِيَنَا عَنَّا فِيْ حَقِّ حَقِيْقَتِهٖ فَيَكُوْنَ هُوَ

اپنے چمکتے انوار کے ساتھ حتی کہ فنا کر دے ہمیں ان کی حقیقت حقہ میں تاکہ ہو جائیں وہی

الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ فِيْنَا بِقَيُّوْمِيَّتِكَ السَّرْمَدِيَّةِ فَنَعِيْشَ بِرُوْحِهٖ عَيْشَ

حی و قیوم ہم میں بطفیل تیری قیومیت سرمدیہ کی مظہریت کے پس ہم (ان کی روح اقدس کے ذریعے پائیں

الْحَيٰوةِ الْاَبَدِيَّةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

حیات ابدیہ صلی اللہ علیہ و آلہ وصحبہ و سلم تسلیما

كَثِيْرًا اٰمِيْنَ ؕ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ عَلَيْنَا يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا

کثیراً آمین ۔ بسبب تیرے فضل ورحمت کے ہم پر اے حنان ، اے منان ۔ اے

رَحْمٰنُ يَا دَيَّانُ اَفِضْ عَلَيْنَا بِتَجَلِّيَاتِ مَنَازِلَاتِكَ فِيْ مِرْاٰةِ

رحمٰن ۔ اے بہت جزاء دینے والے ۔ فیضان فرما ہم پر اپنے منازل کی تجلیات کا اس محبوب کے آئینہ شہود

شُهُوْدِهٖ لِمَنَازِلَاتِ تَجَلِّيَاتِكَ فَنَكُوْنَ فِي الْخُلَفَاۤءِ الرَّاشِدِيْنَ

میں (جو مظہر ہے) تیرے منازل تجلیات کا پس ہم ہو جائیں ازروئے معنی خلفاء راشدین اور

وَوِلَايَةِ الْاَقْرَبِيْنَ يَا رَبَّنَا بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ تَقَبَّلْ مِنَّا الدَّعَوَاتِ

اولیاء اقربین سے اے اللہ بطفیل ان کی عزوجاہ کے جو تیری بارگاہ میں ہے قبول فرما ہماری دعائیں

وَارْفَعْ لَنَا الدَّرَجَاتِ وَاقْضِ عَنَّا التَّبِعَاتِ وَاَسْكِنَّا اَعْلَى الْجَنَّاتِ

اور بلند فرما ہمارے درجات کو اور دور فرما ہم سے عذاب اور ٹھہرا ہمیں بلند جنات میں

وَاَبِحْنَا النَّظَرَ اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ فِيْ حَضَرَاتِ الْمُشَاهَدَاتِ وَ

اور مباح فرما ہمارے لیے اپنی ذات کریمہ کا دیدار مقامات مشاہدہ میں اور

اجْعَلْنَا مَعَهٗ وَمَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيِّيْنَ وَ

بنا ہمیں محبوب کریم کا ساتھی اور جن پر تو نے انعام کیا یعنی انبیاء و

الصِّدِّيْقِيْنَ اَهْلِ الْمُعْجِزَاتِ وَاَرْبَابِ الْكَرَامَاتِ وَهَبْ لِيَ

صدیقین کا ساتھی جو معجزات اور کرامات کے مالک ہیں ۔ اور مجھے عفو

الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ مَعَ اللُّطْفِ فِي الْقَضَاۤءِ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

عافیت عطا فرما بمع لطف و احسان کے قضاء میں آمین اے رب العالمین

اَللّٰهُمَّ اَمِدَّنَا بِمَدَدِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَدُوْمَ لَنَا

اے اللہ ہماری امداد فرما محمد کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کے ساتھ تاکہ ہمیں ہمیشہ کے لیے

الْاِسْتِقَامَةُ وَتَزَايَدَ لَنَا بِكَ الْكَرَامَةُ اَللّٰهُمَّ اَمِدَّنَا بِمَدَدِ اَشْرَفِ

استقامت حاصل ہو اور بڑھ جائے تیری توفیق سے ہماری بزرگی ۔ اے اللہ ہماری امداد فرما ساتھ مدد اس ذات کو جو اشرف ہیں

اَنْبِيَاۤئِكَ وَاَجَلِّ اَصْفِيَاۤئِكَ وَتَاجِ اَوْلِيَاۤئِكَ وَسَيِّدِ اَهْلِ وَفَاۤئِكَ

تیرے تمام انبیاء سے ، جلیل تر ہیں تیرے تمام اصفیاء سے اور تاج ہیں تیرے اولیاء کے اور سردار ہیں اہل وفا کے

الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ الْخَبِيْرِ الْبَصِيْرِ الْقَدِيْرِ اَللّٰهُمَّ

بشیر و نذیر ۔ روشن چراغ ہیں ۔ خبر رکھنے والے ۔ صاحب بصیرت اور صاحب قدرت ہیں ۔ اے اللہ

بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ يَسِّرْ لَنَا عِلْمَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا

بطفیل ان کی عزت وحرمت کے جو تیری بارگاہ میں ہے آسان فرما ہمارے لیے علم حقیقی "لا الٰہ الا اللہ ۔ اشہدان لا الٰہ الا

اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاجْعَلْنَا بِهٖ فِيْ حَضْرَةِ

اللہ و اشہدان محمداً رسول اللہ " کا اور بنا ہمیں اس کے ذریعے مقدس ربانی

الْقُدُسِ الرَّبَّانِيِّ مِمَّنْ تَبِعَهٗ فَاتَّبَعَكَ اَللّٰهُمَّ كَذٰلِكَ فِيْ كُلِّ

بارگاہ میں ان کے تابعین سے تاکہ تیری اتباع تک پہنچ جائیں ۔ اے اللہ ایسے ہی ہر آن جملہ

ذٰلِكَ مَادَامَ لَكَ كُلُّ مَا كَانَ وَكُلُّ مَا يَكُوْنُ اَللّٰهُمَّ بِسِرِّهٖ

معروضات میں جب تک تیرے لیے ہے وہ سب جو ہو چکا اور وہ سب جو ہوگا یعنی ہمیشہ کے لیے ۔ اے اللہ بطفیل ان کے سر حقیقت

لَدَيْكَ اٰمِنْ خَوْفِيْ وَاَقِلْ عَثْرَتِيْ وَاَذْهِبْ حُزْنِيْ وَحِرْصِيْ

کے جو تیرے ہاں ہے میرے خوف کو امن سے بدل اور تبدیل کر میری لغزشیں اور دور فرما میرے غم اور حرص کو

وَكُنْ لِّيْ وَخُذْنِيْ اِلَيْكَ مِنِّيْ وَارْزُقْنِي الْفَنَاۤءَ عَنِّيْ وَلَا تَجْعَلْنِيْ

اور تو میرا ہو جا اور مجھے مجھ سے لے کر اپنا بنا لے اور مجھے اپنے آپ سے فنا ہونے کی توفیق دے اور مجھے اپنے نفس کے

مَفْتُوْنًا بِنَفْسِيْ مَحْجُوْبًا بِحِسِّيْ وَاكْشِفْ لِيْ عَنْ كُلِّ سِرٍّ

ساتھ ابتلاء میں نہ ڈال اور حواس کے ذریعے حجاب میں نہ رکھ اور مجھ پر ہر راز سربستہ کو کشف فرما

مَكْتُوْمٍ مَّكْظُوْمٍ يَا كَاشِفُ اَللّٰهُمَّ بَلِّغْ سَلَامِيْ اِلَيْهِ وَاَوْقِفْنِيْ

اے کشف کرنے والے ۔ اے اللہ میرا سلام نیاز ان تک پہنچا مجھے ان کی بارگاہ میں قیام کی سعادت بخش اور مجھ

بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ مَّدَدِهٖ وَاحْرُسْنِيْ بِعَدَدِهٖ وَانْفُخْ
ہر ان کی مدد کا فیضان فرما اور میری نگہبانی فرما ان کے لشکروں سے اور پھونک

فِيَّ مِنْ رُّوْحِهٖ كَيْ اُحْيٰى بِرُوْحِهٖ وَلِاَشْهَدَ حَقِيْقَتِيْ عَلَى التَّفْصِيْلِ
میرے اندر ان کی روح اقدس تاکہ میں ان کی روح سے زندگی پاؤں اور میں مشاہدہ کروں اپنی حقیقت کا تفصیل کے ساتھ

وَاَعْرِفَ بِذٰلِكَ الْكَثِيْرَ وَالْقَلِيْلَ وَاَرَى الْعَوَالِمَ الْغَيْبِيَّةَ تَتَجَلّٰى
اور جان لوں اس کی بدولت کثیر و قلیل کو اور دیکھ لوں غیب کے جہانوں کو جلوہ فگن ہوتے

بِالصُّوَرِ الرُّوْحَانِيَّةِ عَلٰى اِخْتِلَافِ الْمَظَاهِرِ لِاَجْمَعَ بَيْنَ الْاَوَّلِ وَ
صور روحانیہ کے ساتھ باوجود اختلاف مظاہر کے تاکہ میں جامع ہو جاؤں اوّل و

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ

الَّذِىْ اسْتَحْيَا مِنْ رَّبِّهٖ اَنْ يُّرَاجِعَهٗ وَمَا لَمَسَتْ يَدُهٗ يَدَ امْرَاَةٍ

جس معدن حیاء نے شرم محسوس کی اپنے رب سے کہ (پانچ نمازوں کی تخفیف میں) اس سے رجوع کریں اور مس کیا ان کے

قَطُّ لِلْمُبَايَعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

ہاتھ نے کسی عورت کا ہاتھ بیعت کے لیے کبھی ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ عَلَّمَهُ اللّٰهُ الْاَذَانَ بِهَيْئَتِهٖ وَصُوْرَتِهٖ فِىْ

آل پر کہ جس محبوب کو سکھلائی اللہ تعالیٰ نے آذان مع اپنی ہیئت و صورت کے اپنی

حَضْرَةِ الْوُهِيَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

بارگاہ الوہیت میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ حَازَ كَسْبَ الْكَمَالِ وَعَايَنَ اَنْوَارَ

آل پر کہ جس محبوب نے جمع کیا ہر قابل کسب کمال اپنے اندر اور مشاہدہ فرمائے انوارِ

الْجَلَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

جلال ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ مَلَّكَهُ اللّٰهُ مَفَاتِيْحَ خَزَآئِنِ الْاَكْوَانِ وَصَلّٰى اِمَامًا

پر کہ جس محبوب کو مالک بنا دیا اللہ تعالیٰ نے کائنات کے خزائن کی چابیوں کا ۔ اور جنہوں نے نماز پڑھی بطور امام ہوتے

فِىْ حَضْرَةِ الْمَلِكِ الدَّيَّانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کے اور شہنشاہ جزا دینے والے کی بارگاہ میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ دَحَا اللّٰهُ لَهٗ اَسْتَارَ الْجَلَالِ وَ

اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے لیے پھیلائے اللہ تعالیٰ نے پردے جلال کے اور

سَاقَ اللّٰهُ لَهٗ مِنَ التُّحَفِ مَا لَا يَنَالُهٗ اَحَدٌ وَّلَا نَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پہونچائے انہیں ایسے تحائف کہ جنہیں کوئی نہ پائے گا اور نہ ہی کسی نے پائے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ هَامَ فِىْ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ (محبت مولیٰ میں) سرگردان ہے

اَوْدِيَةِ الْفَنَآءِ وَالْبَقَآءِ وَالْغَيْبَةِ وَالْحُضُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

فناء (فی اللہ) اور بقاء (باللہ) اور غیبت (ذات بحت) اور حضور (وشہود ذات) کی وادیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِى انْغَمَسَ فِىْ بِحَارِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ غوطہ زن ہوئے انوار احدیت کے

اَنْوَارِ الْاَحَدِيَّةِ بِاَسْرَارِ الْاُلُوْهِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

سمندروں میں اسرار الوہیت کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِىْ رَكِبَ مَرْكَبَ الْمُسَابَقَاتِ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو محبوب سوار ہوئے خیرات کی طرف

اِلَى الْخَيْرَاتِ وَقَطَعَ الشَّوَاغِلَ عَلٰۤى اَسْمَآءِ الدَّرَجَاتِ اَللّٰهُمَّ

مسابقتوں کی سواری پر اور قطع فرمایا مشغول ومصروف رکھنے والے اسباب کو عالی درجات سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِىْ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو کہ

رَكِبَ مَرْكَبَ الْاَمَانِ وَالتَّاْمِيْنِ وَرُفِعَ مَقَامُهٗ فِىۤ اَعْلٰى

سوار ہوئے امن پانے اور امن دینے کے مرکب پر اور بلند کیا گیا مقام ان کا اعلیٰ

عِلِّيِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا

علیین میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ ۨالَّذِىْ رَكِبَ مَرْكَبَ التَّقْدِيْمِ وَالْاِقْدَامِ لِمُنَاجَاتِ الْمَلِكِ

جو محبوب سوار ہوئے آگے لے جانے اور آگے بڑھنے والے مرکب پر واسطے ملک علام کی مناجات

الْعَلَّامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨ

وہمکلامی کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِىْ رَكِبَ مَرْكَبَ التَّخْصِيْصِ وَالْعِنَايَةِ وَاقْتَعَدَ سَنَامَ الرُّشْدِ وَ

جو محبوب سوار ہوئے اللہ تعالیٰ کے اختصاص وعنایت کے مرکب پر اور بیٹھے رشد وہدایت کے

الْهِدَايَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا

اعلیٰ مقام پر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ ۨالَّذِىْ رَكِبَ جَنَاحَ التَّاْئِيْدِ وَرَقِىَ مَرَاقِىَ الْعِزِّ وَالتَّاْئِيْدِ اَللّٰهُمَّ

پر جو محبوب سوار ہوئے توفیق خداوندی کے پروں پر اور بلند ہوئے عزت وتائید کی سیڑھیوں پر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِى ارْتَدٰى

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے اوڑھی

رِدَآءَ الْاَمْنِ وَالْعَلَاءِ وَزَادَ رِفْعَةً وَّعُلًا عَلَى الْمَلَكُوْتِ الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ

چادر امن اور برتری کی اور بڑھ گئے ازروئے رفعت وعلو کے ملکوت اعلیٰ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِى اسْتَبْشَرَتْ بِهٖ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی وجہ سے خوش ہو گئے

اَقْطَارُ السَّمٰوٰتِ لَمَّاۤ اُسْرِىَ بِهٖۤ اِلٰۤى اَعْلَى الْمَقَامَاتِ وَاَلْبَسَهُ اللّٰهُ حُلَلَ

آسمانوں کے اطراف واکناف جبکہ انہیں معراج کرایا گیا اعلیٰ مقامات تک اور پہنائے انہیں اللہ تعالیٰ نے پوشاکیں

الْبَهَآءِ وَالْمَحَامِدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا

حسن وخوبی اور تعریف وثناء کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِ ۨالَّذِىْ يَسْتَظِلُّ تَحْتَ لِوَآئِهٖ كُلُّ حَامِدٍ وَّخَلَعَ عَلَيْهِ الْمَلِكُ

آل پر کہ جس محبوب کے لواء الحمد کے نیچے سایہ حاصل کرے گا ہر حمد کرنے والا اور خلعت بخشی انہیں ملک

الْمَعْبُوْدُ خِلَعَ الرِّضٰى وَالْجُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

معبود نے رضاوپسندیدگی اور جودوکرم کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِىْ لَاحَتْ لَهٗ لَوَآئِحُ الْبُرُوْقِ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے لیے ظاہر ہوئیں چمکتی بجلیاں

وَلَوَامِعُ الْاَنْوَارِ وَظَهَرَتْ لَهٗ طَوَالِعُ الْمُشَاهَدَاتِ وَالْاَسْرَارِ

اور روشن انوار اور ظاہر ہوئے ان پر مشاہدات کے آفتاب وماہتاب اور

الشُّرُوْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

دمکتے اسرار ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ كَشَفَ اللّٰهُ لَهٗ عَالَمَ الْمَلَكُوْتِ وَعَايَنَ اَنْوَارَ

پر کہ جس محبوب پر اللہ تعالیٰ نے منکشف فرمایا عالم ملکوت کو اور انہوں نے مشاہدہ کیا انوارِ

الْجَبَرُوْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ

جبروت کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِيْ وُطِئَتْ لَهٗ بُسُطُ الْجَلَالِ وَمُهِّدَتْ لَهٗٓ اَكْنَافُ الْقَبُوْلِ

کہ جس محبوب کے قدموں میں بچھائے گئے جلال و بزرگی کے بچھونے اور پھیلائے گئے ان کے لیے قبولیت

وَالْاِقْبَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور نیک بختی کے پہلو اور آغوشیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ صِيْغَ مِنَ الْجَلَالِ وَرَاٰى سِدْرَةَ الْمُنْتَهٰى وَثَمَرَهَا

آل پر کہ جو محبوب ڈھالے گئے عنصر جلال سے اور دیکھا سدرۃ المنتہیٰ کو اور اس کے پھلوں کو

كَالْقِلَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

مانند مشکوں کے (بڑائی میں)۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِالثُّبَاتِ حِيْنَ رَاٰى عَظَآئِمَ

آل پر کہ جس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی ثابت قدمی جبکہ مشاہدہ فرمایا عظیم ترین

الْمَخْلُوْقَاتِ السَّبْعِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَدُوْنَهُمَا اَللّٰهُمَّ

مخلوقات کا ساتوں آسمانوں اور زمینوں والی کا اور ان کے علاوہ کا ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ وُطِئَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کے قدموں میں بچھائے

لَهٗ بِسَاطُ الرُّبُوْبِيَّةِ بِاِقْدَامِهٖ وَاَحْرَمَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ لِاِحْرَامِهٖ اَللّٰهُمَّ

گئے بچھونے تربیت اور شائستگی کے ان کی آمد پر اور احرام باندھا ملائکہ نے ان کے احرام باندھنے پر ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ خُفِّفَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کے طفیل ہلکا کر دیا گیا

بِهِ الْعَذَابُ عَنِ الْكُفَّارِ حِيْنَ اطَّلَعَ عَلَى النَّارِ وَخُفِّفَ بِهِ الْعَذَابُ

کفار پر سے عذاب جبکہ انہوں نے مشاہدہ فرمایا آتش دوزخ کا اور ہلکا کر دیا گیا ان کی بدولت

الْوَاصِبُ عَنْ عَمِّهٖ اَبِيْ طَالِبٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

دائمی عذاب ان کے چچے ابوطالب سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ خُفِّفَ بِهِ الْعَذَابُ عَنْ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے طفیل کم کر دیا گیا عذاب

اَبِيْ لَهَبٍ لِّعِتْقِهِ الْوَلِيْدَةَ الَّتِيْ بَشَّرَتْهُ بِوِلَادَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ابولہب سے بسبب اس کے آزاد کرنے کے اس لونڈی کو جس نے اسے آپ کی ولادت کی بشارت دی تھی ۔ اے اللہ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ سَاَلَهُ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب سے مطالبہ کیا

الْبُرَاقُ اَنْ يَّشْفَعَ فِيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

براق نے کہ اس کے لیے شفاعت فرماویں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ مَا مَرَّ عَلٰى نَبِيٍّ وَّلَا مَلَكٍ اِلَّا رَحَّبَ

اور آپ کی آل پر کہ جو محبوب نہ گزرے کسی بھی نبی اور فرشتہ پر مگر سب نے

بِهٖ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

آپ کو مرحبا کہا اور سلام پیش کیا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ لَمْ تَكُنْ فِي السَّمٰوٰتِ عَجِيْبَةٌ اِلَّا اطَّلَعَ عَلَيْهَا

آل پر کہ نہیں تھی آسمانوں میں کوئی عجیب شئی مگر آپ اس پر مطلع ہوئے اور

وَلَمْ تَكُنْ فِي السَّمٰوٰتِ مِنْحَةٌ غَرِيْبَةٌ اِلَّا وَصَلَ اِلَيْهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

نہیں تھا کوئی انوکھا عطیہ مگر آپ اس تک پہنچے اور اسے حاصل کیا ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمَعْنِيِّ بِقَوْلِهٖ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو کہ مراد ہیں اللہ تعالےٰ کے

تَعَالٰى مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝ وَلَقَدْ

اس قول سے "نہیں جھٹلایا دل نے جو انہوں نے دیکھا کیا تم ان کے ساتھ جھگڑتے ہو اس پر جو وہ دیکھتے ہیں اور البتہ

رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ قُلُوْبَنَا مَعْمُوْرَةً بِالْبَيْتِ

دیکھا انہوں نے اسے دوسری دفعہ اُترتے ہوئے۔ اے اللہ ہمارے دلوں کو آباد فرما بطفیل بیت معمور

الْمَعْمُوْرِ بِمَعَارِفِهِ الْعِلْمِيَّةِ وَاَرْوَاحَنَا مُنَوَّرَةً بِاَنْوَارِهِ السَّنِيَّةِ

کے ساتھ اپنے محبوب کے علمی معارف کے اور ہمارے ارواح کو منور فرما ان کے عالی شان انوار کے ساتھ

وَعُقُوْلَنَا تَابِعَةً لِّمَامُوْرَاتِهٖ وَنُفُوْسَنَا مَحْجُوْرَةً بِمَنْهِيَّاتِهٖ

اور ہمارے عقول کو آپ کے فرمودات کے تابع بنا اور ہمارے نفوس کو آپ کے منہیات کے ذریعے مجبور ٹھہرا اور

وَاَبْدَانَنَا مُنْقَادَةً لِّعَظِيْمِ ذٰلِكَ الْهُدٰى مَا اَحْيَيْتَنَا اَبَدًا اَللّٰهُمَّ

ہمارے بدنوں کو فرمانبردار بنا آپ کی اس عظیم ہدایت کا جب تک کہ ہمیں زندہ رکھے۔ اے اللہ

اجْعَلْ حَيَاتَنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَمَوْتَنَا عَلٰى مَوَدَّتِهٖ وَاجْعَلْهُ مُجِيْبًا لَّنَا

بنا ہماری زندگی آپ کی سنّت کے مطابق اور ہماری وفات آپ کے وصال کے موافق اور بنا آپ کو ہماری التجاؤں کو قبول

فِى الْبَرْزَخِ عِنْدَ السُّؤَالِ وَشَفِيْعًا لَّنَا عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ

فرمانے والے برزخ میں سوال کے وقت اور ہماری شفاعت فرمانے والے تیرے ہاں قیامت کے دن عذاب الیم

النَّكَالِ وَعَظِيْمِ الْاَهْوَالِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا مُجِيْرًا مِّنْ عَذَابِكَ

اور عظیم ہولناکیوں سے۔ اے اللہ بنا انہیں ہمارے لیے پناہ دینے والے تیرے

وَعِقَابِكَ وَاجْعَلْهُ لَنَا جَارًا فِىْ دَارِ ثَوَابِكَ مِنْ غَيْرِ عَذَابٍ وَّ

عذاب اور عقاب سے اور بنا آپ کو ہمارا پڑوسی اپنے دار ثواب میں بغیر کسی عذاب اور

امْتِحَانٍ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا مُغِيْثُ يَا قَابِلَ التَّوْبِ اَللّٰهُمَّ

امتحان کے اے مہربان۔ اے محسن۔ اے فریاد رس۔ اے توبہ قبول کرنے والے۔ اے اللہ

مَتِّعْنَا بِشُهُوْدِ طَلْعَتِهٖ فِى الدَّارَيْنِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا اَنِيْسًا فِى

ہمیں نفع اندوز فرما ان کے چہرۂ زیبا کی زیارت کے ساتھ دارین میں۔ اے اللہ انہیں بنا ہمارے لیے مونس

الْكَوْنَيْنِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا عِنْدَهٗ مِنْ اَهْلِ الْعِنَايَةِ فِى الْبِدَايَةِ وَ

دونوں جہانوں میں۔ اے اللہ ہمیں بنا ان کے ہاں عنایت کے لائق ابتداء اور انتہاء

النِّهَايَةِ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ وَاَتَوَسَّلُ بِهٖ اِلَيْكَ يَا اِلٰهِىْ فِى

میں آمین یارب العالمین اور میں ان کے ساتھ توسل کرتا ہوں اے میرے الٰہ

الْبُعْدِ عَنْ كُلِّ لَاهٍ وَّاَسْئَلُكَ الْقُرْبَ اِلَيْكَ وَالْاِعْتِمَادَ عَلَيْكَ

دور رہنے میں ہر اس شئے سے جو لہو ولعب میں ڈالنے والی ہے۔ اور سوال کرتا ہوں قرب کا طرف تیرے اور اعتماد کا اوپر تیرے

اِلٰهِىْ بَسَطْتُ اِلَيْكَ يَدَ الْفَاقَةِ وَالْاِفْتِقَارِ وَجِئْتُ بِحَالَةِ الذُّلِّ

اے اللہ میں نے پھیلایا ہے تیری بارگاہ میں ہاتھ فاقہ اور افتقار کا اور میں حاضر ہوا ہوں عجز وانکساری کی حالت کیساتھ

وَالْاِنْكِسَارِ وَقَدْ وَقَفْتُ بِالْبَابِ وَتَوَسَّلْتُ بِالْاَحْبَابِ فَاَجِبْ

اور کھڑا ہوں تیرے در پر اور وسیلہ بنایا ہے تیرے احباب کو پس قبول فرما

سُؤَالِىْ وَلَا تُخَيِّبْ اٰمَالِىْ اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا بِفَضْلِكَ لَهٗ مِنَ التَّابِعِيْنَ

میرا سوال اور نہ رسوا فرما میری آرزوؤں کو۔ اے اللہ بنا دے ہمیں اپنے فضل سے ان کے تابعدار

وَاِلٰى سُنَّتِهٖ وَطَرِيْقَتِهٖ مِنَ الْمُقْتَفِيْنَ وَعَلٰى حَوْضِهٖ مِنَ الْوَارِدِيْنَ

اور ان کی سنّت اور طریقہ پر چلنے والے اور ان کے حوض کوثر پر وارد ہونے والوں سے

وَاِلٰى قَدَمِهٖ مِنَ الْوَاصِلِيْنَ وَبِحُبِّكَ وَحُبِّهٖ مِنَ الْمَشْغُوْلِيْنَ

اور ان کے قدموں تک پہنچنے والوں سے بنا۔ اور اپنی محبت اور اپنے محبوب کی محبت میں مشغول ہونے والوں سے بنا

وَاِلٰى طَلَبِكَ قَاصِدِيْنَ وَفِيْمَا عِنْدَكَ رَاغِبِيْنَ وَاِلَيْكَ مُتَوَجِّهِيْنَ

اور اپنی طلب کا قصد وعزم رکھنے والوں سے اور اپنے ہاں موجود انعامات میں رغبت رکھنے والوں سے اور اپنی طرف متوجہ فرما

وَعَلٰى مَا يُرْضِيْكَ مُقِيْمِيْنَ وَعَمَّنْ لَّا يُرْضِيْكَ مُنْقَطِعِيْنَ وَ

اور جو امر تجھے راضی کرے اس پر قائم رہنے والوں سے بنا اور جو تجھے راضی نہ کرے اس سے منقطع ہونے والوں سے بنا اور

بِكَ مُتَوَلِّعِيْنَ وَفِيْ كُلِّ شَيْءٍ لَّكَ شَاهِدِيْنَ وَبِمَآ اَعْطَيْتَنَا
اپنی ذات کا شوق وافر رکھنے والوں سے اور ہر شئی میں اپنی ذات کا مشاہدہ کرنے والوں سے بنا اور جو تو نے عطا کیا اس پر

رَاضِيْنَ وَفِيْ جَمَالِكَ مُسْتَغْرِقِيْنَ وَفِيْ كَمَالِكَ مُسْتَهْلِكِيْنَ
راضی ہونے والوں سے اپنے جمال میں مستغرق ہونے والوں سے اور اپنے کمال میں فانی ہونے والوں سے

وَبِجَمَالِكَ عَارِفِيْنَ وَبِكُلِّ نَاطِقٍ لَّكَ سَامِعِيْنَ وَبِكُلِّ مُبْصِرٍ
اور اپنے جمال کا عرفان رکھنے والوں سے بنا اور اپنی گفتگو کرنے والوں کا سامع بنا اور اپنی ذات کی بصیرت رکھنے والوں کا

لَّكَ مُبْصِرِيْنَ وَاجْعَلْنَا اللّٰهُمَّ مِمَّنْ وَّسِعَكَ وَفِيْ كُلِّ مَظْهَرٍ
دیدار کرنے والا بنا اور بنا ہمیں اے اللہ ان مقبولان بارگاہ سے جو تیری گنجائش رکھتے ہیں اور تیرے ہر مظہر کی

لَّكَ فَلَمْ يُنْكِرْكَ فِيْ شَيْءٍ صَدَرَ عَنْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَظْهَرِ
پس نہیں انکار کیا انہوں نے تیرا کسی بھی ایسی شئی میں جو تجھ سے صادر ہوئی۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

رِضَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى قُرَّةِ عَيْنِ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ
رب العالمین کی رضا کے مظہر اتم پر اور صلوٰۃ نازل فرما اپنے نیک بندوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک پر

وَتَقَبَّلْنَا بِجَاهِهٖ اٰمِيْنَ ۞ وَاَسْئَلُكَ بِهٖ مِنَ الرَّفِيْقِ اَحْسَنَهٗ وَ
اور ہمیں قبول فرما بطفیل ان کی عزت و حرمت کے آمین اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ان کے طفیل خوبترین رفیق کا اور

مِنَ الطَّرِيْقِ اَسْهَلَهٗ وَمِنَ الْعِلْمِ اَنْفَعَهٗ وَمِنَ الْعَمَلِ اَصْلَحَهٗ
آسان تر راستہ کا۔ اور نافع ترین علم کا اور موزوں ترین عمل کا اور کشادہ ترین

وَمِنَ الْمَكَانِ اَفْسَحَهٗ وَمِنَ الْعَيْشِ اَرْغَدَهٗ وَمِنَ الرِّزْقِ
مکان کا اور خوشگوار ترین گزران کا اور پاکیزہ ترین اور وسیع ترین رزق کا

اَطْيَبَهٗ وَاَوْسَعَهٗ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُدْخِلَنَا مِنْ بَابِهٖ يَا وَاحِدُ
اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ ہمیں داخل کرے ان کے دروازہ سے اے واحد

يَآ اَحَدُ اِلٰى حَضْرَةِ الْهِدَايَةِ وَالْاِهْتِدَآءِ يَا مَهْدِيُّ وَاَنْ تُدْخِلَنَا
اے احد طرف بارگاہ ہدایت و اہتداء کے اے ہدایت دینے والے اور داخل فرمائے ہمیں

مِنْ بَابِهٖ اِلٰى حَضْرَتِكَ يَا سَامِعَ السِّرِّ وَالنَّجْوٰى وَاَنْ تُدْخِلَنَا
ان کے دروازہ سے اپنی بارگاہ کی طرف اے سننے والے مخفی اور آشکار کے اور شرف باریابی بخشے

مِنْ بَابِهٖ اِلٰى حَضْرَتِكَ يَآ اَحْكَمَ الْحَاكِمِيْنَ وَاَنْ تُدْخِلَنَا مِنْ
انہیں والے دروازہ سے اپنی بارگاہ خاص میں اے احکم الحاکمین اور شرف باریابی بخشے انہیں والے

بَابِهٖ اِلٰى حَضْرَةِ الْعِيَانِ وَالْكِفَاحِ وَاسْقِنَا مِنْ يَّدِهٖ شَرْبَةً
باب رحمت سے طرف بارگاہ شہود اور عیان کے اور پلائے ہمیں ان کے دست کرم سے خوشگوار

هَنِيْٓئًا لَّا نَظْمَأُ بَعْدَهَا اَبَدًا وَّاَدْخِلْنَا مِنْ بَابِهٖ اِلٰى حَضْرَتِكَ
شربت کہ جس کے بعد ہم کبھی پیاسے نہ ہوں اور حاضری کا شرف بخش ہمیں انہیں والے دروازہ سے اپنی بارگاہ کی طرف

بِمَنِّكَ وَكَرَمِكَ يَا مَنَّانُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اپنے احسان اور کرم کے ساتھ اے احسان فرمانے والے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ رَاٰى رَبَّهٗ رُءْيَا عَيْنٍ بِلَا حَدٍّ وَّلَآ اَيْنٍ
آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھا اپنے رب تعالیٰ کو چشم سر کے ساتھ بلا جہت و حد اور بغیر مکان کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ

الَّذِيْ رَاٰى رَبَّهٗ وَهُوَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْٓ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ وَّاَرَاهُ
جس محبوب نے دیکھا اپنے رب تبارک و تعالیٰ کو جبکہ وہ محبوب علیہ السلام بہت حسین صورت میں تھے اور

بُغْيَتَهٗ وَسُرُوْرَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
اللہ تعالیٰ نے دکھلایا انہیں ان کا مقصد اور سرور۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ رَاٰى جِبْرِيْلَ وَلَهٗ سِتُّمِائَةِ جَنَاحٍ فِيْ صُوْرَتِهٖ
کہ جنہوں نے دیکھا جبرئیل علیہ السلام کو ساتھ قوت انسانیہ بشریہ کے جبکہ اس کے چھ سو پر تھے اس کی

الرُّوْحَانِيَّةِ بِالْقُوَّةِ الْاِنْسَانِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صورت روحانیہ نورانیہ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَاٰی مَلَکَ الْمَوْتِ قَبْلَ الْحُضُوْرِ

اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھا ملک الموت علیہ السلام کو حالتِ احتضار سے قبل

وَرَاٰی اِسْرَافِیْلَ مُلْتَقِمًا بِفِیْهِ الصُّوْرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور دیکھا اسرافیل علیہ السلام کو منہ میں لیے ہوئے صور کو۔ اے اللہ (صلوٰۃ) اور سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَاٰی مَلَکَ الْحِجَابِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھا حجاب عظمت والے فرشتے کو

عَلٰی عُلُوِّ مَنَازِلِهٖ وَرَاٰی مِیْکَآئِیْلَ وَالْعَرْشُ عَلٰی كَاهِلِهٖ اَللّٰهُمَّ

باوجود اس کے علو منازل کے اور دیکھا میکائیل علیہ السلام کو درآنحالیکہ عرش خداوند تعالیٰ ان کے کندھے پر تھا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے

رَاٰی الْخَزَنَةَ وَالزَّبَانِیَةَ وَرَاٰی حَمَلَةَ الْعَرْشِ الثَّمَانِیَةَ اَللّٰهُمَّ

دیکھا جنت کے نگرانوں اور دوزخ کے موکل ملائکہ کو اور عرش کے حامل آٹھ فرشتوں کو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَاٰی

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھا

الْحَوْضَ الْكَوْثَرَ وَرَاٰی فِی الْجَنَّةِ مَالَا عَیْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ

حوض کوثر کو اور دیکھا جنت میں جو کسی آنکھ نے نہ دیکھا اور نہ کسی کان نے

سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

سنا اور نہ کھٹکا کسی بشر کے دل پر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَاٰی النِّیْلَ وَالْفُرَاتَ

محمد پر اور ان کی آل اطہار پر کہ جس محبوب نے دیکھا نیل اور فرات

یَجْرِیَانِ فَوْقَ السَّمٰوٰتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کو بہتے ہوئے آسمانوں سے اوپر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَاَی الْبَحْرَ الْمَسْجُوْرَ وَرَاَی الْحِجَابَ

آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھا جوش دلائے ہوئے سمندر کو اور مشاہدہ کیا حجاب

الْاَعْظَمَ وَالنُّوْرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اعظم اور نور کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَاٰی بَحْرَ الْحَیٰوةِ وَرَاٰی مَوْقِتَ السَّمٰوٰتِ

پر کہ جس محبوب مکرم نے دیکھا بحر حیواۃ کو اور مشاہدہ فرمایا آسمانوں کی مقدار کا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہوں نے

رَاَی النَّارَ یَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا وَّرَاٰی اَهْلَ النَّارِ وَتَفَاوُتَهُمْ

دیکھا آتش دوزخ کو کہ توڑتی اور مغلوب کرتی تھی اس کی بعض بعض کو اور دیکھا اہل نار کو اور عذاب میں

فِی الْعَذَابِ اَیْضًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

ان کے باہم فرق کو بھی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَاٰی عَجَآئِبَ الْغَرَآئِبِ وَغَرَآئِبَ

کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھا انوکھی اشیاء کے عجائب کو اور عجائبات قدرت کے

الْعَجَآئِبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

انوکھے مناظر کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَاٰی عَمْرَو ابْنَ لُحَیٍّ یَجُرُّ قُصْبَهٗ فِی النَّارِ وَهُوَ

جس محبوب نے دیکھا عمرو بن لحی کو اپنی انتڑیاں آتش دوزخ میں گھسیٹتے ہوئے اور وہ

اَوَّلُ مَنْ سَیَّبَ السَّوَآئِبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پہلا شخص تھا کہ جس نے بتوں کے لیے اونٹنیوں کو آزاد کیا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَاٰی اِبْلِیْسَ اللَّعِیْنَ وَقَدْ جَآئَهٗ

اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھا ابلیس لعین کو جبکہ وہ آپ کے پاس آکر

يَسْأَلُهُ عَنْ عُلُوْمِ الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
سوال کرتا تھا علوم دین کے متعلق ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى عِفْرِيْتًا وَّفِىْ يَدِهٖ شُعْلَةٌ مِّنَ النَّارِ
اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا نے دیکھا سرکش جن کو ڈرا تا لیکر اس کے ہاتھ میں آگ کا شعلہ تھا

فَعَصَمَهُ مِنْهُ الْجَبَّارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
پس محفوظ رکھا آپ کو اس سے جبار تعالیٰ نے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى مَنَازِلَ اَصْحَابِهٖ فِى الْجَنَّةِ وَاَخْبَرَ بِمَا
کی آل پر کہ جس آقا نے ملاحظہ فرمائیں اپنے صحابہ کی منزلیں جنت میں اور خبر دی اس کی جو

يُصِيْبُ كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ مِّنَ الْبَلَاۤءِ وَالْمِحْنَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
پہنچے گی ان میں سے ہر ایک کو آزمائش اور امتحان ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى مَنْ حَارَبَهُ مِنَ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا نے دیکھا اپنے ساتھ جنگ کرنے والے

الْكُفَّارِ يُسْحَبُ عَلٰى وَجْهِهٖ فِى النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
کفار کو کہ گھسیٹے جاتے ہیں اپنے مونھوں کے بل آگ میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى الْمَرَدَةَ وَالشَّيَاطِيْنَ فِى
محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا نے دیکھا سرکش جنوں اور شیطانوں کو

الْاَصْفَادِ مُقَرَّنِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
قیود میں جکڑے ہوئے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى صَاحِبَةَ الْهِرَّةِ تُعَذَّبُ فِى النَّارِ عَلَى
آل پر کہ جس آقا نے دیکھا بلی والی عورت کو عذاب دیئے جاتے ہمیشہ کے لیے آتش دوزخ میں

الدَّوَامِ لِحَبْسِهَا اِيَّاهَا عَنِ الشَّرَابِ وَالطَّعَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
بسبب اس کو بند رکھنے کے پینے اور کھانے سے (حتیٰ کہ پیاسی بھوکی مرگئی) ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى مَسْجِدَ الضِّرَارِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا نے دیکھا مسجد ضرار کو

وَمُصَارِعَهُ حِيْنَ انْهِيَارِهٖ اِلَى الْاَرْضِ السَّابِعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور اس کے گرانے والے کو وقت اس کے گرانے کے ساتویں زمین تک ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى مُحَاسَبَةَ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا نے دیکھا رب تعالےٰ کے محاسبہ

الرَّبِّ لِبَعْضِ الْعَبِيْدِ قَبْلَ يَوْمِ الْوَعِيْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
و مواخذہ کو بعض بندوں سے متعلق پہلے قیام قیامت سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى فِى الْجَنَّةِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا نے دیکھا جنت میں

الرُّمَيْصَاۤءَ اِلٰى جَانِبِ قَصْرٍ تَتَوَضَّاُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
رمیضا (زوجۂ ابی طلحہ) کو ایک محل کی جانب میں روشنی پھیلاتے (اپنے انوار سے) اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى الْوِلْدَانَ وَالْحُوْرَ فِى
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا نے دیکھا ولدان کو اور حوروں کو

الْغُرُفَاتِ وَالْقُصُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
جنت کے بالاخانوں اور محلات میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى فِى الْجَنَّةِ بِلَا ارْتِيَابٍ جَارِيَةً
آپ کی آل پر کہ جس آقا نے دیکھا بلا ریب و تردد جنت میں

لِّعُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی جنتی بیوی کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَاٰى الْمَلٰۤئِكَةَ تُظِلُّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ جُبَيْرٍ
آپ کی آل پر کہ جس آقا نے مشاہدہ فرمایا ملائکہ کو سایہ کرتے ہوئے حضرت عبداللہ بن جبیرؓ پر

وَّهُوَ قَتِيْلٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
جبکہ وہ شہید ہو چکے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ رَاٰی مَلَكًا مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ الْجَبَّارِ نِصْفُهٗ مِنْ ثَلْجٍ وَّ
پر کہ جس آقا نے مشاہدہ فرمایا ایک فرشتہ کو اللہ جبار کے ملائکہ سے کہ جس کا نصف برف سے تھا
نِصْفُهٗ مِنْ نَّارٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اور نصف نار سے تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ رَاٰی الْمَلَكَ بِحِرَآءَ فَعَلَّمَهٗ اِقْرَاْ وَلَمْ يَكُنْ
محمد کی آل پر کہ جس آقا نے دیکھا فرشتہ جبریل کو غار حرا میں پس اس نے پڑھائی آپ کو اقرا والی آیات حالانکہ
يَّقْرَاُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ
آپ پہلے نہیں پڑھتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ
الَّذِیْ رَاٰی الْمَلٰٓئِكَةَ يَوْمَ بَدْرٍ تَسِيْرُ وَتُغِيْرُ وَرَاٰی مَلَكًا يَّحْمِلُ
جس آقا نے دیکھا ملائکہ کو بدر کے دن چلتے ہوئے اور حملہ آور ہوتے اور دیکھا ایک فرشتے کو پرچم اٹھائے
الرَّاٰيَةَ عَلٰى صُوْرَةِ مُصْعَبِ ابْنِ عُمَيْرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
جو حضرت مصعب بن عمیر کی صورت پر تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ رَاٰی اُمَّهٗ حِيْنَ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھا اپنی والدہ ماجدہ کو جبکہ
حَمَلَتْ بِهٖ عَلَى التَّمَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وہ حاملہ ہوئیں ساتھ آپ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ رَاٰی خُرُوْجَ النُّوْرِ مِنْ اُمِّهٖ حَتّٰى
اور آپ کی آل پر کہ جس آقا نے دیکھا ظہور نور کا اپنی والدہ ماجدہ سے یہاں تک کہ
اَضَآءَ لَهَا قُصُوْرُ الشَّامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
روشن ہو گئے ان کے لیے محلات شام کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ رَاٰی بَيْنَ عَيْنَیْ اِسْرَافِيْلَ كُلَّ شَیْءٍ
آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے مشاہدہ کیا اسرافیل علیہ السلام کی آنکھوں کے درمیان ہر شے کا
اُنْزِلَ عَلَيْهِ قَبْلَ التَّنْزِيْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جو نازل کی گئی آپ پر اس کے نازل کیے جانے سے قبل۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ رَاٰی دَوَاوِيْنَ اُمَّتِهٖ مَكْتُوْبًا وَّرَاٰی
اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھے اپنی امت کے دیوان لکھے ہوئے اور دیکھے
مَوَازِيْنَ اُمَّتِهٖ مَنْصُوْبًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
میزان اپنی امت کے نصب کیے ہوئے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ رَاٰی اِسْتِغْفَارَ اُمَّتِهٖ اَبْيَضَ مِنَ
اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جنہوں نے دیکھا اپنی امت کی استغفار کو (مثالی صورت میں) سفید کاغذ سے
الْقِرْطَاسِ وَرَاٰی ذُنُوْبَ اُمَّتِهٖ اَسْوَدَ مِنَ الْغِطَاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
بھی زیادہ سفید اور دیکھا امت کے گناہوں کو (مثالی صورت میں) جو کہ شب تاریک سے بھی زیادہ سیاہ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ رَاٰی
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھ لیا
سَوَادَ الْاُمَمِ قَبْلَ خُرُوْجِهِمْ مِّنَ الْعَدَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
امتوں کے مجمع کو ان کے عدم سے وجود میں آنے سے قبل۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ رَاٰی دَارَ هِجْرَتِهٖ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھا (خواب میں) اپنے دار ہجرت کو
بِالتَّعْيِيْنِ ذَاتَ نَخْلٍ بَيْنَ اللَّابَتَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
معین طور پر جو کہ ایک نخلستان ہے جو دو سنگستانوں کے درمیان ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ رَاٰی مُوْسٰى عَلٰى
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دیکھا موسیٰ علیہ السلام کو اپنی

نَاقَتِهِ الْحَمْرَآءِ يُلَبِّيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

سرخ اونٹنی پر تلبیۂ حج کہتے ہوئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ رَاَى الْاَنْبِيَآءَ يَطُوْفُوْنَ بِالْبَيْتِ وَرَاٰى

آل پر جس محبوب نے دیکھا (نور نبوت سے) انبیاء علیہم السلام کو بیت اللہ کا طواف کرتے اور دیکھا

الْاَعْوَرَ الدَّجَّالَ وَكَانَ عَيْنُهٗ عِنَبَةً طَافِيَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کانے دجال کو جبکہ اس کی ایک آنکھ پانی میں تیرتے انگور کی مانند تھی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَانَ يَرٰى مِنْ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ دیکھتے تھے

اَعْلَى الْمَلَكُوْتِ اِلٰى ظَهْرِ الْحُوْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ملکوت اعلیٰ سے لیکر زیر زمین مچھلی کی پشت تک (کی ہر شئ) کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي انْتَهٰى اِلٰى قَابَ قَوْسَيْنِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو پہنچے قاب قوسین

اَوْ اَدْنٰى وَاَرَيْتَهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى وَاَنَلْتَهُ الْغَايَةَ الْقُصْوٰى وَ

او ادنیٰ کے قرب تک اور دکھلائی تو نے انہیں بہت بڑی آیت و نشانی اور عطا کی انہیں انتہائی رفعت و بلندی

اَكْرَمْتَهٗ بِالْمُخَاطَبَةِ وَالْمُرَاقَبَةِ وَالْمُشَافَهَةِ وَالْمُشَاهَدَةِ وَ

اور عزت دی انہیں ہمکلامی اور نگہداشت۔ روبرو ہونے اور مشاہدہ کرنے اور

الْمُعَايَنَةِ بِالْبَصَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

چشم سر کے ساتھ دیدار کرنے کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَرٰى وَنَجْمُ نُبُوَّتِهٖ عَلٰى مِنْهَاجِ شَرِيْعَتِهٖ

کی آل پر جو معراج کے لیے چلے جبکہ ان کی نبوت کا ستارہ ان کی شریعت کی شاہراہ پر تھا

وَبَدْرُ اِشْرَاقِهٖ عَلٰى مَتْنِ بُرَاقِهٖ وَكَوْكَبُ سُعُوْدِهٖ عَلٰى مِعْرَاجِ

ان کے نور و ضیاء کا بدر کامل براق کی پشت پر تھا اور ان کی سعادت مندی کا ستارہ بلندی کے

صُعُوْدِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

معراج پر تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَرٰى وَسِرَاجُهُ الْوَهَّاجُ عَلٰى دَرَجَاتِ الْمِعْرَاجِ

پر جو معراج کے لیے چلے جبکہ ان کا روشن چراغ معراج کے بلند درجات پر تھا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

صَاحِبِ الْعُرُوْجِ وَالْمِعْرَاجِ الْجَسَدِيِّ الْيَقْظِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو محبوب کہ بلندیوں پر فائز اور جسمانی اور حالت بیداری کے معراج والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْقُرْبَةِ مِنَ

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ معراج سے بھی زیادہ قربت

الْمِعْرَاجِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَرٰى بِتَاجِ بَهَآئِهٖ عَلٰى عَرْشِ الْجَلَالِ وَ اَرْجَآئِهٖ

آل پر کہ جنہوں نے معراج کیا اپنے حسن و بہار کا تاج پہنے عرش جلال پر اور اس کے کناروں پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِيْ سَرٰى مَرْكَبُ مُنَاجَاتِهٖ عَلٰى مَرَاقِي الْعِزِّ وَغَايَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ

کہ چلا شب اسراء ان کی مناجات و ہمکلامی کا مرکب عزت کے بلند مقامات اور اس کی غایات پر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ

سَرٰى قَمَرُ سَمَآئِهٖ عَلٰى رَفْرَفِ الْعُلٰى وَبَهَآئِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

چلا شب اسراء ان کی رفعت کا ماہتاب بلندی اور حسن و خوبی کے رفرف پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْبُرَاقُ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہوں نے سیر فرمائی جبکہ براق

یَحْمِلُهٗ وَالْمَلٰٓئِكَةُ تُبَرِّءُهٗ وَتُبَجِّلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

انہیں اٹھائے ہوئے تھا اور ملائکہ ان کی برأت وطہارت بیان کرتے تھے اور تعظیم کرتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی جَمَالُ مُحَیَّاهُ اِلٰی

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ معراج فرمائی جن کے جمیل چہرہ نے

بِسَاطِ حَضْرَةِ مَوْلَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

بارگاہ مولیٰ کی بساط تک۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْاَكْوَانُ تَحْرُسُهٗ وَرُؤَسَاءُ

آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے معراج فرمایا جبکہ سبھی جہان آپ کی حفاظت کر رہے تھے

الرُّوْحَانِیِّیْنَ تَكْنُفُهٗ وَتُؤْنِسُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور روحانیوں کے رؤساء آپ کے گرد گھیرا ڈالے تھے اور انس مہیا کرتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَلِوَاءُ الْفَخْرِ عَلٰی

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہوں نے معراج فرمایا محل قرب اور انس تک جبکہ فخر کا پرچم

رَاْسِهٖ اِلٰی مَحَلِّ قُرْبِهٖ وَاُنْسِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

آپ کے سرناز پر لہراتا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَطِرَازُ النُّوْرِ عَلٰی

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے معراج فرمایا جبکہ نور کا سہرا ان کی

جَبِیْنِهٖ وَجِبْرِیْلُ اٰخِذٌ بِیَمِیْنِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

جبین اقدس پر سجا تھا اور جبرئیل امین ان کا دایاں ہاتھ تھامے ہوئے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَتَاجُ الْجَمَالِ عَلٰی

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو معراج پر چلے تو تاج جمال ان کے

فَرْقِهٖ وَالدُّرَرُ یَتَسَاقَطُ مِنْ مَّنْطِقِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

سرناز پر سجا تھا اور موتی جھڑتے تھے ان کے بولنے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَكَتَائِبُ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو معراج پر چلے جبکہ نصرت کے

النَّصْرِ تَحُفُّ بِمَسْرَاهُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ تَتَشَوَّقُ لِلُقْیَاهُ وَمَرْاٰهُ اَللّٰهُمَّ

لشکر ان کے مقام سیر کو اپنے گھیرے میں لیے ہوئے تھے اور ملائکہ ان کی ملاقات اور دیدار کے بہت شائق تھے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو معراج

سَرٰی وَرَوْنَقُ الرِّسَالَةِ فِیْ وَجْهِهٖ لَائِحٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

پر چلے تو رسالت کی رونق و بہار ان کے چہرہ انور سے نمایاں تھی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَخَاتَمُ النُّبُوَّةِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو محبوب معراج پر چلے تو مہر نبوت

بَیْنَ كَتِفَیْهِ وَاضِحٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

ان کے کندھوں کے درمیان چمکتی تھی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْاَنْبِیَاءُ فِی السَّمَاءِ تُسَایِرُهٗ وَ

آپ کی آل پر کہ وہ محبوب معراج پر چلے تو انبیاء علیہم السلام آسمانوں میں ان کے ساتھ چلتے تھے

الْمَلٰٓئِكَةُ جُنُوْدُهٗ وَعَسَاكِرُهٗ اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَمِ وَرَبَّ

اور ان کے لشکری و سپاہی تھے۔ اے اللہ۔ اے رب حِل و حرم اور رب

الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ

مشعر حرام کے۔ رب بیت حرام کے۔ رب حجر اسود اور رب مقام ابراہیم کے

اَبْلِغْ لِسَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مِّنَّا السَّلَامَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِهِ الْوَسِیْلَةَ

پہنچا سیدنا و مولانا محمد کو ہماری طرف سے سلام۔ اے اللہ انہیں عطا فرما مقام وسیلہ

وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ

وفضیلت اور بلند ترین درجہ اور قائم فرما انہیں مقام محمود میں جس کا

وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

تو نے انہیں وعدہ دیا ہے اور ہمیں نصیب فرما ان کی شفاعت قیامت کے دن۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَقْصُوْدِ الْمَحْبُوْبِ فِی الْكُلِّ وَمِنَ الْكُلِّ

سیّدنا محمد پر جو مقصود و محبوب ہیں کل کائنات میں اور سب سے

فِی الْعَالَمِ الْاِنْسَانِیِّ الْكَمَالِیِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

محبوب تر ہیں عالم انسانی کے کمالات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَاَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ

محمد پر ہمیشہ ہمیشہ اور اُتارنا انہیں اپنی قریب ترین منزل میں

الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ يَا حَلِيْمُ ذَا الْاَنَاةِ فَلَا يُعَادِلُهٗ شَیْءٌ مِّنْ خَلْقِهٖ

قیامت کے دن۔ اے اللہ۔ اے حلیم۔ اے بردبار جس کے برابر کوئی شئے نہیں اس کی مخلوق سے

اَحْلُمْ عَنِّیْ كُلَّ خَطَرَاتٍ نَّفْسَانِيَّةٍ حَيْوَانِيَّةٍ شَيْطَانِيَّةٍ وَّكُلَّ

بردباری سے کام لے میری طرف سے تمام خطرات نفسانیہ، حیوانیہ، شیطانیہ میں اور تمام

وَسَاوِسَ وَهَوَاجِسَ وَنِيَّاتٍ سَيِّئَةٍ رَّدِيَّةٍ وَّاَعْمَالٍ لَّيْسَتْ

وساوس اور خیالات اور بری اور ردی نیات اور ناپسندیدہ اعمال

بِمَرْضِيَّةٍ وَّاَخْلَاقٍ سَبُعِيَّةٍ نَّفْسِيَّةٍ شَيْطَانِيَّةٍ فَاِنَّكَ فِیْ جَمِيْعِ

اور درندگی والے اخلاق نفسانیہ شیطانیہ میں کیونکہ تو تمام

الْاَنَاتِ مُتَحَمِّلٌ وَّالْعُجْلَةُ شَانُ الْعَاجِزِ فَارْزُقْنِی التَّوْبَةَ

لمحات میں تحمل سے کام لیتا ہے۔ اور جلد بازی (مؤاخذہ میں) عاجز کا کام ہے پس مجھے نصیب

النَّصُوْحَ وَاجْعَلْنِیْ مُسْتَقِيْمًا عَلٰى ذٰلِكَ وَبَدِّلْ خَطَرَاتِیْ

فرما خالص توبہ اور مجھے اس پر قائم ودائم رکھ اور میرے خطرات اور فاسد خیالات کو

بِالْهَامَاتٍ كَمَا تُبَدِّلُ الْحَجَرَ بِالذَّهَبِ وَبَدِّلِ الْاَخْلَاقَ السَّبُعِيَّةَ

الہامات میں بدل دے جیسے کہ پتھر کو سونے سے تبدیل کیا جاتا ہے اور تبدیل فرما میرے درندوں والے اخلاق کو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى حَبِيْبِهٖ وَبِحُرْمَتِهٖ صَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ

اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما اپنے حبیب پر اور ان کے عزوجاہ کے طفیل رحمت کاملہ نازل فرما آپکے برادران منصبی

مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ

یعنی انبیاء پر اور ان کے ساتھ صدیقین و شہداء اور صالحین پر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَعْطِهِ

رحمت نازل فرما محمد کریم پر اور آپ کی آل طیبین پر اور عطا فرما انہیں

الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ

مقام وسیلہ و فضیلت اور بلند ترین درجہ اور ان کو قائم فرما مقام

الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ مَعَ اِخْوَانِهِ الْمُرْسَلِيْنَ اَللّٰهُمَّ وَ

محمود پر جس کا تو نے انہیں وعدہ دیا ہے (رحمت نازل ہو ان پر) مع ان کے برادران منصبی رسل کرام پر۔ اے اللہ اور

اَعْطِ مُحَمَّدَنِ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّهُ الَّذِیْ اِذَا قَالَ

عطا فرما محمد کریم کو وہ مقام جس کا تو نے وعدہ فرمایا ہے وہ محبوب کہ جب بات کریں

صَدَّقْتَهٗ وَاِذَا سَاَلَ اَعْطَيْتَهٗ اَللّٰهُمَّ وَعَظِّمْ شَانَهٗ وَبَيِّنْ

تو تو ان کی تصدیق فرماتا ہے اور جب طلب کریں تو عطا کرتا ہے۔ اے اللہ اور عظیم بنا ان کی شان کو اور واضح فرما

بُرْهَانَهٗ وَشَرِّفْ بُنْيَانَهٗ وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَبَيِّنْ فَضِيْلَتَهٗ

ان کی دلیل و برہان کو اور شرف وفضیلت دے ان کی بنیاد کو اور روشن فرما ان کی حجت کو اور نمایاں فرما ان کی فضیلت کو

اَللّٰهُمَّ وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَهٗ فِیْ اُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ وَاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ

اے اللہ اور قبول فرما اُمّت کے حق میں ان کی شفاعت کو۔ اے اللہ اور عطا فرما انہیں مقام وسیلہ

وَالْفَضِيْلَةَ وَالشَّفَاعَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا

و فضیلت اور شفاعت عظمیٰ اور درجۂ رفیعہ اور پہنچا انہیں مقام

مَحْمُوْدٌ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اَللّٰهُمَّ یَا رَبِّ

محمود تک جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے بیشک تو وعدہ کا خلاف نہیں فرماتا۔ اے اللہ اے میرے

بَلِّغْهُ عَنَّا اَفْضَلَ السَّلَامِ وَاجْزِهٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَزَیْتَ بِهٖ

رب پہنچا آپ تک ہماری طرف سے افضل ترین سلام اور جزاء دے آپ کو ہماری طرف سے افضل ترین جزاء

النَّبِیَّ عَنْ اُمَّتِهٖ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

ان تمام سے جو کسی بھی نبی کو ان کی اُمت کی طرف سے عطا کی ہے اے رب العالمین۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَلِوَاءُ اَنْوَارِهٖ تَشْرُقُ

محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے معراج فرمایا اور ان کے چمکتے انوار ضوفگن تھے

وَلِوَآءُ عِزِّهٖ بِالْاُفُقِ یَخْفُقُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور ان کی عزت وجاہ کا پرچم افق پر لہراتا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَرَوَاحِلُ الشَّوْقِ بِهٖ تَهْتَزُّ

اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب معراج کے لیے چلے جبکہ شوق ومحبت کی سواریاں ان کی وجہ سے

وَالْخَلَآئِقُ بِجَاهِهٖ تَعْتَزُّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جھومتی تھیں اور مخلوقات ان کی عزت وجاہ کے ذریعے عزتیں پاتی تھی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ اَمْسَكَ عِنَانَ الْمَجْدِ

اور آپ کی آل امجاد پر جو محبوب سیر کے لیے چلے جبکہ آپ نے بزرگی کی باگ تھامی ہوئی تھی اور

وَقَادَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَ

اس کی قیادت فرمائی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جو معراج پر چلے درآنحالیکہ

قَدْ نُصِبَ عَلٰی رَاْسِهٖ تَاجُ السِّیَادَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

مضبوطی سے سجایا گیا تھا سیادت کا تاج ان کے سرناز پر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ سَاقَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو شب اسراء چلے درآنحالیکہ چلا رہے تھے

جَمِیْعَ الْمَكْرُمَاتِ اَمَامَهٗ وَمَلٰٓئِكَةُ السَّمٰوٰتِ خَلْفَهٗ وَقُدَّامَهٗ

تمام بزرگیوں کو اپنے آگے اور آسمانوں کے فرشتے (بطور خدام) آپ کے پیچھے اور آگے تھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ بَالَغَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ فِیْ تَعْظِیْمِهٖ وَاِكْرَامِهٖ وَقَدْ

جو معراج پر تشریف لے گئے اور ملائکہ نے حد سے زیادہ آپ کی تعظیم وتکریم کی۔ اور تحقیق

اَحْرَمَتْ اَهْلُ السَّمٰوٰتِ لِاِحْرَامِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

احرام باندھا تمام آسمانوں پر بسنے والوں نے ان کے احرام باندھنے کے وقت۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ حَازَ قَصَبَ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے شب اسراء میں جمع کر لیا مسابقت کے

السَّبْقِ وَسَادَ جَمِیْعَ الْخَلْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تمام نشانات کو اور سردار بن گئے تمام مخلوق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ مَلَاَ نُوْرُهُ الْمَلَاَ الْاَعْلٰی

اور آپ کی آل پر جس محبوب نے معراج فرمایا درآنحالیکہ معمور کر دیا تھا ان کے نور نے ملاء اعلیٰ کو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ سَبَقَ اَهْلَ الْفَضْلِ وَالتَّقَدُّمِ اِلٰی مَحَلِّ الْفَخْرِ

جو محبوب مکرم معراج پر گئے اور سبقت لے گئے تمام اہل فضل اور متقدمین سے مقام فخر

وَالتَّعْظِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

وتعظیم کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدِ انْتَشَرَتْ اَعْلَامُهٗ فَوْقَ السَّمٰوٰتِ

آل پر کہ جس محبوب نے معراج فرمایا اور پھیل چکے تھے ان کے پرچم آسمانوں پر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے
سَرٰی وَافْتَخَرَتْ بِهِ الْكَآئِنَاتُ مِنَ الْعُلْوِيَّاتِ وَالسُّفْلِيَّاتِ اَللّٰھُمَّ
معراج فرمایا اور فخر کیا ان کے ساتھ تمام کائنات بلندی و پستی والی نے۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو محبوب
سَرٰی وَقَدِ ارْتَدٰی بِرِدَآءِ الْمَحَبَّةِ وَالْخُلَّةِ وَتَحَلّٰی بِاَحْسَنِ
معراج پر گئے جبکہ آپ نے محبت و خلت کی چادر اوڑھی ہوئی تھی اور خوبترین حلہ و پوشاک
الْحُلَّةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
زیب تن کئے ہوئے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ اَشْرَقَ نُوْرُهُ الدَّيَاجِيَ وَاهْتَدٰٓی اِلَيْهِ
کہ جس محبوب نے معراج فرمایا جبکہ ان کے نور نے روشن کر دیا اندھیروں کو اور ہدایت پائی طرف ان کی
كُلُّ فَرِيْقٍ نَّاجٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
ہر نجات پانے والے فریق نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ بَرَقَ بَرْقُ الرِّضَا مِنْ
کی آل پر کہ جو آقا معراج پر گئے درآنحالیکہ چمک رہی تھی رضاالٰہی کی بجلی ان کی
جَبِيْنِهٖ وَاقْتَدٰٓی اَهْلُ الْكَمَالِ بِدِيْنِهٖ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ
جبین اقدس سے اور اقتداء کی اہل کمال نے ان کے دین کی۔ وہی اللہ ہے کہ نہیں معبود
اِلَّا هُوَ الْجَمِيْلُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اللَّطِيْفُ الْحَلِيْمُ الرَّءُوْفُ الْعَفُوُّ
برحق مگر وہی جو صاحب جمال ہے اور غایت رحمت والا مہربان۔ صاحب لطف و حلم، رؤف اور درگزر فرمانے والا ہے
الْمُؤْمِنُ النَّصِيْرُ الْمُجِيْبُ الْمُغِيْثُ الْقَرِيْبُ السَّرِيْعُ ذُو الْاِكْرَامِ
امن و ایمان دینے والا۔ نصیر۔ قبول فرمانے والا (دعاؤں کا) فریادرس۔ قریب۔ سرعت (کے ساتھ حساب لینے) والا۔ صاحب

ذُو الطَّوْلِ رَبِّ اَكْسِنِيْ مِنْ جَمَالِ بَدِيْعِ الْاَنْوَارِ الْجَمَالِيَّةِ مَا
اکرام قوت کا مالک۔ اے میرے پروردگار مجھے پہنا انوار جمالیہ کے انوکھے جمال کی خلعت جو
يُدْهِشُ اَلْبَابَ الذَّرَّاتِ الْكَوْنِيَّةِ فَتَتَوَجَّهُ اِلٰی حَقَآئِقِ
مدہوش کر دے ذرات کونیہ کے عقول کو پس وہ متوجہ ہوں مخلوقات کے
الْمُكَوَّنَاتِ تَوَجُّهَ الْمَحَبَّةِ الذَّاتِيَّةِ الْجَاذِبَةِ اِلٰی شُهُوْدِ
حقائق کی طرف مثل محبت ذاتیہ کی توجہ کے جو کھینچنے والی ہے طرف جمال
مُطْلَقِ الْجَمَالِ الَّذِیْ لَا يُضَارُّهٗ قُبْحٌ وَّلَا يَقْطَعُ عَنْهُ اِيْلَامٌ
مطلق کے مشاہدہ کے جس کو ضرر نہیں دیتا قبح (کیونکہ وہ اس کے گرد دامن کو بھی نہیں چھو سکتا) اور نہ منقطع کرتی ہے اس سے ایذارسانی
وَّاجْعَلْنِيْ مَرْحُوْمًا مِّنْ كُلِّ رَحِمٍ بِحُكْمِ الْعَطْفِ الْحُبِّيِّ الَّذِیْ
اور بنا دے مجھے رحم کیا ہوا ہر رشتہ دار کی طرف سے بتقاضائے عنایت محبانہ کے جس میں
لَا يَشُوْبُهٗ انْتِقَامٌ وَّلَا يُنَغِّصُهٗ غَضَبٌ وَّلَا يَقْطَعُ مَدَدَهٗ سَبَبٌ وَّ
انتقام کی آمیزش نہ ہو اور نہ گدلا کرے اس کو غم و غصہ اور نہ قطع کرے اس کی مدد کو کوئی سبب اور
تَوَلَّ ذٰلِكَ بِحُكْمِ اَبَدِيَّةٍ وَّارِثِيَّتِكَ اِلٰی غَيْرِ نِهَايَةٍ لَّا تَنْقَطِعُ
متولی ہو تو آپ اس امر کا مطابق تقاضے اپنی ابدی وارثیت کے بغیر کسی انتہاء کے جس پر منقطع نہ ہو
غَايَتُهٗ يَا رَحِيْمُ هُوَ الرَّحِيْمُ رَبَّاهُ رَبَّاهُ غَوْثَاهُ يَا خَفِيًّا لَّا يَظْهَرُ
غایت اس کی۔ اے رحیم وہی رحیم ہے۔ اے رب۔ اے رب۔ اے فریادرس۔ اے کہ جو مخفی ہے کسی پر ظاہر نہیں (حقیقت اسکی)
يَا ظَاهِرًا لَّا يَخْفٰی لَطُفَتْ اَسْرَارُ وُجُوْدِكَ الْاَعْلٰی فَتُرٰی فِيْ كُلِّ
اے ظاہر کہ نہیں مخفی (آثار قدرت اس کے)۔ لطیف ہیں تیرے وجود عالیشان کے اسرار پس دیکھے جاتے ہیں ہر
مَوْجُوْدٍ وَّعَلَتْ اَنْوَارُ ظُهُوْرِكَ الْاَقْدَسِ فَبَدَتْ فِيْ كُلِّ
موجود میں اور بلند و بالا ہوئے تیرے ظہور اقدس کے انوار پس نمایاں ہوئے ہر
مَشْهُوْدٍ وَّاَنْتَ الْحَلِيْمُ الْمَنَّانُ بِالرَّاْفَةِ وَالْعَفْوِ السَّرِيْعِ
مشہود و محسوس شئی میں اور تو ہی حلیم ہے احسان فرمانے والا ہے ساتھ رأفت اور درگزر کے۔ جلد

بِالْمَغْفِرَةِ لِلْمُؤْمِنِيْنَ الْخَآئِفِيْنَ نَصِيْرُ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ الْقَرِيْبُ
مغفرت فرمانے والا ہے مومنین خائفین کے لیے مددگار ہے فریادیوں کا۔ قریب ہے

بِمَحْوِ جِهَاتِ الْقُرْبِ وَالْبُعْدِ عَنْ عُيُوْنِ الْعَارِفِيْنَ يَا كَرِيْمُ يَا
بسبب مٹا دینے قرب اور بعد کی جہات کو عارفین کی آنکھوں سے۔ اے کریم۔ اے

كَرِيْمُ يَا ذَا الطَّوْلِ وَالْاِكْرَامِ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ وَ
کریم۔ اے مالک قوت اور اکرام کے سلام ہے کہا ہوا رب رحیم کی طرف سے۔ اور

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا
سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔ اے اللہ مالک ساتوں آسمانوں کے اور جو کچھ

اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا
ان کے سایہ میں ہے اور مالک تمام زمینوں کے اور جو کچھ وہ اٹھائے ہوئے ہیں اور مالک شیاطین کے اور جنہیں

اَضَلَّتْ كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ ۝ اَنْ يَّفْرُطَ
انھوں نے گمراہ کیا ہو مجھے پناہ دینے والا اپنی تمام مخلوق کے شر سے کہ تجاوز کرے

عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ اَللّٰهُمَّ
مجھ پر ان میں سے کوئی یا سرکشی کرے۔ عزت والا ہوا تیری پناہ لینے والا اور بابرکت ہے نام تیرا۔ اے اللہ

رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّكَ اَنْتَ الرَّبُّ وَحْدَكَ لَا
رب ہمارے اور رب ہر شئ کے میں گواہی دیتا ہوں کہ تو ہی رب ہے اکیلا نہیں

شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُكَ وَ
کوئی شریک تیرے لیے اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے عبد خاص اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ اَبِیْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب مصاحب ہیں حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق کے رضی اللہ عنہما۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ عُثْمَانَ وَحَیْدَرٍ

وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو محبوب حضرت عثمان اور حضرت حیدر کرار رضی اللہ عنہما کے مصاحب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو محبوب

الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

عرب وعجم کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَقْرِ وَالرُّعْبِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

آل پر جو محبوب صاحب فقر اور صاحب رعب ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ السَّخَاوَةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آپ کی آل پر جو صاحب سخاوت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْیَقِیْنِ وَالتَّمْكِیْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور سیّدنا محمد کی آل پر جو محبوب صاحب یقین اور صاحب تمکین ومرتبت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمُرُوَّةِ وَالْفُتُوَّةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب مروت اور جوانمردی والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَاحْفَظْنِیْ یَا

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب ملک وملکوت کے مالک ہیں اور محفوظ رکھے مجھے اے

مَوْلَایَ مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَلَا تَفْضَحْنِیْ یَا سَیِّدِیْ عَلٰی رُءُوْسِ

میرے مولا دنیوی اور اخروی آفات سے اور مجھے رسوا نہ کرنا اے میرے آقا سب مخلوقات

الْخَلَآئِقِ خَاصَّةً فِی الْیَوْمِ الْمَوْعُوْدِ اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ وَسَنَدِیْ اَمْ مَّنْ ذَا الَّذِیْ

کے سامنے یوم موعود میں۔ اے میرے الٰہ۔ سردار اور سند و سہارے کون ہے دوسرا کہ جس سے

اَسْئَلُهٗ وَاَنْتَ الرَّبُّ الْمَوْجُوْدُ اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ وَسَنَدِیْ اِلٰی مَنْ اَتَوَجَّهُ وَاَنْتَ

سوال کروں میں حالانکہ تو پروردگار موجود ہے۔ اے میرے الٰہ۔ آقا اور سہارے کس کی طرف میں توجہ کروں۔

الْحَقُّ الْمَعْبُوْدُ یَا سَیِّدَ الْاَسْیَادِ اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ وَسَنَدِیْ اَمْ مَّنْ یُّعْطِیْنِیْ

حالانکہ تو معبود برحق ہے اے سب آقاؤں کے آقا۔ اے میرے الٰہ اور آقا اور سہارے کون ہے وہ جو عطا کرے مجھے

وَاَنْتَ صَاحِبُ الْجُوْدِ یَا مَنْ اِذَا دُعِیَ اَجَابَ اِلٰھِیْ اَتُرَاكَ تُعَذِّبُنَا وَ

حالانکہ تو صاحب جود وعطا ہے ایکہ جب اس سے دعا کی جائے تو قبول فرماتا ہے۔ اے میرے الٰہ کیا ہم یہ عقیدہ رکھیں کہ تو ہمیں عذاب دیگا

تَوْحِیْدُكَ فِیْ قُلُوْبِنَا وَمَآ اَخَالُكَ تَفْعَلُ وَلَئِنْ فَعَلْتَ اَتَجْمَعُنَا مَعَ قَوْمٍ

حالانکہ تیری توحید ہمارے قلوب میں ہے۔ میں نہیں خیال کرسکتا کہ تو ایسے کریگا اور اگر تو ایسا کرے تو کیا ہمیں اکٹھا کرے گا اس قوم

طَالَمَا بَغَضْنَاھُمْ لَكَ فَبِالْمَكْنُوْنِ مِنْ اَسْمَآئِكَ وَمَا وَارَتْهُ الْحُجُبُ مِنْ

کے ساتھ کہ بسا اوقات ہم نے اس سے بغض رکھا تیری خاطر تو بطفیل اپنے اسماء میں سے پوشیدہ اسم کے اور بطفیل اپنی نورانیت اور

بَھَآئِكَ اَنْ تَغْفِرَ لِھٰذِهِ النَّفْسِ الْھَلُوْعِ وَلِھٰذَا الْقَلْبِ الْجَزُوْعِ الَّذِیْ لَا

رونق کے جسے حجابات نے ہم سے اوجھل کر رکھا ہے مغفرت فرما اس حریص نفس کے لیے اور بے صبر قلب کے لیے جو نہیں صبر کرتا

یَصْبِرُ لِحَرِّ الشَّمْسِ فَكَیْفَ یَصْبِرُ لِحَرِّ نَارِكَ یَا حَلِیْمُ یَا عَظِیْمُ یَا كَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ

سورج کی حرارت پر تو کس طرح صبر کرے گا تیری آگ کی تپش پر۔ اے حلیم۔ اے عظیم۔ اے کریم۔ اے رحیم

اِلٰھِیْ اَنْتَ الَّذِیْ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّھُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنْتَ الَّذِیْ

اے میرے الٰہ تو ہی ہے کہ نہیں جس کی مانند کوئی شئ اور جو ہر چیز پر مکمل قدرت رکھتا ہے اور تو ہی ہے

تَعْلَمُ السِّرَّ وَالْاِعْلَانَ وَمَا فِی الْقُلُوْبِ اِلٰهِیْٓ اَنْتَ الَّذِیْ تَعْفُوْ عَنِ الْمَعَاصِیْ

جو جانتا ہے مخفی اور علانیہ کو اور دلوں میں چھپی چیزوں کو۔ اے میرے الٰہ تو ہی ہے جو عفو فرماتا ہے گناہوں کو

بَعْدَ اَنْ یَّغْرَقَ فِی الذُّنُوْبِ اِلٰهِیْٓ اَنْتَ الَّذِیْ قُلْتَ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ

بعد غرق ہو جانے بندوں کے اپنے گناہوں میں۔ اے میرے الٰہ تو ہی ہے جس نے فرمایا ہے" نہ ناامید ہونا اللہ تعالیٰ کی رحمت

اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ وَاَنْتَ بِقَوْلِكَ

سے۔ بیشک اللہ تعالیٰ بخشتا ہے تمام گناہ بیشک وہی بخشنے والا مہربان ہے اور تو اپنے قول میں

صَادِقٌ لَّسْتَ بِمَكْذُوْبٍ نَجِّنِیْ یَآ اَللّٰهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِیْمِ وَالْغَمِّ وَاَنْتَ

سچا ہے تیری طرف کذب کی نسبت نہیں کی جاسکتی۔ نجات دے مجھے اے اللہ عظیم کرب اور غم و اندوہ سے اور تو ہی

غِیَاثُ كُلِّ مَكْرُوْبٍ وَّمَصْرُوْفٍ وَّمَظْلُوْمٍ وَّاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

فریادرس ہے ہر دردمند اور مبتلائے حوادث اور مظلوم کا اور تو ہی ہر چیز پر مکمل قدرت والا ہے۔

اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ فِیْ ظُلْمَةِ الْقُبُوْرِ وَضِیْقِهَا اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ

اے میرے الٰہ امان دینا۔ امان دینا قبروں کی تاریکیوں اور تنگیوں میں۔ اے اللہ امان دینا۔ امان دینا

عِنْدَ سُؤَالِ مُنْكَرٍ وَّنَكِیْرٍ وَّهَیْبَتِهِمَا اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ عِنْدَ وَحْشَةِ

منکر و نکیر کے سوال کے وقت اور ان کی ہیبت و دہشت کے موقع پر۔ اے اللہ امان دینا۔ امان دینا قبور کی

الْقُبُوْرِ وَشِدَّتِهَا اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ فِیْ یَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِیْنَ اَلْفَ سَنَةٍ

ہولناکی اور شدت کے وقت۔ اے میرے الٰہ امان دینا۔ امان دینا اس دن میں کہ جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے

اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ

اے میرے الٰہ امان دینا۔ امان دینا جس روز پھونکا جائے گا صور میں پس بیہوش ہو جائیں گے آسمانوں اور

مَنْ فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ

زمینوں والے مگر جن کے متعلق چاہے گا اللہ (کہ بیہوش نہ ہوں)۔ اے میرے الٰہ امان دینا۔ امان دینا جس دن جھنجھوڑی جائیگی زمین

زِلْزَالَهَا اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ

جیسے کہ حق ہے جھنجھوڑنے کا۔ اے میرے الٰہ امان دینا۔ امان دینا جس دن پھٹ پڑے گا آسمان ساتھ بادل کے۔ اے میرے الٰہ امان دینا

اَلْاَمَانَ یَوْمَ نَطْوِی السَّمَآءَ كَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ

امان دینا جس دن کے متعلق تو نے فرمایا کہ "ہم لپیٹیں گے آسمان کو مانند لپیٹے جانے کتابوں کی جلد بندی والے چمڑے کے۔ اے میرے الٰہ الامان الاماں

یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ

جس دن بدل دی جائے گی زمین دوسری زمین میں اور آسمان بھی اور ظاہر ہو جائیں سبھی اللہ واحد قہار کے سامنے

اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ یَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ یَدَاهُ وَیَقُوْلُ الْكَافِرُ

اے میرے الٰہ الامان۔ الامان جس دن دیکھے ہر آدمی جو اس نے آگے بھیجا اور کہے گا کافر اے

یٰلَیْتَنِیْ كُنْتُ تُرٰبًا اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ

کاش میں مٹی ہو جاتا۔ اے میرے الٰہ الامان۔ الامان۔ جس دن نہ نفع دے گا مال اور نہ بیٹے (کسی کو)

اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ اِلٰهِیْٓ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ یَوْمَ یُنَادِیْ مُنَادٍ

مگر جو حاضر ہوا بارگاہِ خداوندی میں ساتھ قلب سلیم کے۔ اے میرے الٰہ الامان۔ الامان جس دن نداء دے گا ندا دینے والا

مِنْ بُطْنَانِ الْعَرْشِ اَیْنَ الْعَاصُوْنَ وَاَیْنَ الْمُذْنِبُوْنَ وَاَیْنَ الْخَالِفُوْنَ

عرش کے نیچے سے کہاں ہیں گنہگار۔ کہاں ہیں ارباب ذنوب اور کہاں ہیں مخالفت کرنے والے

وَاَیْنَ الْخَاسِرُوْنَ هَلُمُّوْٓا اِلَی الْحِسَابِ اَنْتَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَعَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ

اور کہاں ہیں خسارہ پانے والے آؤ طرف حساب کے۔ تو جانتا ہے میرے مخفی اور ظاہر و علانیہ کو پس قبول فرما

مَعْذِرَتِیْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَاَعْطِنِیْ سُؤَالِیْ یَآ اِلٰهِیْ اٰهٍ مِّنْ كَثْرَةِ الذُّنُوْبِ

میری معذرت اور تو جانتا ہے حاجت میری پس مجھے میرا مطلوب عطا فرما۔ اے میرے الٰہ افسوس ہے مجھے گناہوں کی کثرت کا

وَالْعِصْیَانِ اٰهٍ مِّنْ كَثْرَةِ الظُّلْمِ وَالْجَفَآءِ اٰهٍ مِّنَ النَّفْسِ الْمَطْرُوْدَةِ اٰهٍ مِّنَ

اور نافرمانبرداری کا۔ آہ! ظلم و جفا کی کثرت۔ افسوس ہے دھتکارے ہوئے نفس پر افسوس!

النَّفْسِ الْمَطْبُوْعَةِ لِلْهَوٰی اٰهٍ مِّنَ الْهَوٰی اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ عِنْدَ تَغَیُّرِ

نفس پر جو خواہشات فاسدہ پر پیدا کیا گیا۔ افسوس ہے خواہشات نفس پر۔ میری فریادرسی فرما۔ اے فریادرس وقت میری

حَالِیْ اِلٰهِیْٓ اَنَا عَبْدُكَ الْمُذْنِبُ الْمُجْرِمُ الْمُخْطِئُ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

حالت کے تغیر و تبدل کے۔ اے میرے الٰہ تیرا گناہگار بندہ۔ جرم پیشہ اور خطا کار ہوں مجھے آتش دوزخ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

يَا مُجِيرُ يَا مُجِيرُ ارْحَمْنِي بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ○

اے پناہ دینے والے۔ اے پناہ دینے والے۔ مجھ پر رحم فرما بطفیل اپنی رحمت کے۔ اے ارحم الراحمین۔

أَلَمْ تَسْمَعْ بِفَضْلِكَ يَا مُنَائِي

کیا نہیں سنی تو نے اپنے فضل سے اے میرے مقصود

دُعَاءً مِنْ ضَعِيفٍ مُبْتَلَاءٍ

دعا اس شخص کی جو ناتواں اور مصیبت زدہ ہے

غَرِيقٌ فِي بُحُورِ الْغَمِّ حُزْنًا ... أَسِيرٌ بِالذُّنُوبِ وَبِالْخَطَاءِ

غرق ہے غم کے سمندروں میں حزن و ملال کی وجہ سے ... قیدی ہے اپنے گناہوں اور خطاؤں کی وجہ سے

أُنَادِي بِالتَّضَرُّعِ كُلَّ يَوْمٍ ... مُجِدٌّ بِالتَّبَتُّلِ وَالدُّعَاءِ

میں پکارتا ہوں ساتھ زاری کے ہر دن در آنحالیکہ ... سخت جدوجہد کرنے والے ہوں لوگوں سے انقطاع اور دعا میں

لَقَدْ ضَاقَتْ عَلَيَّ الْأَرْضُ طُرًّا ... وَأَهْلُ الْأَرْضِ مَا عَرَفُوا دَوَائِي

البتہ تحقیق تنگ ہو چکی ہے مجھ پر زمین تمامتر ... اور اہل زمین نے نہیں جانا میری دوا کو

فَخُذْ بِيَدِي فَإِنِّي مُسْتَجِيرٌ ... بِعَفْوِكَ يَا عَظِيمُ وَيَا رَجَائِي

تو تو ہی میری دستگیری فرما کیونکہ میں طالب پناہ و امان ہوں ... ساتھ تیری عفو کے اے عظیم اے میری امید

أَتَيْتُكَ بَاكِيًا فَارْحَمْ بُكَائِي ... حَيَائِي مِنْكَ أَكْثَرُ مِنْ خَطَائِي

میں حاضر ہوا ہوں تیری بارگاہ میں روتے ہوئے پس رحم فرما میرے رونے پر ... میری شرمندگی تجھ سے زیادہ ہے بنسبت میری خطاؤں کے

فَأَبْكِي حَسْرَةً دَمْعِي وَأَبْكِي ... إِذَا لَمْ يَبْقَ مِنْ دَمْعِي دَوَائِي

پس میں بہاتا ہوں حسرت سے اپنے آنسو اور روتا ہوں۔ ... جبکہ نہیں باقی رہی میرے آنسوؤں میں میری دوا

جَزَائِي أَنْ تُعَذِّبَنِي وَلٰكِنْ ... أَعُوذُ بِحُسْنِ عَفْوِكَ مِنْ جَزَائِي

میری جزاء تو یہی ہے کہ تو مجھے عذاب دے لیکن ... میں پناہ طلب کرتا ہوں تیرے حسن عفو کے ساتھ اپنی اس جزاء و سزا سے

وَلِي هَمٌّ وَأَنْتَ لِكَشْفِ هَمِّي ... وَلِي دَاءٌ وَأَنْتَ دَوَاءُ دَائِي!

میں اندوہ ناک ہوں اور تو ہی میرے غم و اندوہ کو دور کرنے والا ہے ... میں بیمار ہوں اور تو ہی میری بیماری کی دوا ہے

وَأَيْقَظَنَا الرَّجَاءُ فَقُلْتُ إِلَّا ... رَجَائِي أَنْ تُحَقِّقَ لِي رَجَائِي

اور بیدار کیا ہمیں امید و رجا نے تو میں نے کہا ... میری امید صرف یہی ہے تو ہماری امید بر لائے

تَفَضَّلْ سَيِّدِي بِالْعَفْوِ عَنِّي ... فَإِنِّي مِنْ بَلَاءٍ فِي بَلَائِي

مہربانی فرما اے میرے سردار مجھ سے درگزر کر کے ... کیونکہ میں آفات میں مبتلا ہوں

خُذْ بِلُطْفِكَ يَا إِلٰهِي مَنْ لَهُ زَادٌ قَلِيلٌ ... مُفْلِسًا بِالصِّدْقِ يَأْتِي عِنْدَ بَابِكَ يَا جَلِيلُ

اپنے لطف سے دستگیری فرما اے اللہ سفر خرچ سے محروم شخص کی ... جبکہ وہ حالت افلاس میں صدق دل سے تیرے در پر حاضر ہوتا ہے اے جلیل

ذَنْبُهُ ذَنْبٌ عَظِيمٌ فَاغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيمَ ... إِنَّهُ شَخْصٌ غَرِيبٌ مُذْنِبٌ عَبْدٌ ذَلِيلٌ

اس کا گناہ عظیم گناہ ہے پس اس عظیم گناہ کو بخش ... وہ تیرا بندہ غریب ہے اور گناہگار اور ذلیل عبد ہے

مِنْهُ عِصْيَانٌ وَنِسْيَانٌ وَسَهْوٌ بَعْدَ سَهْوٍ ... مِنْكَ إِحْسَانٌ وَفَضْلٌ بَعْدَ إِعْطَاءٍ جَزِيلٍ

اس کی طرف سے نافرمانبرداری۔ بھول چوک اور سہو ہی سہو ہے ... تیری طرف سے احسان و فضل ہے بعد عظیم عطا کے

نَالَ يَا رَبِّ ذُنُوبِي مِثْلَ رَمْلٍ لَمْ تُعَدَّ ... فَاعْفُ عَنِّي كُلَّ ذَنْبٍ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيلَ

اے میرے گناہ ریت کے ذرات کی مانند گنتی و شمار سے باہر ہیں ... پس درگزر فرما میرے ہر گناہ سے اور احسن طریقہ پر میرے گناہوں سے اعراض و روگردانی فرما

كَيْفَ حَالِي يَا إِلٰهِي لَيْسَ لِي خَيْرُ الْعَمَلِ ... سُوءُ أَعْمَالِي كَثِيرٌ زَادُ طَاعَاتِي قَلِيلٌ

کیا ہے حال میرا اے میرے الٰہ نہیں ہے میرا کوئی بہتر عمل ... میرے برے اعمال زیادہ ہیں اور طاعات والا زاد راہ قلیل ہے

عَافِنِي مِنْ كُلِّ دَاءٍ وَاقْضِ عَنِّي حَاجَتِي ... إِنَّ لِي قَلْبًا سَقِيمًا أَنْتَ مَنْ يَشْفِي الْعَلِيلَ

مجھے ہر بیماری سے عافیت دے اور بر لا میری حاجت کو ... بیشک میرا دل بیمار ہے اور تو ہی شفا دیتا ہے بیماروں کو

أَنْتَ شَافِي أَنْتَ كَافِي فِي مُهِمَّاتِ الْأُمُورِ ... أَنْتَ رَبِّي أَنْتَ حَسْبِي أَنْتَ لِي نِعْمَ الْوَكِيلُ

تو ہی شفا بخش ہے اور تو ہی کفایت کرنے والا ہے مشکل امور میں ... تو میرا پروردگار ہے تو ہی مجھے کافی ہے تو ہی میرے لیے اچھا کارساز ہے

رَبِّ هَبْ لِي كَنْزَ فَضْلٍ أَنْتَ وَهَّابٌ كَرِيمٌ ... أَعْطِنِي مَا فِي ضَمِيرِي دُلَّنِي خَيْرَ الدَّلِيلِ

اے میرے رب مجھے عطا فرما فضل و کرم کا خزانہ تو بہت بخشنے والا کریم ہے ... عطا کر مجھے جو میرے دل میں ہے اور بہترین دلیل کی طرف رہنمائی فرما

هَبْ لَنَا مُلْكًا كَبِيرًا نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ رَبَّنَا ... إِذْ أَنْتَ قَاضٍ وَالْمُنَادِي جَبْرَئِيلُ

عطا فرما ہمیں بہت بڑا ملک اور نجات دے ہمیں جس سے ہم خوفزدہ ہیں اے رب ہمارے ... جبکہ تو فیصلے فرمانے والا ہو گا اور جبرئیل منادی کرنے والے

أَيْنَ مُوسَىٰ أَيْنَ عِيسَىٰ أَيْنَ يَحْيَىٰ أَيْنَ نُوحٌ أَنْتَ يَا صِدِّيقُ أَكْبَرُ تُبْ إِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيلِ

کہاں ہیں موسیٰ کہاں ہیں عیسیٰ کہاں ہیں یحییٰ کہاں ہیں نوح تو اے صدیق اکبر رجوع کر طرف مولائے جلیل کے

قُلْ لِنَارٍ أَبْرِدِي يَا رَبِّ فِي حَقِّي كَمَا

آتش دوزخ کو فرما اے میرے رب کہ ٹھنڈی ہوجائے میرے حق میں جیسے کہ

قُلْتَ قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي أَنْتَ فِي حَقِّ الْخَلِيلِ

فرمایا تو نے، کہا ہم نے ہوجا تو اے آگ خلیل کے حق میں (ٹھنڈی اور سلامتی)

بِاسْمِ اللّٰهِ كَلِمَةِ الْمُعْتَصِمِينَ وَمَقَالَةِ الْمُتَحَرِّزِينَ وَأَعُوذُ بِاللّٰهِ تَعَالَىٰ

بطفیل نام مقدس اللہ کے جو کلمہ ہے چنگل مارنے والوں کا اور قول ہے پناہ و حفاظت حاصل کرنے والوں کا اور میں اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں

مِنْ جَوْرِ الْجَائِرِينَ وَكَيْدِ الْحَاسِدِينَ وَبَغْيِ الظَّالِمِينَ وَأَحْمَدُهُ فَوْقَ

ظالموں کے جور سے اور حاسدین کے مکر سے اور اہل ظلم کی تعدی سے اور میں اُس کی حمد کرتا ہوں سب

حَمْدِ الْحَامِدِينَ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْوَاحِدُ بِلَا شَرِيكٍ وَأَنْتَ الْمَلِكُ

حامدین کی حمد سے زیادہ۔ اے اللہ تو یکتا ہے بغیر کسی شریک کے ہے۔ اور تو ہی شاہنشاہ ہے (ذاتی طور پر)

بِلَا تَمْلِيكٍ لَا تُضَادُّ فِي حُكْمِكَ وَلَا تُنَازَعُ فِي مُلْكِكَ أَسْأَلُكَ أَنْ

بغیر کسی کے بادشاہ بنائے۔ نہیں مخالفت کیا جاتا اپنے حکم میں اور نہ نزاع کیا جاتا ہے تو اپنے ملک میں۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ

تُصَلِّيَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ وَأَنْ تُوزِعَنِي مِنْ شُكْرِ

درود بھیجے اپنے عبد خاص اور رسول برحق محمد پر اور توفیق دے مجھے اپنی نعمتوں کے

نَعْمَائِكَ مَا تَبْلُغُ فِي غَايَةِ رِضَاكَ وَأَنْ تُعِينَنِي عَلَىٰ طَاعَتِكَ

شکر کی جو پہنچے تیری حد رضا تک اور میری اعانت فرمائے اپنی طاعت پر

وَلُزُومِ عِبَادَتِكَ وَاسْتِحْقَاقِ مَثُوبَتِكَ بِلُطْفِ عِنَايَتِكَ

اور عبادات کی مداومت پر اور ثواب و جزاء کے استحقاق پر ساتھ اپنے لطف و عنایت کے

وَتَرْحَمَنِي وَتَصُدَّنِي عَنْ مَعَاصِيكَ مَا أَحْيَيْتَنِي وَتُوَفِّقَنِي

اور مجھ پر رحم کرے اور روکے رکھے مجھے نافرمانیوں سے جب تک زندہ رکھے اور مجھے توفیق دے

لِمَا يَنْفَعُنِي مَا أَبْقَيْتَنِي وَأَنْ تَشْرَحَ بِكِتَابِكَ صَدْرِي وَتَحُطَّ بِتِلَاوَتِهِ

نفع دینے والے امور کی جب تک مجھے باقی رکھے اور کھول دے اپنی کتاب کے ذریعے میرا سینہ اور گرادے اس کی تلاوت کے ذریعے

وِزْرِي وَتَمْنَحَنِي السَّلَامَةَ فِي دِينِي وَنَفْسِي وَلَا تُوحِشْ بِي أَهْلَ

میرے بارِ گناہ کو اور عطا کرے مجھے سلامتی دین میں اور اپنی ذات میں اور نہ وحشت میں ڈالے میری وجہ سے میرے ساتھ

أُنْسِي وَتُتِمَّ إِحْسَانَكَ فِيمَا بَقِيَ مِنْ عُمْرِي كَمَا أَحْسَنْتَ فِيمَا

اُنس رکھنے والوں کو اور پورا کرے اپنے احسان کو میری بقیہ عمر میں جیسے کہ تو نے احسان فرمایا میری

مَضَىٰ مِنْهُ يَا أَحْسَنَ الْأَحْسَنِينَ اَللّٰهُمَّ زِدْ نُورَنَا وَزِدْ سُرُورَنَا وَ

گزری عمر میں اے سب محسنوں سے زیادہ احسان کرنے والے۔ اے اللہ زیادہ فرما ہمارے نور کو، زیادہ فرما ہمارے سرور کو اور

زِدْ حُضُورَنَا وَزِدْ مَعْرِفَتَنَا وَزِدْ طَاعَتَنَا وَزِدْ نِعْمَتَنَا وَزِدْ مَحَبَّتَنَا

زیادہ فرما ہمارے حضور قلب کو اور زیادہ فرما ہماری معرفت کو اور زیادہ فرما ہماری طاعت کو اور زائد فرما ہماری نعمتوں کو اور زائد فرما ہماری

وَزِدْ عِشْقَنَا وَزِدْ ذَوْقَنَا وَزِدْ شَوْقَنَا وَزِدْ عِلْمَنَا وَزِدْ عَمَلَنَا يَا

محبت اور زائد فرما ہمارا عشق اور زائد فرما ہمارا ذوق اور زائد فرما ہمارا شوق زائد فرما ہمارا علم۔ زائد فرما ہمارا عمل خیر اے

مَوْلَانَا بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ط اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِأَسَاتِذَتِنَا

ہمارے مولا اپنی رحمت خاصہ کے ساتھ اے ارحم الراحمین۔ اے اللہ ہمیں بخش اور ہمارے اساتذہ کو

وَلِوَالِدِينَا وَلِمَشَائِخِنَا وَلِأَصْحَابِنَا وَلِأَحْبَابِنَا وَلِأَحِبَّائِنَا وَلِعَشَائِرِنَا

والدین اور مشائخ کو اور ہمارے اصحاب اور محبوں اور احباب کو اور ہماری قریبی برادری کو

وَلِقَبَائِلِنَا وَلِمَنْ لَهُ حَقٌّ عَلَيْنَا وَلِجَمِيعِ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ

اور اہل قبیلہ کو اور جس کا بھی کسی طرح کا حق ہے ہم پر اور تمام اُمت محمد علیہ الصلوٰۃ

وَالسَّلَامُ وَقِنَا رَبَّنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ وَقِنَا عَذَابَ الْقَبْرِ وَعَذَابَ الْحَشْرِ

والسلام کو بخش اور بچا ہمیں اے ہمارے پروردگار اپنی قضاء کے شر سے اور بچا ہمیں قبر کے عذاب اور حشر

وَالنَّشْرِ وَاحْشُرْنَا مَعَ الْمُتَّقِينَ وَالْأَبْرَارِ اَللّٰهُمَّ اشْفِنِي وَقَوِّنِي وَ

و نشر کے عذاب سے اور ہمارا حشر متقین و محسنین کے ساتھ فرمانا۔ اے اللہ مجھے شفا عطا فرما اور تقویت بہم پہنچا اور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان بعنایت اقران بفضل

ایزد منان تحفہ عجائب وھدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مُسمّٰی بہ

مجموعۃ صلوات الرسول ﷺ

الجزء الثانی عشر ۱۲

فِیْ حِلْیَتِهٖ وَحُلْمِهٖ ﷺ

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانیؒ

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبدالرحمن صاحبؒ

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

اِجْعَلْنِیْ طَوِیْلَ الْعُمُرِ فِیْمَا تُحِبُّهٗ وَیُحِبُّهٗ وَتَرْضَاهُ وَیَرْضَاهُ

مجھے طویل زندگانی والا بنا ان (طاعات و اعمال) میں جنہیں تو پسند فرماتا ہے اور تیرا محبوب پسند فرماتا ہے جن پر تو راضی ہوتا ہے اور وہ راضی

اٰمِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظْهَرِ حَقِّ الْحَقِّ وَنُقْطَةِ

ہوتے ہیں آمین۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو مظہر ہیں حق خالص کے اور مرکزی نقطہ ہیں وجود خلائق کے

دَآئِرَةِ اِسْتِمْدَادِ وُجُوْدِ الْخَلْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دائرہ استمداد کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر

مَّنْ تَنْبَعَتْ فِیْهِ وَمِنْهُ اَسْرَارُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کہ جس محبوب میں پھوٹے اور جن سے پھوٹے اسرار الٰہیہ (کے چشمہائے آبجواۃ) لا الٰہ الا ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت

عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّصْدَرِ الْهُوْ فِی الْهُوْ لِلْهُوْ مِنَ الْهُوْ

نازل فرما سیدنا محمد پر جو جائے صدور و ظہور ہیں کلمۂ ہو کی جو کہ اسی کی ذات میں ہے۔ اسی کے لیے اور اسی کی طرف سے ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ یَا هُوْ یَا مَنْ هُوْ یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا هُوْ یَا مَنْ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے ذات بحت۔ اے ذات مطلق۔ ایکہ نہیں مگر وہی ذات ایکہ

لَّا یُنَادٰی بِهُوْ اِلَّا هُوْ یَا مَنْ لَّا یُعْرَفُ بِهُوْ اِلَّا هُوْ یَا مَنْ

نہیں نداء کیا جا سکتا ساتھ ہُو کے مگر وہی۔ ایکہ نہیں معروف ساتھ ہُو کے مگر وہی ایکہ

هُوْ یَا هُوْ یَا هُوْ یَا هُوْ هُوْ هُوْ هُوْ

وہی ذات بحت ہے یا ہُو یا ہُو یا ہُو۔ ہُو۔ ہُو۔ ہُو۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ

فرما دیجئے وہ اللہ یکتا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے نہ

یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ

اس نے جنم دیا اور نہ وہ جنا گیا اور نہیں اس کے لیے

كُفُوًا اَحَدٌ

کوئی ہم پلہ اور مماثل و مشابہ

بسم الله الرحمن الرحيم ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اللهم انى اسئلك بحلم بسم الله الرحمن الرحيم ○ و بعلم بسم

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حلم و بردباری کے طفیل اور بسم اللہ

الله الرحمن الرحيم ○ و بعلم بسم الله الرحمن الرحيم ○ الحمد لله

الرحمٰن الرحیم کے علم کے طفیل اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے علم اور پرچم کے طفیل۔ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں

رب العلمين ○ الرحمن الرحيم ○ ملك يوم الدين ○ اياك نعبد

جو سب جہانوں کا رب ہے۔ رحمت میں حد غایت کو پہنچا ہوا ہے بہت مہربان ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے اے ان صفات کمال والے تیری

و اياك نستعين ○ اهدنا الصراط المستقيم ○ صراط الذين انعمت

ہی عبادت کرتے ہیں۔ اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں۔ ہمیں راہ راست پر چلا۔ ان لوگوں کی راہ پر کہ جن پر تو نے انعام

عليهم ○ غير المغضوب عليهم و لا الضالين ○ قال الله تعالى ان

فرمایا ہے نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ راہ راست سے بھٹکے ہوئے لوگوں کی۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے بے شک

الله لعليم حليم ○ و قال الله تعالى انه كان حليما غفورا ○ اللهم

اللہ تعالیٰ البتہ دائمی علم اور حلم والا ہے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے بیشک وہ ہمیشہ سے صاحب حلم اور صاحب مغفرت ہے۔ اے

صل على سيدنا محمد الذى فيه حلم عظيم اللهم صل على

اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن میں عظیم حلم اور بردباری ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سيدنا محمد الذى قال اتاكم وفد عبد القيس و ما يرى احد

سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ تمہارے پاس قبیلہ عبد القیس کا وفد آ چکا حالانکہ ان میں سے ابھی کوئی شخص دکھائی نہیں دیتا

فبينما نحن كذلك اذ جاءوا فنزلوا فاتوا رسول الله صلى الله

تھا۔ تو اسی دوران کہ ہم ابھی بارگاہ رسالت پناہ میں حاضر تھے کہ وہ پہنچ گئے فوراً اپنی سواریوں سے اُترے اور آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے

عليه و سلم فبقى الاشج العصرى فجاء بعد فنزل منزلا فاناخ

صلی اللہ علیہ وسلم صرف اشج عصری ابھی باقی رہ گیا تھا وہ بھی ان کے بعد پہنچ گیا پس وہ اپنی قیامگاہ پر اُترا۔

رَاحِلَتَهٗ وَوَضَعَ ثِيَابَهٗ جَانِبًا ثُمَّ جَآءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

سواری کو بٹھایا اور اپنے مستعمل کپڑوں کو ایک طرف رکھ کر اس نے نئے پہنے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَشَجُّ اِنَّ فِيْكَ

کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا۔ صلی اللہ علیہ وسلم اے اشج تیرے اندر

لَخَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالتَّوَدَّةُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَشَيْءٌ

دو خصلتیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے۔ بردباری اور آہستگی اور باوقار انداز۔ اس نے عرض کی یارسول اللہ کیا یہ ایسی شئی ہے

جُبِلْتُ عَلَيْهِ اَمْ شَيْءٌ حَدَثَ لِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

جس پر میں پیدا کیا گیا ہوں یا بعد میں میرے اوپر طاری ہوئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ بَلْ شَيْءٌ جُبِلْتَ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

وسلم نے فرمایا بلکہ وہ ایسی شئی ہے کہ تو اسی پر پیدا کیا گیا ہے یعنی وہ تیرے خمیر میں داخل ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے

قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَّهُوَ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُّنَفِّذَهٗ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰى رُءُوْسِ

فرمایا "جس شخص نے غصے کو پی لیا حالانکہ وہ اسے نافذ کرنے پر قادر تھا۔ اللہ تعالیٰ اس کو بلائے گا تمام

الْخَلَآئِقِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُخَيِّرَهٗ فِيْ اَيِّ حُوْرٍ شَآءَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

مخلوقات کے سامنے قیامت کے دن یہاں تک کہ اس کو اختیار دے گا کہ حوروں میں سے جو چاہے اختیار کرے۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ مَا مِنْ جُرْعَةٍ اَعْظَمُ اَجْرًا عِنْدَ اللّٰهِ

نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا۔ نہیں کوئی گھونٹ عظیم تر اجر والا اللہ تعالیٰ کے ہاں غصہ کے گھونٹ سے جسے بندہ

مِنْ جُرْعَةِ غَيْظٍ كَظَمَهَا عَبْدٌ اِبْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

پی لے محض اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ مَا كَانَ الْفُحْشُ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا شَانَهٗ

سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا نہیں ہوتا فحش کسی شئی میں مگر اس کو عیب ناک کر دیتا ہے

وَلَا كَانَ الْحَيَآءُ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا زَانَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور نہیں ہوتا حیا کسی شئی میں کبھی مگر اس کو مزین اور آراستہ کر دیتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ اَلْحَيَآءُ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَالْبَذَآءُ

محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ حیا، ایمان کا عظیم شعبہ ہے اور ایمان جنت میں ہے اور بے حیائی

مِنَ الْجَفَآءِ وَالْجَفَآءُ فِي النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

جفا کاری کا بہت بڑا شعبہ ہے اور جفا کاری آتش دوزخ میں ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے

قَالَ اِنَّ مِمَّآ اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُوْلٰى اِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ

فرمایا بیشک جو پا لیا لوگوں نے پہلی نبوتوں کے کلام سے اسی سے یہ بھی ہے "جب تجھے حیاء دامنگیر نہ ہو

فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ

تو کر جو چاہے" اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا

لِلْاَشَجِّ الْعَصَرِيِّ اِنَّ فِيْكَ خَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالْحَيَآءُ

اشج عصری کو بے شک تجھ میں دو ایسی خصلتیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے۔ بردباری اور شرم وحیاء

وَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَهُوَ

اور تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا ایک انصاری شخص پر جبکہ وہ

يَعِظُ اَخَاهُ فِي الْحَيَآءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ

اپنے بھائی کو نصیحت کر رہا تھا حیاء کے متعلق تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو کچھ نہ کہو

فَاِنَّ الْحَيَآءَ مِنَ الْاِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ

کیونکہ حیاء ایمان کا عظیم شعبہ ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا

اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ وَّالْفَاجِرُ خَبٌّ لَئِيْمٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

کہ مومن سادہ لوح اور صاحب کرم ہے اور فاجر (منافق) عیار اور کمینہ ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِيْ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَّحْرُمُ عَلَى النَّارِ وَبِمَنْ تَحْرُمُ النَّارُ عَلَيْهِ

جنہوں نے فرمایا "کیا میں تمہیں خبر نہ دوں اس شخص کی جو آگ پر حرام کیا گیا ہے اور جس پر آتش دوزخ حرام کی گئی ہے۔

عَلٰى كُلِّ هَيِّنٍ لَيِّنٍ قَرِيْبٍ سَهْلٍ وَّقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

اور ہر اس مومن شخص کے جو آہستہ رو۔ نرم خو۔ ہر ایک سے قریب اور نرمی برتنے والا ہے" اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے "جو

يُحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ

رفق اور نرم مزاجی سے محروم کیا گیا وہ بہت بڑی خیر سے محروم کیا گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا۔

اَلتُّؤَدَةُ فِىْ كُلِّ شَىْءٍ خَيْرٌ اِلَّا فِىْ عَمَلِ الْاٰخِرَةِ وَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ

کہ آہستگی بہتر ہے ہر چیز میں مگر عمل آخرت میں۔ اور فرمایا نبی اللہ صلی اللہ علیہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاَنَاةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْعُجْلَةُ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَرُوِىَ عَنْ

وسلم نے آہستگی اور باوقار انداز اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔ اور حضرت

عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى

سے سوال کیا اللہ سبحانہ کے اس قول کے متعلق انہیں کے لیے بشارت ہے دنیوی زندگی میں اور

الْاٰخِرَةِ قَالَ هِىَ الرُّؤْيَةُ الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

آخرت میں" تو آپ نے فرمایا (یہ بشارت) اچھے خواب ہیں جنہیں مرد مسلم دیکھتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ يَقُوْلُ ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ وَبَقِيَتِ الْمُبَشِّرَاتُ

محمد کریم پر جو فرماتے ہیں نبوت ختم ہو چکی اور صرف مبشرات اور سچے خواب باقی رہ گئے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ الرُّؤْيَا الْحَسَنَةُ مِنَ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا "نیک مرد کا اچھا خواب

الرَّجُلِ الصَّالِحِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ قَالَ

نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے فرمایا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن کا خواب ایک جزء ہے نبوت کے چھیالیس

مِّنَ النُّبُوَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ الرُّؤْيَا

اجزاء میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا سچا خواب

الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِّنْ سَبْعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

نبوت کے ستر اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ لَمْ يَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ قَالُوْا وَمَا

محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ نہیں باقی رہے نبوت میں سے مگر مبشرات صحابہ کرام نے عرض کیا وہ

الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ اَوْ تُرٰى

مبشرات کیا ہیں تو آپ نے فرمایا وہ سچا خواب جسے مرد مسلم دیکھتا ہے (ذاتی صلاحیت سے) یا اسے دکھلایا جاتا ہے (قدرت

لَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ

کاملہ سے) اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ جب قریب ہوگا زمانہ (قیامت کا)

لَمْ يَكَدْ يَكْذِبُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّ

نہیں قریب کہ جھوٹا ہو مومن کا خواب اور مومن کا خواب ایک جزء ہے نبوت کے چھیالیس

اَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ وَمَا كَانَ مِنَ النُّبُوَّةِ فَاِنَّهٗ لَا يَكْذِبُ

اجزاء میں سے اور جو نبوت کے اثرات و برکات سے ہوگا وہ یقیناً جھوٹا نہیں ہوگا

وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ وَاَنَا اَقُوْلُ الرُّؤْيَا ثَلٰثٌ حَدِيْثُ النَّفْسِ

اور فرمایا محمد بن سیرین نے اور میں کہتا ہوں کہ خواب تین قسم کے ہیں حدیث نفس

وَتَخْوِيْفُ الشَّيْطَانِ وَبُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ فَمَنْ رَّاٰى شَيْئًا يَّكْرَهُهٗ

اور شیطانی ڈراوا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت تو جو شخص دیکھے ایسی چیز جسے وہ ناپسند رکھتا ہے

فَلَا يَقُصُّ عَلٰى اَحَدٍ وَّلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ قَالَ وَكَانَ يَكْرَهُ الْغُلَّ فِى

تو وہ اسے کسی کے سامنے بیان نہ کرے اور اٹھ کھڑا ہو پس نماز پڑھے اور فرمایا کہ وہ خواب میں طوق پہنائے جانے کو ناپسند کرتے

النَّوْمِ وَيُعْجِبُهُمُ الْقَيْدُ وَيُقَالُ الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِى الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ہیں اور بیڑیاں پہنایا جانا انہیں بھلا معلوم ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ بیڑیاں پہنایا جانا دین پر ثابت قدمی (کی علامت) ہے اے اللہ صلوٰۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ رَاَيْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ

فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا میں نے ایک رات دیکھا خواب میں جیسے کہ لوگ خواب دیکھتے ہیں

كَانَّا فِي دَارِ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ فَأُتِيْنَا بِرُطَبٍ مِّنْ رُّطَبِ ابْنِ طَابٍ

گویا کہ ہم عقبہ بن رافع کے مکان میں ہیں تو ہمارے پاس ابن طاب کے باغ والی تازہ کھجوریں لائی گئی ہیں

فَأَوَّلْتُ أَنَّ الرِّفْعَةَ لَنَا فِي الدُّنْيَا وَالْعَاقِبَةَ فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ دِيْنَنَا

تو میں نے اس کی تعبیر یہ کی کہ دنیا میں برتری ہمارے ہی لیے ہے اور حسن عاقبت آخرت میں اور ہمارا دین

قَدْ طَابَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ

طیب و پاکیزہ ہوگیا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ میں نے خواب میں دیکھا

اَنِّيْ اُهَاجِرُ مِنْ مَّكَّةَ اِلٰى اَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ فَذَهَبَ وَهْلِيْ اِلٰى اَنَّهَا

کہ میں ہجرت کر رہا ہوں مکہ مکرمہ سے اس زمین کی طرف جس میں بکثرت کھجوریں ہیں تو میرا وہم اس طرف گیا کہ دار ہجرت

الْيَمَامَةُ اَوْهَجَرُ فَاِذَا هِيَ الْمَدِيْنَةُ يَثْرِبُ وَرَاَيْتُ فِيْ رُؤْيَايَ اَنِّيْ

یمامہ یا ہجر ہے تو واقعہ میں وہ مدینہ یثرب تھا اور میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے

هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهُ فَاِذَا هُوَ مَا اُصِيْبَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

تلوار کو ہلایا تو اس کا اگلا حصہ ٹوٹ گیا تو اس کی تعبیر تھی وہ مصیبت جو مومنین کو

يَوْمَ اُحُدٍ ثُمَّ هَزَزْتُهُ اُخْرٰى فَعَادَ وَاَحْسَنَ مَا كَانَ فَاِذَا هُوَ مَا جَاءَ

احد کے دن پہنچی۔ پھر میں نے خواب میں ہی اس کو دوبارہ جھٹکا دیا تو وہ پہلے سے بھی اچھی حالت میں ہوگئی تو اس کی

اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

تعبیر وہ فتح اور باہمی الفت تھی جو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی مومنین کو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِيْ قَالَ بَيْنَمَا اَنَا نَائِمٌ اُتِيْتُ بِخَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَ فِيْ كَفِّيْ

جنہوں نے فرمایا اس دوران کہ میں سویا ہوا تھا مجھے دیے گئے زمین کے تمام خزانے اور رکھے گئے میری ہتھیلی میں

سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَكَبُرَا عَلَيَّ فَاُوْحِيَ اِلَيَّ اَنْ اَنْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا

سونے کے دو کنگن تو وہ دونوں مجھ پر گراں گزرے پس مجھے وحی کی گئی کہ انہیں پھونک مارو میں نے پھونک مارا

فَذَهَبَا فَاَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابَيْنِ الَّذَيْنِ اَنَا بَيْنَهُمَا صَاحِبَ صَنْعَاءَ وَ

تو وہ اڑ گئے میں نے اس کی تعبیر یہ کی یہ دو جھوٹے مدعیان نبوت ہیں جن کے درمیان میں موجود ہوں ایک صاحب صنعاء اور

صَاحِبَ الْيَمَامَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ يُقَالُ اَحَدُهُمَا مُسَيْلِمَةُ صَاحِبُ الْيَمَامَةِ

دوسرا صاحب یمامہ اور ایک روایت میں ہے کہ ان میں سے ایک کو مسیلمہ صاحب یمامہ کہا جاتا ہے

وَالْعَنَسِيُّ صَاحِبُ الصَّنْعَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ

اور دوسرا اسود عنسی صاحب صنعاء ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا

اَعْنِيْ لِاَصْحَابِهٖ هَلْ رَاٰى مِنْكُمْ اَحَدٌ رُؤْيَا قُلْنَا لَا قَالَ لٰكِنِّيْ رَاَيْتُ

یعنی اپنے صحابہ کرام کو آیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے انہوں عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا لیکن میں نے

اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ اَتَيَانِيْ فَاَخَذَا بِيَدَيَّ فَاَخْرَجَانِيْ اِلٰى اَرْضٍ مُّقَدَّسَةٍ

آج رات خواب میں دیکھا کہ دو آدمی میرے پاس آئے پس انہوں نے میرے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے اور مجھے پاکیزہ زمین

فَاِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ وَّرَجُلٌ قَائِمٌ بِيَدِهٖ كَلُّوْبٌ مِّنْ حَدِيْدٍ يُّدْخِلُهٗ

کی طرف لے گئے۔ ناگاہ دیکھا کہ ایک شخص بیٹھا ہے اور دوسرا کھڑا ہے جس کے ہاتھ میں لوہے کی ٹیڑھے سر والی چھڑی ہے جسے اس کی

فِيْ شِدْقِهٖ فَيَشُقُّهٗ حَتّٰى يَبْلُغَ قَفَاهُ ثُمَّ يَفْعَلُ بِشِدْقِهِ الْاٰخَرِ مِثْلَ

ایک باچھ میں ڈال کر اسے گدی تک پھاڑ دیتا ہے۔ پھر دوسری باچھ کے ساتھ بھی اسی طرح کرتا ہے

ذٰلِكَ وَيَلْتَئِمُ شِدْقُهٗ هٰذَا فَيَعُوْدُ فَيَصْنَعُ مِثْلَهٗ قُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا

اتنے میں اس کی پہلی باچھ مندمل ہو جاتی ہے۔ پس وہ مڑ کر اس کے ساتھ حسب سابق عمل کرتا ہے میں نے کہا یہ کیا ہے

اِنْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ مُّضْطَجِعٍ عَلٰى قَفَاهُ وَرَجُلٌ

ان دونوں نے کہا آگے چلیے ہم چل پڑے حتی کہ اس آدمی پر پہنچے جو گدی کے بل لیٹا ہوا تھا اور دوسرا شخص

قَائِمٌ عَلٰى رَاْسِهٖ بِفِهْرٍ اَوْ صَخْرَةٍ يَّشْلَخُ رَاْسَهٗ فَاِذَا ضَرَبَهٗ تَدَهْدَهَ

اس کے سر پر مٹھی میں گول پتھر لیے کھڑا تھا جس سے اس کا سر پھوڑتا تھا۔ جب اس کو مارتا تو پتھر دوسری

الْحَجَرُ فَانْطَلَقَ اِلَيْهِ لِيَاْخُذَهٗ فَلَا يَرْجِعُ اِلٰى هٰذَا حَتّٰى يَلْتَئِمَ رَاْسُهٗ

جانب لڑھک جاتا تو وہ ادھر چلتا تاکہ اس کو پکڑے ابھی واپس نہیں ہوتا تھا کہ اس کا سر درست ہو جاتا تھا

فَعَادَ رَاْسُهٗ كَمَا كَانَ فَعَادَ اِلَيْهِ فَضَرَبَهٗ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا اِنْطَلِقْ

اور پہلے کی مانند ہو جاتا تو وہ واپس آکر پھر اسے مارتا میں نے دریافت کیا یہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا آگے چلیے

فانطلقنا حتی اتینا الی ثقب مثل التنور اعلاہ ضیق و اسفلہ

پس ہم چلے یہاں تک کہ ایک سوراخ پر آئے جو تنور کی مانند تھا اوپر والا حصہ تنگ تھا اور نچلا حصہ

واسع تتوقد تحتہ نار فاذا ارتفعت ارتفعوا حتی کادان یخرجوا

بہت کشادہ تھا جس کے نچلے حصے میں آگ دہک رہی تھی جب وہ بلند ہوتی تو جو اس میں تھے وہ بھی اوپر اٹھ آتے

منھا واذا خمدت رجعوا فیھا وفیھا رجال ونساء عراۃ فقلت ما

یہاں تک کہ گویا نکلنے کو ہیں اور جب وہ شعلہ بجھ جاتا تو وہ نیچے چلے جاتے اور اس میں برہنہ مرد اور عورتیں تھیں تو میں نے کہا

ھذا قالا انطلق فانطلقنا حتی اتینا علی نھر من دم فیہ رجل

یہ کیا ہے انہوں نے کہا آگے چلئے، ہم چلے یہاں تک کہ ایک نہر پر آئے جس میں خون جاری تھا اس کے وسط میں

قائم علی وسط النھر وعلی شط النھر رجل بین یدیہ حجارۃ

ایک شخص کھڑا تھا اور کنارے پر دوسرا شخص جس کے آگے پتھر پڑے تھے

فاقبل الرجل الذی فی النھر فاذا اراد ان یخرج رمی الرجل بحجر

پس جب متوجہ ہوتا اندر والا شخص (کنارے کی طرف) باہر نکلنے کے ارادہ پر تو مار دیتا کنارے والا شخص اس پتھر کو

فی فیہ فردہ حیث کان فجعل کلما جاء لیخرج رمی فی فیہ بحجر

اس کے منہ میں پس اس کو سابقہ جگہ پر دھکیل دیتا۔ پس یہی اس نے وطیرہ بنا لیا کہ جب بھی وہ نکلنے لگتا یہ اس کے منہ میں

فیرجع کما کان فقلت ما ھذا قالا انطلق فانطلقنا حتی انتھینا

پتھر مارتا تو وہ سابقہ جگہ پر پہنچ جاتا، تو میں نے کہا یہ کیا ہے۔ ان دونوں نے کہا آگے چلئے چنانچہ ہم چلے حتی کہ پہنچے

الی روضۃ خضراء فیھا شجرۃ عظیمۃ وفی اصلھا شیخ وصبیان

ایک سرسبز و شاداب سبزہ زار میں جس میں ایک عظیم درخت موجود تھا جس کے تنے کے ساتھ ایک بزرگ اور کچھ بچے

واذا رجل قریب من الشجرۃ بین یدیہ نار یوقدھا وصعدا

موجود تھے اور اس درخت کے قریب ہی دوسرا شخص موجود تھا جس کے سامنے آگ ہے جسے وہ بھڑکا رہا تھا اور وہ مجھے لیکر

بی الشجرۃ فادخلانی دارا وسط الشجرۃ لم ار قط احسن منھا

چڑھے درخت پر اور اس کے درمیان میں موجود ایک مکان میں داخل کیا اس طرح کا خوبصورت مکان میں نے کبھی نہیں دیکھا تھا

فیھا شیوخ وشباب ونساء وصبیان ثم اخرجانی منھا فصعدا بی

اس میں بوڑھے اور جوان، عورتیں اور بچے موجود تھے۔ پھر ان دونوں نے مجھے اس سے نکالا اور مجھے درخت پر

الشجرۃ فادخلانی دارا ھی احسن وافضل منھا فیھا شیوخ و

لے چڑھے اور ایسے مکان میں داخل کیا جو پہلے سے بھی خوبصورت ترین اور افضل تھا اس میں بوڑھے اور

شباب فقلت لھما انکما قد طوفتمانی اللیلۃ فاخبرانی عما

جوان تھے تو میں نے ان دونوں سے کہا تم نے آج ساری رات پھرایا ہے تو مجھے خبر دیجئے ہر اس شئی سے جو

رایت قالا نعم اما الرجل الذی رایتہ یشق شدقہ فکذاب

میں نے دیکھی ہے۔ انہوں نے کہا ہاں۔ لیکن وہ شخص جسے تم نے دیکھا کہ اس کی باچھیں چیری جا رہی تھیں تو وہ کذاب تھا

یحدث بالکذبۃ فتحمل عنہ حتی تبلغ الافاق فیصنع بہ ما تری

جھوٹ بیان کرتا پھر اس سے اس کو نقل کیا جاتا حتی کہ سب آفاق میں پہنچ جاتا تو اس کے ساتھ وہ سلوک کیا جاتا رہے گا جو تم نے

الی یوم القیمۃ والذی رایتہ یشدخ راسہ فرجل علمہ اللہ

دیکھا تا قیام قیامت اور وہ جس کا سر پھوڑتے آپ نے دیکھا وہ ایسا شخص ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کا

القرآن فنام عنہ باللیل ولم یعمل بما فیہ بالنھار یفعل بہ

علم بخشا مگر وہ اس سے رات کو سویا رہتا اور دن میں اس کے مطابق عمل نہ کرتا تھا۔ اس کے ساتھ یہ سلوک

ما رایت الی یوم القیمۃ والذی رایتہ فی الثقب فھم الزناۃ و

جو آپ نے دیکھا قیامت تک جاری رہے گا اور جنہیں آپ نے بڑے سوراخ میں دیکھا تو وہ زنا کار مرد اور عورتیں تھیں

الذی رایتہ فی النھر اکل الربی والشیخ الذی رایتہ فی اصل الشجرۃ

جسے آپ نے خون کی نہر میں دیکھا تو وہ سود خوار تھا اور وہ بزرگ جسے آپ نے درخت کے نیچے دیکھا

ابراھیم والصبیان حولہ فاولاد الناس والذی یوقد النار مالک

حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے۔ اور ان کے ارد گرد والے بچے لوگوں کے فوت ہو جانے والے چھوٹے بچے تھے۔ اور آگ بھڑکانے والا شخص مالک

خازن النار والدار الاولی التی دخلت دار عامۃ المؤمنین واما

تھا جو دوزخ کا نگران ہے۔ اور پہلا مکان جس میں آپ داخل ہوئے وہ عام مومنین کی جنت تھی لیکن

هذه الدار فدار الشهداء وانا جبرئيل وهذا ميكائيل فارفع

دوسرا مکان دار الشہداء تھا اور میں جبرائیل ہوں اور یہ میکائیل ہیں۔ تو آپ اپنا سر بلند

راسك فرفعت راسي فاذا فوقي مثل السحاب وفي رواية مثل

کریں جب میں نے سر کو اوپر اُٹھایا تو ناگاہ میرے اوپر بادل کی مانند ایک چیز تھی اور ایک روایت میں ہے

الربابة البيضاء قالا ذاك منزلك قلت دعاني ادخل منزلي

کہ سفید پتلے بادل کی مانند۔ انہوں نے کہا وہ بلند مرتبت منزل آپ کی ہے۔ میں نے کہا مجھے اجازت دیجیے میں اپنی منزل

قالا انه بقي لك عمر لم تستكمله فاذا استكملته اتيت

میں داخل ہو جاؤں انہوں نے کہا ابھی آپ کی عمر باقی ہے جس کی تکمیل آپ نے نہیں کی جب اس کو مکمل کر چکے تو اپنی اس

منزلك اللهم صل على سيدنا محمد الذي جاء رجل اليه

منزل میں آ جاؤ گے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کے پاس ایک شخص حاضر ہوا اور

فقال رايت في المنام كان راسي قطع قال ضحك النبي صلى

اس نے عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا میرا سر کاٹا جا چکا ہے تو آپ ہنس پڑے

الله عليه وسلم وقال اذا لعب الشيطان باحدكم في منامه فلا

اور فرمایا جب تم میں سے کسی کے ساتھ شیطان کھیلے اس کی نیند میں تو وہ اسے لوگوں کے سامنے

يحدث به الناس اللهم صل على سيدنا محمد الذي قال الرؤيا

بیان نہ کرے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا

الصالحة من الله والحلم من الشيطان فاذا راى احدكم ما

سچا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جھوٹا خواب شیطان کی طرف سے۔ جب تم میں سے کوئی شخص ایسا خواب

يحب فلا يحدث به الا من يحب واذا راى ما يكره فليتعوذ بالله

دیکھے جسے پسند کرتا ہے تو اسے صرف اپنے محبوب لوگوں کے سامنے بیان کرے۔ اور ناپسندیدہ امر دیکھے تو اللہ کی پناہ طلب

من شرها ومن شر الشيطان وليتفل ثلثا ولا يحدث بها احدا

کرے اس کے شر سے اور شر شیطان سے اور تین مرتبہ تھوکے اور کسی کو بیان نہ کرے

فانها لن تضره اللهم صل على سيدنا محمد الذي قال اذا راى

وہ اسے ہرگز ضرر نہیں دے گا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا جب تم میں سے کوئی

احدكم الرؤيا يكرهها فليبصق عن يساره ثلثا وليستعذ بالله من

خواب دیکھے جسے ناپسند کرتا ہو تو بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور پناہ طلب کرے اللہ تعالیٰ کی

الشيطن ثلثا وليتحول عن جنبه الذي كان عليه اللهم صل على

شیطان سے تین مرتبہ اور بدل جائے اس پہلو سے کہ جس پر تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سيدنا محمد الذي قال الرؤيا ثلث منها اهاويل من الشيطان

سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا خواب تین قسم پر ہیں۔ بعض شیطان کی طرف سے جو ہول و دہشت کے موجب ہوتے

ليحزن بها ابن ادم ومنها ما يهم به الرجل في يقظته فيراه

ہیں تاکہ ابن آدم کو غمزدہ کرے اور بعض وہ ہیں جس چیز کا آدمی بیداری میں ارادہ کرتا ہے پس اسی کو

في منامه ومنها جزء من ستة واربعين جزءا من النبوة قال

نیند میں دیکھتا ہے اور بعض وہ ہیں جو نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جز ہوتے ہیں راوی کہتا ہے

قلت لعوف بن مالك انت سمعت هذا من رسول الله صلى

میں نے حضرت عوف بن مالک سے کہا کیا واقعی تم نے سُنا اس کو رسول خدا صلی

الله عليه وسلم قال انا سمعته من رسول الله صلى الله عليه

اللہ علیہ وسلم سے تو انہوں نے کہا میں نے سُنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم اللهم صل على سيدنا محمد الذي قال اذا راى احدكم

وسلم سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا جب دیکھے تم سے کوئی

رؤيا يكرهها فليتحول وليتفل عن يساره ثلثا وليسئل الله

ناپسندیدہ خواب تو پہلو بدل لے اور بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور اللہ تعالیٰ سے سوال کرے

من خيرها وليتعوذ من شرها اللهم صل على سيدنا محمد الذي

اس کی خیر کا اور پناہ طلب کرے اس کے شر سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا

جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُ رَاْسِيْ

کہ ایک آدمی نبی اکرم علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کیا میں نے دیکھا کہ میرا سر

ضُرِبَ فَرَاَيْتُهٗ يَتَدَهْدَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قلم کر دیا گیا اور وہ لڑھکتا جا رہا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

يَعْمِدُ الشَّيْطٰنُ اِلٰى اَحَدِكُمْ فَيُهَوِّلُهٗ ثُمَّ يَغْدُوْ وَيُخْبِرُ النَّاسَ

نے فرمایا قصد کرتا ہے تم میں کسی کا شیطان پس وہ اسے ہول اور دہشت میں مبتلا کرتا ہے پھر وہ صبح کرتا ہے اور لوگوں کو وہ خواب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

بتلاتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیّدنا محمد پر جن کی بارگاہ میں ایک شخص حاضر ہوا جبکہ

سَلَّمَ رَجُلٌ وَّهُوَ يَخْطُبُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَيْتُ الْبَارِحَةَ فِيْمَا

آپ خطبہ دے رہے تھے پس عرض کی یا رسول اللہ میں نے گزشتہ رات دیکھا جیسے کہ

يَرَى النَّآئِمُ كَاَنَّ عُنُقِيْ ضُرِبَتْ وَسَقَطَ رَاْسِيْ فَاتَّبَعْتُهٗ فَاَخَذْتُهٗ

سونے والے دیکھتے ہیں گویا کہ میری گردن مار دی گئی ہے اور میرا سر گر پڑا ہے میں نے اس کے پیچھے جا کر اس کو پکڑ لیا

فَاَعَدْتُّهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَعِبَ الشَّيْطَانُ

اور دوبارہ اپنی جگہ پر رکھ دیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب شیطان تم میں سے کسی کے ساتھ

بِاَحَدِكُمْ فِيْ مَنَامِهٖ فَلَا يُحَدِّثَنَّ بِهِ النَّاسَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

کھیلے اس کی نیند میں تو وہ ہرگز اسے لوگوں کو نہ بتلائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ اِذَا حَلَمَ اَحَدُكُمْ فَلَا يُخْبِرِ النَّاسَ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطٰنِ

محمد پر جنہوں نے فرمایا جب کسی کو بیہودہ خواب آئے تو وہ لوگوں کو بیان نہ کرے شیطان اس کے ساتھ حالتِ نیند میں

بِهٖ فِي الْمَنَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ يَقُوْلُ الرُّؤْيَا عَلٰى

مزاح کرتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیّدنا محمد پر جو فرماتے ہیں کہ خواب

رِجْلِ طَآئِرٍ مَّا لَمْ تُعَبَّرْ فَاِذَا عُبِّرَتْ وَقَعَتْ قَالَ وَالرُّؤْيَا جُزْءٌ مِّنْ

پرندے کے پاؤں پر ہوتا ہے جبتک اس کی تعبیر نہ کی جائے جب اس کی تعبیر کر دی جائے تو اس کے مطابق وقوع پذیر ہوتا ہے اور فرمایا کہ خواب

سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ قَالَ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ لَا يَقُصُّهَا اِلَّا

ایک جز ہے نبوت کے چھیالیس اجزا میں سے۔ راوی کہتا ہے اور میں گمان کرتا ہوں کہ فرمایا اسے نہ بیان کرے مگر

عَلٰى وَآدٍّ اَوْ ذِيْ رَاْيٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ اعْتَبِرُوْهَا

اہل مودت پر یا عقلمند پر۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا تعبیر کرو انہیں

بِاَسْمَآئِهَا وَكُنُوْهَا بِكُنَاهَا وَالرُّؤْيَا لِاَوَّلِ عَابِرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان کے اسماء کے ساتھ اور کنیتوں کے ساتھ نامزد کرو اور خواب پہلے تعبیر دینے والے کے مطابق ہوتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَتٰى اِلَيْهِ رَجُلٌ مُّنْصَرَفَهٗ مِنْ اُحُدٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی بارگاہ میں حاضر ہوا ایک شخص احد سے واپسی کے وقت پس عرض کیا رسول اللہ

اِنِّيْ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ ظُلَّةً تَنْطِفُ سَمْنًا وَّعَسَلًا وَّرَاَيْتُ النَّاسَ

میں نے خواب میں ایک چھوٹی سی بدلی دیکھی جس سے ٹپک رہا ہے گھی اور شہد اور لوگوں کو دیکھا کہ

يَتَكَفَّفُوْنَ مِنْهَا فَالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ وَرَاَيْتُ سَبَبًا وَّاصِلًا اِلَى

وہ ہتھیلیوں پر لیتے ہیں اس سے بعض بہت زیادہ اور بعض کم اور دیکھا میں نے ایک رسے کو جو آسمان تک

السَّمَآءِ رَاَيْتُكَ اَخَذْتَ بِهٖ فَعَلَوْتَ بِهٖ ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ بَعْدَكَ فَعَلَا بِهٖ

پہنچا ہوا تھا میں نے دیکھا کہ آپ نے اس کو پکڑا اور اوپر چڑھ گئے پھر آپ کے بعد دوسرے شخص بھی اس کو پکڑ کر چڑھ گئے

ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ بَعْدَهٗ فَانْقَطَعَ بِهٖ ثُمَّ وُصِلَ لَهٗ فَعَلَا بِهٖ فَقَالَ

پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا تو وہ ٹوٹ گیا پھر اس کو جوڑا گیا اس کے لیے تو وہ بھی اوپر چڑھ گیا تو حضرت ابوبکر نے عرض

اَبُوْ بَكْرٍ دَعْنِيْ اَعْبُرْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ عَبِّرْهَا قَالَ اَمَّا الظُّلَّةُ

کیا مجھے اجازت دیجئے یارسول کہ میں اس کی تعبیر کروں آپ نے فرمایا تعبیر کرو تو انہوں نے فرمایا چھتری

فَالْاِسْلَامُ وَاَمَّا مَا يَنْطِفُ مِنْهَا مِنَ الْعَسَلِ وَالسَّمْنِ فَهُوَ الْقُرْاٰنُ

اسلام ہے اور جو اس سے ٹپک رہا ہے یعنی شہد اور گھی تو وہ قرآن مجید

حَلَاوَتُهٗ وَلِيْنُهٗ وَاَمَّا مَا يَتَكَفَّفُ مِنْهُ النَّاسُ فَالْاٰخِذُ مِنَ الْقُرْاٰنِ

اور اس کی حلاوت اور لطافت ہے اور وہ جو لوگ اس سے ہتھیلیوں پر لیتے ہیں (کچھ زیادہ کچھ کم) تو وہ قرآن سے حاصل کر لیتے

كَثِيْرًا اَوْ قَلِيْلًا وَّ اَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ اِلَى السَّمَآءِ فَمَا اَنْتَ عَلَيْهِ مِنَ

ہیں زیادہ اور تھوڑا۔ لیکن وہ رسا جو آسمان تک پہنچا ہوا ہے تو وہ دین کی حقانیت ہے جس پر آپ پر قائم ہو

الْحَقِّ اَخَذْتَ بِهٖ فَعَلَا بِكَ ثُمَّ يَاْخُذُهٗ رَجُلٌ مِّنْۢ بَعْدِكَ فَيَعْلُوْا بِهٖ

آپ نے اس کو اپنایا اور وہ آپ کو بلندیوں پر لے گیا پھر آپ کے بعد دوسرا شخص اس کا ذمہ دار ہوگا تو یہ دین اس کو بھی بلندیوں پر فائز

ثُمَّ اٰخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهٖ ثُمَّ يُوْصَلُ لَهٗ فَيَعْلُوْ بِهٖ قَالَ اَصَبْتَ بَعْضًا وَّ

کرے گا۔ پھر اور شخص جس کے ساتھ وہ منقطع ہوگا پھر اس کو متصل کیا جائے گا پس بلند ہوگا۔ آپ نے فرمایا بعض میں درست کہا اور بعض میں

اَخْطَاْتَ بَعْضًا قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَتُخْبِرَنِّیْ

خطا کی ہے ابو بکر نے عرض کیا میں قسم دے کر عرض کرتا ہوں یا رسول اللہ کہ مجھے ضرور بتلاؤ

بِالَّذِیْٓ اَصَبْتُ مِنَ الَّذِیْٓ اَخْطَاْتُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

جس میں میں نے صواب کو پایا اور جہاں خطا سرزد ہوئی تو آپ نے فرمایا اے ابو بکر قسمیں نہ دو۔ صلی اللہ علیہ و

سَلَّمَ لَا تُقْسِمْ يَآ اَبَا بَكْرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ ابْنُ

و آلہ و صحبہ و سلم۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ حضرت عبداللہ

عُمَرَ قَالَ كُنْتُ غُلَامًا شَابًّا عَزَبًا فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

بن عمر نے فرمایا کہ میں نوجوان غیر شادی شدہ تھا زمانۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ فَكُنْتُ اَبِيْتُ فِی الْمَسْجِدِ فَكَانَ مَنْ رَّاٰی مِنَّا رُؤْيَا يَقُصُّهَا

میں۔ اور میں مسجد شریف میں ہی رات گزارتا تھا تو ہم میں سے جو بھی خواب دیکھتا وہ اسے

عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ لِیْ عِنْدَكَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیان کرتا میں نے بارگاہ الوہیت میں عرض کیا اے اللہ اگر میرے لیے تیرے

خَيْرٌ فَاَرِنِیْ رُؤْيَا يُعَبِّرُهَا لِیَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنِمْتُ

ہاں کوئی خیر ہے تو مجھے ایسا خواب دکھلا جس کی تعبیر مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیان فرمائیں چنانچہ میں سویا

فَرَاَيْتُ مَلَكَيْنِ اَتَيَانِیْ فَانْطَلَقَا بِیْ فَلَقِيَهُمَا مَلَكٌ اٰخَرُ فَقَالَ لَمْ تُرَعْ

اور دو فرشتوں کو دیکھا جو میرے پاس آکر مجھے لے گئے راہ میں ان کو ایک اور فرشتہ ملا تو اس نے کہا کہ خوف نہ کھا

فَانْطُلِقَ بِیْٓ اِلَى النَّارِ فَاِذَا هِیَ مَطْوِيَّةٌ كَطَیِّ الْبِئْرِ وَاِذَا فِيْهَا نَاسٌ قَدْ

تو مجھے آتش دوزخ کی طرف لے جایا گیا ناگاہ وہ کوئیں کی مانند گول تھی اور کیا دیکھتا ہوں کہ اس میں لوگ ہیں

عَرَفْتُ بَعْضَهُمْ فَاَخَذُوْا بِیْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ فَلَمَّآ اَصْبَحْتُ ذَكَرْتُ

جن میں سے بعض میرے جانے پہچانے تھے تو وہ ملائکہ مجھے دائیں جانب لے گئے جب صبح ہوئی تو میں نے یہ صورت ان سے

ذٰلِكَ لِحَفْصَةَ فَزَعَمَتْ حَفْصَةُ اَنَّهَا قَصَّتْهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

بِنَوْعِ قَابِلِيَّتِهٖ وَبِفَوْرِ نَصِيْبِهٖ مِنَ الْحُبِّ الْعَامِّ وَلَوَازِمِهٖ وَ
ایک قسم کی قابلیت اور استعدادِ عبد کے اور اس کے فوری حصہ پانے کے حب عام سے اور اس کے لوازم سے اور

الْخَاصِّ وَمَعَالِمِهٖ لَكَ وَلِرَبِّكَ بَالِغًا بِذٰلِكَ رُتْبَةَ الْفَنَاءِ فِيْهِ
حب خاص اور اس کے معالم سے واسطے آپ کے اور آپ کے رب جلیل کے کر پہنچنے والا ہو یہ عبد اس حب عام وخاص کے

وَالْفَنَاءِ عَنِ الْفَنَاءِ بِشُهُوْدِهٖ اِيَّاهُ بِهٖ فِيْ حَضْرَةِ وَحْدَتِهٖ بِالْبَقَاءِ
ذریعے رتبہ فنار فی اللہ تک بلکہ فناء عن الفناء کے رتبہ تک بسبب اس کے مشاہدہ کے ساتھ اسی کے اس کی بارگاہ یکتائی میں بمع بقاء

مَعَهٗ فِيْ جَمِيْعِ مَعَالِمِهٖ وَمَشَاهِدِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
باللہ و مع اللہ کے تمام معالم و مشاہد میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ هَدَاهُ اللّٰهُ بِاَهْدٰى سُبُلِهٖ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی ہے اپنی کامل ہدایت والے

وَخَصَّهُ اللّٰهُ بِمَا لَمْ يَخُصَّ بِهٖ اَحَدًا مِّنْ رُّسُلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
راہوں کی اور مخصوص ٹھہرایا ان کو ایسے کمالات کے ساتھ کہ نہیں مخصوص کیا ساتھ ان کے کسی رسول کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اُجْلِسَ عَلٰى كُرْسِيِّ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب کو بیٹھایا گیا کرسی

الْجَلَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
جلال پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِيْ اُلْقِيَتْ عَلَيْهِ هَيْبَةُ الرِّسَالَةِ وَاُعْطِيَ مِنْبَرَ الْكَرَامَةِ فِيْ
جن پر ڈالی گئی تھی جلالت وہیبت رسالت کی اور جنہیں عطا کیا گیا منبر کرامت کا

عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
قیامت کے میدانوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ مَنْ اُوْتِيَ مِنَ الْكُتُبِ وَالسُّنَّةِ وَمَنْ غُرِسَتْ لَهٗ
آل پر جو محبوب بہتر ہیں ان سب سے جو عطا کیے گئے کتاب وسنت اور جن کے لیے لگائے گئے

ثِمَارُ الْجَنَّةِ وَخَيْرِ مَنْ حُلِّيَ بِالْمَحَلِّ الْاَعْلٰى وَمَنْ رُّفِعَتْ لَهُ الدَّرَجَاتُ
جنت میں پھل دینے والے پودے اور جو بہتر ہیں ان سب سے جو آراستہ کیے گئے بلند شان زیورات کے ساتھ اور جن کے لیے بلند

الْعُلٰى خَيْرِ شَفِيْعٍ وَّمُشَفَّعٍ وَّرَفِيْعٍ وَّمُرَفَّعٍ وَّمَقْصُوْدٍ وَّمَرْغُوْبٍ وَّ
کیے گئے اعلیٰ درجات۔ بہترین شفیع۔ بہترین مقبول الشفاعت۔ بہترین بلند مرتبت اور بلندیوں پر فائز کیے ہوئے

حَبِيْبٍ وَّمَحْبُوْبٍ وَّخَيْرِ مَنْ تَحَلّٰى بِحُلَّةِ الْكَمَالِ وَمَنْ تَقَلَّدَ
سب سے افضل مقصود ومرغوب اور حبیب ومحبوب اور بہتر سب سے جو آراستہ ہوئے خلعتہائے کمال کے ساتھ اور جنہوں نے گلے میں ڈالے

قَلَائِدَ النَّوَالِ وَالْاِفْضَالِ وَمَنْ يُّرْجٰى بِهٖ لِدَفْعِ الْعَظَائِمِ وَ
جود ونوال والے ہار اور جن سے امید کی جا سکتی ہے عظیم مصائب کے دور کرنے کی اور

لِنَيْلِ الْمَكَارِمِ وَمَنْ سَمَا وَتَسَنّٰى وَمَنْ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ

مکارم و بزرگ اخلاق کے پانے کی اور جو بلند مقام پر فائز ہوئے اور بلندی و رفعت کے لیے سعی کی اور جن کیلئے کھولے گئے

السَّمَآءِ خَيْرِ الْاَخْيَارِ وَخَيْرِ الْاَبْرَارِ وَخِيَارِ الدِّيْنِ وَخِيَارِ

آسمان کے سبھی دروازے۔ جو نیک سیرت لوگوں سے بہتر و برتر ہیں اور محسنین سے منتخب اور مختار۔ اہل دین سے مختار اور

الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَخِيَارِ السُّعَدَآءِ وَالشُّهَدَآءِ وَخَيْرِ مَنْ

اوّلین و آخرین کے مختار، سعداء اور شہداء سے مختار اور

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَاهْتَدٰى وَخَيْرِ مَنْ خَضَعَ لِلّٰهِ وَتَوَاضَعَ وَمَنْ جَدَّ

اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہر ایمان لانے والے اور ہدایت پانے والے کے سردار، اور اللہ تعالیٰ کیلئے انکساری و تواضع کرنیوالوں کے سردار اور جنہوں

فِي الْخَيْرِ وَسَارَعَ وَخَيْرِ مَنْ حَصَلَ لَهٗ جَزِيْلُ الثَّوَابِ مِنْ رَّبِّ

نے جدوجہد کی خیر میں اور مسارعت سے کام لیا ان کے سردار اور بہتر ان سب کے جنہیں حاصل ہوا ثواب جزیل رب

الْاَرْبَابِ وَخَيْرِ مَنِ اتَّقٰى وَخَيْرِ مَنْ سَنَّ السُّنَنَ وَخَيْرِ مَنْ

الارباب کی طرف سے اور بہتر سب اہل اتقاء سے اور بہتر سب سنن کے جاری کرنے والوں سے۔ بہتر ان سب سے

شَهَّرَ الدِّيْنَ وَخَيْرِ مَنْ ذَكَرَ اللّٰهَ فِي السِّرِّ وَالْعَلَنِ وَخَيْرِ مَنْ

جنہوں نے دین کی تشہیر کی اور بہتر ان تمام حضرات سے جنہوں نے اللہ کا ذکر کیا خفیہ اور علانیہ اور بہتر ان سب سے

اَسْدٰى مَعْرُوْفًا اِلَى الْاَنَامِ وَاَحْسَنَ وَخَيْرِ الرُّسُلِ الْبَشَرِيِّيْنَ وَ

جنہوں نے پہنچائی خیر مخلوق تک اور احسان کیا اور جو بہتر ہیں تمام رسل بشری اور

الْمَلَكِيِّيْنَ وَخَيْرِ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ وَخَيْرِ الْمُعْرِضِيْنَ وَ

ملکی سے اور بہتر و برتر ہیں تمام مخلوق سے اور بہتر و برتر ہیں (ماسوا اللہ سے) اعراض کرنے والوں اور

الْمُوَحِّدِيْنَ الْعَارِفِيْنَ الْوَاصِلِيْنَ الْكَامِلِيْنَ الْمُكَمِّلِيْنَ

اہل توحید۔ ارباب عرفان اصحاب وصول۔ اہل کمال و تکمیل

الزَّاهِدِيْنَ الصَّابِرِيْنَ الْقَانِعِيْنَ الشَّاكِرِيْنَ الْمُشَاهِدِيْنَ

ارباب زہد و صبر اور اصحاب قناعت و شکر سے اور ارباب مشاہدہ

الْمُتَوَكِّلِيْنَ الْمُرَاقِبِيْنَ الْمُتَّقِيْنَ خَيْرِ اُولِي الْعَزْمِ وَخَيْرِ مَنْ سَبَقَ

و توکل اور اہل مراقبہ و اتقاء سے اور جو بہتر و برتر ہیں سب اولو العزم سے اور بہتر ہیں سابقین

وَلَحِقَ وَمَنْ حَجَّ وَلَبّٰى وَخَيْرِ الْاَوَآئِلِ وَالْاَوَاخِرِ وَالْمُمْكِنَاتِ وَخَيْرِ

و لاحقین سے اور حج کرنے اور تلبیہ کہنے والوں سے اور بہتر و برتر ہیں اوائل و اواخر سے اور تمام ممکنات سے اور بہتر

عَاصِمٍ وَخَيْرِ الْعَبِيْدِ وَخَيْرِ مَنْ وَّطِئَ الثَّرٰى وَخَيْرِ الْفَرِيْقَيْنِ وَخَيْرِ

ہیں ہر صاحب عصمت سے اور تمام بندگان خداوند تعالیٰ سے بہتر اور بہتر ہیں زمین پر قدم رکھنے والوں سے اور بہتر ہیں

الْبَرِيَّةِ وَخَيْرِ مَنْ صَلَّيْتَ عَلَيْهِ وَمَنْ اَوْحَيْتَ اِلَيْهِ وَخَيْرِ مَنْ

دونوں فریق (عرب و عجم) سے اور بہتر ہیں ساری مخلوق سے اور بہتر ہیں ان تمام سے جن پر تو نے صلواۃ بھیجی اور جن پر وحی نازل فرمائی

اُرْسِلَ اَوْ تَنَبَّا وَمَنْ رَّكِبَ الْمَطَايَا وَخَيْرِ مَنْ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ وَمَنْ

اور بہتر ہیں ان تمام سے جو رسول بنائے گئے یا نبی بنے اور جو سوار ہوئے سواریوں پر اور بہتر ہیں ان تمام سے جن پر تو صلواۃ بھیجے گا اور جن

تُسَلِّمُ عَلَيْهِ وَمَنْ تُبَارِكُ عَلَيْهِ صَلٰوةً خَيْرَ الصَّلٰوةِ وَتَسْلِيْمًا

پر سلام بھیجے گا اور جن پر برکت نازل کرے گا ایسی صلواۃ جو تمام صلوات سے بہتر اور ایسا سلام جو

خَيْرَ التَّسْلِيْمَاتِ وَبَرَكَةً خَيْرَ الْبَرَكَاتِ وَخَيْرِ اَهْلِ الرِّضَآءِ وَ

تمام تسلیمات سے بہتر ہو اور ایسی برکت جو تمام برکات سے بہتر اور جو بہتر و برتر ہیں اہل رضا و

التَّسْلِيْمِ وَاَهْلِ الْوَرَعِ وَالْعِلْمِ وَالْعَقْلِ وَالْحُبِّ وَالْفَنَآءِ وَالْبَقَآءِ

تسلیم سے اور اہل ورع اور ارباب علم و عقل اور حب سے اور ارباب فنا و بقاء سے

وَخَيْرِ اَصْحَابِ الْمُكَاشَفَةِ وَاَرْبَابِ الْمُعَايَنَةِ وَخَيْرِ الْكُلِّ فِي

اور بہتر و برتر ہیں اصحاب مکاشفہ اور ارباب معائنہ سے اور بہتر و برتر ہیں تمام مخلوق سے

الْكُلِّ وَخَيْرِ النَّبِيِّيْنَ وَالرَّاضِيْنَ الْاَوَّلِيْنَ الْاٰخِرِيْنَ الْمُحِبِّيْنَ

تمام کمالات میں اور بہتر و برتر ہیں تمام انبیاء سے اور ارباب رضا سے۔ اولین و آخرین سے اور محبین

الْمَحْبُوْبِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

و محبوبین سے۔ اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے

اَلَّذِیْ هُوَ خَیْرُ الْمُحِبِّیْنَ وَالْمَحْبُوْبِیْنَ اَنْ تَنْظُرَنِیْ بِعَیْنِ الْحُبِّ وَ

جو بہتر و برتر ہیں تمام محبین و محبوبین سے کہ تو مجھے دیکھے حب و

الْقُرْبِ وَالْوَصْلِ وَفِیْٓ اِیْمَانِیْ وَاِسْلَامِیْ وَاِحْسَانِیْ وَدِیْنِیْ وَدُنْیَایَ

قرب اور وصل کی نگاہ سے اور نظر فرمائے میرے ایمان و اسلام اور احسان میں۔ میرے دین و دنیا

وَاٰخِرَتِیْ وَعِلْمِیْ وَعَمَلِیْ وَرَجَآئِیْ وَشِفَآئِیْ وَقُوَّتِیْ وَصِحَّتِیْ وَ

اور آخرت میں۔ میرے علم و عمل اور رجاء و شفاء میں۔ میری قوت اور صحت و

عَافِیَتِیْ وَجِسْمِیْ وَرُوْحَانِیَّتِیْ وَوُجُوْدِیْ وَحَیَاتِیْ وَصِفَاتِیْ وَ

عافیت میں۔ میرے جسم و روحانیت اور وجود میں میری حیات و صفات اور

قِیَامِیْ وَکَلَامِیْ وَحَالِیْ وَخَیَالِیْ وَکَمَالِیْ وَمَقَامِیْ وَفِیْ ذَوْقِیْ وَشَوْقِیْ

قیام و کلام میں۔ میرے حال و خیال اور کمال و مقام میں میرے ذوق و شوق

وَمَعْرِفَتِیْ وَوَحْدَتِیْ فَلَآ اَتَوَسَّلُ اِلَّا بِهٖ کَالظِّلِّ اَوِ الْجُزْءِ اَوِ الْجُزْئِیِّ

اور معرفت و وحدت میں پس میں نہ توسل کروں مگر ساتھ انہیں کے مانند توسل وتطفل سایہ کے یا جزء کے یا

فَتَوَسَّلُوْا بِمَآ اَتَوَسَّلُ بِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَحْمَدُكَ عَنْ شَرَفِ تَوَسُّلِیْ

جزئی کے پس تم بھی توسل کرو اے میرے متعلقین، ساتھ انہیں کے جنہیں میں نے وسیلہ بنایا ہے۔ اے اللہ میں تیری حمد کرتا ہوں مجھے توسل

بِاَشْرَفِ الْوَسَآئِلِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَسْتَعِیْنُكَ فِیْ

کا شرف بخشنے پر ساتھ اشرف الوسائل محمد کے صلی اللہ علیہ وسلم اور میں تجھ سے استعانت کرتا ہوں

جَمِیْعِ اُمُوْرِیْ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتُكَ اِذَا نَصَرْتَ وَاَعَنْتَ لِعَبْدِكَ وَ

اپنے تمام امور میں۔ اے اللہ تیری رحمت (کی اعانت درکار ہے) جب تو نصرت واعانت فرمائے اپنے اس عبد

فَقِیْرِكَ الْمُتَوَجِّهِ اِلَیْكَ فَحَصَلَتْ لَهٗ اِطَاعَةُ کُلِّ مَوْجُوْدٍ عُلْوِیًّا

کی اور فقیر کی جو متوجہ ہے طرف تیری پس حاصل ہوئی اسے اطاعت ہر موجود علوی

کَانَ اَوْ سِفْلِیًّا کَاِعَانَةِ رَحْمَتِكَ فِیْ حَقِّ سُلَیْمَانَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَهُوَ

اور سفلی کی مانند تیری رحمت کی اعانت کے واسطے سلیمان علیہ السلام کے جبکہ وہ بھی

کَانَ وَاحِدًا مِّنْ اَبْنَآءِ اٰدَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَسَخَّرْتَ لَهُ الرِّیْحَ وَالْجِنَّ

ایک فرد تھے حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے پس تو نے مسخر فرما دیا ان کے لیے ہوا۔ جن

وَالطُّیُوْرَ مَعَ وُقُوْفِهٖ عَلٰی اَصْوَاتِهِمْ وَطَیَرَانِ سَرِیْرِهٖ فِی الْهَوَآءِ مِنْ

اور پرندوں کو بمع ان کے واقف ہونے کے ان کی بولیوں پر اور ان کے تخت کا ہوا پر اڑنا

مَّحْضِ رَحْمَتِكَ عَلَیْهِ بِتَوَجُّهِهٖ اِلَیْكَ بِصِدْقِ الْقَلْبِ وَالْاِخْلَاصِ

محض ان پر تیری رحمت کا نتیجہ ہے بسبب متوجہ ہونے ان کے تیری طرف ساتھ صدق قلب اور اخلاص کے

مَعَ اَنَّهٗ کَانَ بَشَرًا ابْنَ بَشَرٍ مِّنْ نَّبِیٍّ کَسَآئِرِ اَبْنَآءِ الْاَنْبِیَآءِ مِنَ

باوجودیکہ وہ بھی بشر تھے اور بشر نبی کے بیٹے تھے مانند دوسرے انبیاء کے بیٹوں کے

الْاَسْبَاطِ لَا مَلَكًا ط یَا مُبْدِعَ الْبَدَآئِعِ لَمْ تَدَعْ فِیْٓ اِنْشَآئِهَا عَوْنًا

اسباط میں سے نہ کہ فرشتے تھے۔ اے انوکھی اشیاء کے از سر نو ایجاد کرنے والے نہیں چھوڑی تو نے ان بدائع کے پیدا کرنے میں اعانت

مِّنْ خَلْقِهٖ وَاَبْدَعْتَ الصَّنَآئِعَ بِذَاتِهِ الصَّمَدِ الْغَنِیِّ مِنْ کُلِّ

(کی گنجائش) اپنی مخلوق کے لیے اور ایجاد کیا از سر نو صنائع کو اپنی بے نیاز ذات کے ساتھ جو غنی و بے نیاز ہے ہر

اٰلَةٍ وَّشَرْطٍ مُّتَوَقِّفٍ عَلَیْهِ وَعِلَّةٍ حَتّٰٓی اَبْدَعْتَ کُلَّ شَیْءٍ بِهَیْئَاتٍ

آلہ اور شرط سے ۔موقوف علیہ اور علت سے حتیٰ کہ تو نے پیدا فرمایا ہر شئے کو مختلف ہیئات

مُّخْتَلِفَةٍ وَّاَلْوَانٍ مُّتَنَوِّعَةٍ وَّاَشْکَالٍ مُّتَجَنِّسَةٍ وَّصُوَرٍ اِنْسِیَّةٍ

اور انواع واقسام کے رنگوں میں اور مختلف اجناس کی اشکال میں اور مختلف انسانی صورتوں میں

بِاَحْسَنِ صُوْرَةٍ وَّاَبْدَعِ سِیْرَةٍ فِیْ مَلَکُوْتٍ مُّتَلَاْلِئَةٍ بَرَّاقَةٍ بِحَیْثُ

انتہائی حسین صورت اور انوکھی سیرت کے ساتھ ایسے ملکوت میں جو روشن اور چمکدار ہے یہاں تک

تَغِیْبُ الشَّمْسُ مَعَ شُعَاعَاتِهَا فِیْ بَرَاقَتِهَا الْجَلَالِیَّةِ هٰذَا هُوَ

غائب ہو جاتا ہے سورج بمع اپنی شعاعوں کے ان کی جلالی چمک و دمک میں یہی ہیں

الْاٰثَارُ مِنَ الْبَدَآئِعِ الْاِلٰهِیَّةِ وَاَیْنَ الْعَوْنُ الْخَلْقِیُّ النَّاسُوْتِیُّ

آثار اللہ تعالےٰ کی انوکھی ایجادات کے اور کیا حیثیت ہے مخلوق کی اعانت کی جو نحوذ جسمانی

الصَّلْصَالِيُّ وَالْجِنِّيُّ النَّارِيُّ بَلْ كُلُّ عَوْنٍ هَالِكٌ تَحْتَ
ارضی لباس والی ہے یا جنوں کی جو مادۂ نار سے بنے ہیں بلکہ ہر عون واعانت فانی و ہالک ہے نیچے تیری عنایت

عَوْنِ عِنَايَتِكَ الْكُلِّيَّةِ وَالْجُزْئِيَّةِ الْمُرَادَةِ عِنْدَ
کلیہ و جزئیہ کی عون کے جس کا ارادہ کیا جاتا ہے وقت

إِيْجَادِ كُلِّ نَوْعٍ وَّإِبْدَاعِ كُلِّ عَجِيْبٍ وَّ اخْتِرَاعِ كُلِّ هَيْئَةٍ مَّعَ
ایجاد کرنے ہر نوع کے اور از سر نو پیدا کرنے پر عجیب شئ کے اور اختراع کرنے ہر ہیئت کے مع

لَوَازِمِ شَخْصِيَّةٍ وَ بِخَلْقِ قَابِلِيَّةٍ مُّتَجَدِّدَةٍ إِضَافَاتُهَا وَ نِسَبُهَا
اس کے لوازم شخصیہ کے اور ساتھ پیدا کرنے قابلیت کے ہر وقت بدلتی ہیں جس کی اضافتیں اور نسبتیں

هَالِكَةٌ فِي عَيْنِ وَحْدَةٍ نَّاشِئَةٍ مِّنْ يَّنَابِيْعِ جَدَاوِلَ جَامِعَةٍ فِي
وہ ہلاک ہونے والی ہیں عین وحدت میں جو پیدا ہونے والی ہے ان جداول کے سرچشموں سے جو جمع ہونیوالی ہیں

بَحْرٍ أَحَدِيٍّ هُوِيٍّ وَّ مَمْطُوْسٌ لِّكُلِّ جُزْئِيٍّ مِّنْ نَّوْعٍ أَوْ جِنْسٍ أَوْ
ہویت احدیہ کے سمندر میں اور وہ سمیٹنے والوں سے ہے واسطے ہر جزئی کے نوع سے ہو یا جنس یا

شَخْصٍ حَسَنٍ أَوْ قَبِيْحٍ كَامِلٍ أَوْ نَاقِصٍ طَوِيْلٍ أَوْ قَصِيْرٍ وَّمَطْوِيَّةٌ
شخص سے ۔ خوبصورت ہے یا بدصورت کامل ہے یا ناقص اور دراز ہے یا کوتاہ اور سمٹی اور لپٹی ہے

فِي تَسْوِيَةِ جِهَةٍ وَّاحِدَةٍ مُّضْمَحِلَّةٍ ثُمَّ ظُهُوْرُهَا وَ تَنْشِيْرُهَا عِنْدَ
جہت واحدہ کی ہمواری میں جہاں پر اس کا ظہور اور نشر و اشاعت مضمحل اور بے اثر ہے وقت

تَفَتُّحٍ وَّ نَفْخٍ هُوَ عَلَامَةُ نَشْرٍ وَّ وُجُوْدٍ إِضَافِيَّةٍ وَّ نِسْبِيَّةٍ رَّاجِعَةٍ
پیدائش پھلوں کے اور مہکتے پھولوں کے جو علامت ہے نشر و وجود کی جو علامت کہ اضافی و نسبی ہے راجع ہے

إِلَى تَقْيِيْدِهَا وَ مَرَاكِزِهَا عَلَى هَيَاةِ النَّشْأَةِ الْمُفَصَّلَاتِ الْمُضِيَّاتِ
طرف تقیید کے اور اس کے مراکز کے مانند ہیئات مفصلات کی نشاۃ کے جو جاری و ساری ہیں

الْمُشَخَّصَاتِ الْمُتَمَيِّزَاتِ فَهٰذِهِ الْبَدَائِعُ أَعْجَبُ أَخْلَاقًا وَّ أَوْصَافًا
اور متشخص اور متمیز ہیں پس یہ بدائع پسندیدہ تر ہیں از روئے اخلاق و اوصاف کے

فِي الْأَنْبِيَاءِ وَكَرَامَاتٌ وَّخَوَارِقُ فِي الْأَوْلِيَاءِ مِنْ غَيْرِ تَوَقُّفٍ عَلَى
انبیاء علیہم السلام میں ۔ اور کرامات و خوارق عادات ہیں اولیاء کرام میں بغیر موقوف ہونے

عَوْنِ أَحَدٍ مِّنْ مَّخْلُوْقَاتِكَ وَعَلَى شَرْطٍ مِّنْ شَرَائِطَ فَجَعَلْتَ
کے اوپر اعانت کسی فرد کے تیری مخلوقات میں سے اور اوپر کسی شرط کے شرائط میں سے پس کیا ہے تونے

مَصْنُوْعَاتِكَ مَوْجُوْدَةً مِّنْ مَّحْضِ جُوْدِكَ وَ لُطْفِكَ حَتّٰى
اپنے مصنوعات کو موجود محض اپنے جود اور لطف سے حتّٰی کہ

يَتَعَجَّبَ خَلْقُكَ فِي أَنِّي مَتٰى أَصَبْتُ بِهٰذِهِ الْمَرَاتِبِ وَالْبَدَائِعِ
تعجب کرتی ہے تیری مخلوق اس میں کہ کہ میرے جیسے عبد نے کب سے پالیے یہ مراتب اور انوکھے مقامات

وَحَتّٰى يَتَحَقَّقَ عَلَيَّ مِنْ مَّحْضِ هِدَايَتِكَ وَ إِرْشَادِكَ مِنْ غَيْرِ
اور حتّٰی کہ متحقق ہو گئے مجھ میں محض تیری دلالت اور رہنمائی سے بغیر

جُهْدٍ طَوِيْلٍ وَّجِدٍّ كَثِيْرٍ بَلْ فِي لَمْحٍ دُوْنَ لَمْحٍ إِذَا لَمْ يَنْصُرْ عَوْنُكَ
طویل مشقت کے اور کسی بڑی کوشش کے بلکہ صرف ایک لمحہ میں بغیر دوسرے لمحہ کے ۔ اگر تیری اعانت شامل حال نہ ہو

فَمَا عَوْنُ الْغَيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
تو دوسروں کی اعانت کیا ہے ؟ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَضْرَةِ الْأَسْرَارِ وَ مَنْبَعِ الْأَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
آل پر جس محبوب کی بارگاہ بارگہ اسرار ہے اور سرچشمہ انوار ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْاٰمِرِ وَالنَّاهِيْ وَالْمُؤَيَّدِ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب صاحب امر و نہی ہیں اور مدد الٰہی سے

بِالْمَدَدِ الْإِلٰهِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
تائید و تقویت پانے والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُطْبِ دَائِرَةِ السَّعَادَاتِ وَ شِهَابِ قَبَسِ الْعِنَايَاتِ
آل پر جو آقا قطب و مرکز ہیں سعادت کے دائرہ کے اور عنایات الٰہیہ کے دہکتے انوار کے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَدْرِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر جو محبوب ماہ تمام ہیں

جَلَالِ اللّٰهِ وَاِعْظَامِهٖ وَنُوْرِ جَلَالِ اللّٰهِ وَاِنْعَامِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

اللہ تعالیٰ کے جلال وعظمت کے اور نور انور ہیں اللہ کے جلال و انعام کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سُلَالَةِ السُّلَالَةِ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب جوہر وروح ہیں خلاصۂ (کائنات) کی

وَخُلَاصَةِ الرِّسَالَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور خلاصۂ رسالت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ لَمْ يَخْلُقِ اللّٰهُ نَفْسًا مِّنَ الْاَنَامِ اَعَزَّ عَلَيْهِ

آل پر کہ نہیں پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے کوئی نفس تمام مخلوق میں جو زیادہ عزیز ومکرم ہو اس کے

مِنْ نَّفْسِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہاں آپ کی ذات سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ لَمْ يَخْلُقِ اللّٰهُ مِثْلَهٗ لَا قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پر کہ اللہ تعالیٰ نے نہیں پیدا کیا آپ کی مانند نہ آپ سے پہلے اور نہ آپکے بعد۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَقْسَمَ اللّٰهُ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ قسم اٹھائی اللہ

عَزَّوَجَلَّ بِقَلْبِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

عزوجل نے آپ کے قلب مقدس کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ صَدَّقَهُ اللّٰهُ بِلَا امْتِرَاءٍ فِيْمَا رَاٰى مِنْ اٰيَاتِ

آل پر جن کو سچا ثابت کیا اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی کے لیے شک وشبہ کی گنجائش کے رب تعالیٰ کی ان آیات کبریٰ میں

رَبِّهِ الْكُبْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

جو آپنے (شب معراج) دیکھیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ مَنَّ اللّٰهُ بِهٖ عَلَى الْاُمَّةِ وَاَوْدَعَهُ اللّٰهُ اَسْرَارَ بَدِيْعِ

پر جس محبوب (کی بعثت) کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے اُمت پر احسان عظیم فرمایا اور ان میں ودیعت فرمائے انوکھی

الْحِكْمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

حکمت کے اسرار۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ زَيَّنَ اللّٰهُ طَلْعَتَهُ السَّعِيْدَةَ وَخَصَّهُ اللّٰهُ بِالْفَضَائِلِ

پر کہ جس محبوب کی طلعت سعیدہ کو اللہ تعالیٰ نے زینت بخشی اور مخصوص ٹھہرایا انہیں بہت سے فضائل

الْعَدِيْدَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ مَلَأَتْ اَنْوَارُهٗ جَوَانِحَ الصُّدُوْرِ وَعَظُمَتْ بِهِ الْحَسَنَاتُ

کہ جس محبوب کے انوار نے بھر دئیے ہیں خلائق کے سینوں کے تمام جوانب واطراف بھی اور جن کی بدولت عظیم ہوگئیں نیکیاں

وَالْاُجُوْرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور ان کے اجر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل

مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ اسْتَنَارَتِ الْكَوْنُ بِنُوْرِهٖ وَاَشْرَقَ الْحَقُّ بِطَالِعِ

پر کہ جس محبوب کے نور کے ساتھ روشنی حاصل کی تمام جہان نے۔ اور جگمگا اٹھا حق وصدق ان کے ظہور والے

ظُهُوْرِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

ستارہ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَطْلَعَ اللّٰهُ السَّعْدَ بِطَالِعِ عِزَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کہ طلوع فرمایا اللہ تعالیٰ نے سعادت اور نیکبختی کو ان کی عزت وحرمت کے ستارے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ قَرَنَ اللّٰهُ الْيُمْنَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ اللہ تعالیٰ نے مقرون ومتصل کردیا ہے برکت

وَالتَّوْفِيْقَ بِيُمْنِ طَلْعَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور توفیق کو ان کی طلعت کے یمن وبرکت کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر او

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ انْتَشَرَتْ عَلَیْهِ اَعْلَامُ النَّصْرِ وَ

سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب پر پھیلائے ہوئے ہیں (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) پرچم نصرت اور

السَّعَادَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

سعادت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ جَعَلَ اللّٰهُ مَلَآئِكَةَ السَّمَآءِ حِزْبَهٗ وَاَجْنَادَهٗ وَقَرَّبَهٗ

کہ جس محبوب کے لیے اللہ تعالیٰ نے آسمانی فرشتوں کو بنا دیا ہے ان کا لشکر اور عساکر اور انہیں اپنے قریب کیا

مَوْلَاهُ وَنَاجَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اپنے مولیٰ نے اور سرگوشی فرمائی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِی ائْتَمَنَهُ اللّٰهُ عَلٰی كَشْفِ الْحَقَآئِقِ وَارْتَضَاهُ

اطہار پر کہ امین بنایا اللہ تعالیٰ نے اس محبوب کو کشف حقائق پر اور چن لیا انہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب کو

وَهَبَهُ اللّٰهُ الشَّرَفَ الْاَكْبَرَ وَتَرَدّٰی بِرِدَآءِ الْكَمَالِ وَاتَّزَرَ اَللّٰهُمَّ

اللہ تعالیٰ نے عطا کیا بہت بڑا شرف اور جنہوں نے کمال والی چادر اوڑھی اور اس کی تہبند باندھی۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ اَعْطَاهُ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ عطا فرمائے اللہ تعالیٰ نے

اللّٰهُ جَمِیْعَ مَطَالِبِهٖ وَقَصْدِهٖ وَاَثْبَتَ اللّٰهُ فِیْ دِیْوَانِ مَجْدِهٖ وَتَنْزِیْهِ

اس محبوب کو ان کے تمام مطالب اور مقاصد۔ اور ثبت فرما رکھا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے نام نامی کو اپنے بزرگی

عَهْدِهٖ وَوَعْدِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اور پاکیزہ عہد و پیمان کے دیوان میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ طُبِعَ عَلَی الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَالْقَلْبِ السَّلِیْمِ وَ

امجاد پر کہ جو محبوب پیدا کئے گئے ہیں خلق عظیم پر اور قلب سلیم پر اور

جُبِلَ عَلَی الطَّبْعِ الْكَرِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

ان کے خمیر و طینت میں شامل کیا گیا ہے جود و کرم۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ جَعَلَ اللّٰهُ حَقَّهٗ اَعْظَمَ الْحُقُوْقِ وَجَمَعَ

آل پر کہ اللہ تعالیٰ نے بنا دیا ہے ان کے حق کو تمام حقوق سے عظیم تر اور اس نے جمع کر دئے

اللّٰهُ فِیْهِ مَا لَمْ یَجْمَعْهُ فِیْ مَخْلُوْقٍ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

آپ میں وہ اعلیٰ کمالات جو نہیں جمع کئے کسی مخلوق میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ اَمْسَكَ الْعَرْشُ بِیَمِیْنِهٖ وَ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ عرش خداوندی نے تھام لیا ان کا دایاں ہاتھ اور

اَلْبَسَ اللّٰهُ اٰدَمَ تَاجًا مِّنْ نُّبُوَّتِهٖ عَلٰی جَبِیْنِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پہنایا اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تاج نبوت (ان کے نور سے) جبین آدم پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ خَرَّتْ لِرِسَالَتِهٖ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل امجاد پر کہ سرنگوں ہو گئے ان کی بعثت رسالت کے وقت

الْاَصْنَامُ وَتَعَطَّلَتْ لِدَعْوَتِهِ الْاَزْلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اصنام اور معطل و بے اثر ہو گئے ان کے دعویٰ نبوت کے وقت فالوں والے تیر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ اَعْجَزَ الْكَفَرَةَ بِاٰیَاتِ الصُّدُوْرِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب نے عاجز و بے بس کر دیا کفار کو آیات (کلام مجید) سے جو اہل ایمان کے سینوں میں

وَاَوَّلُهٗ نُوْرٌ وَّاٰخِرُهٗ نُوْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

محفوظ ہیں اور ان کا اول بھی نور ہے اور آخر بھی نور۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ غَیَّرَ الْاَوْثَانَ وَالْاَضْدَادَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آپ کی آل پر جس محبوب نے مٹا ڈالا بتوں کو اور اللہ تعالیٰ کے مفروضہ مد مقابل اصنام کو۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ اَصْلَحَ اللّٰهُ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ اصلاح فرمائی اللہ تعالیٰ نے

بِهٖ مَا كَانَ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ مِنَ الْفَسَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان کے ذریعے خشکی اور تری میں موجود فساد کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَقْوَمِ مِمَّنْ طَيَّبَ اللّٰهُ لَهُ النُّفُوْسَ وَ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو پائیدار ہیں ان تمام سے جن کے نفوس اللہ تعالیٰ نے پاکیزہ بنائے اور

اَوْرَعَ مِمَّنْ اَدْفَعَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

سب سے زیادہ صاحب پرہیز و احتیاط ہیں نفس و شیطان کا دفاع کرنیوالوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بُرْهَانِ الْمَعَادِنِ الْجَوْهَرِيَّةِ وَاَكْسِيْرِ الْعَوَالِمِ الْمَعْنَوِيَّةِ

آل پر جو محبوب جوہری معادن کی برہان ہیں اور معنوی جہانوں کی اکسیر ہیں

وَفَضَآئِلُهٗ سَمَاوِيَّةٌ وَّمَعَانِي الْاَسْرَارِ الْاِلٰهِيَّةِ وَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهُ اَحَدًا

ان کے فضائل سماوی اور بلند مرتبت ہیں اور اسرار الٰہیہ کے معانی اور مقاصد ہیں اور نہیں ذکر کیا اللہ تعالیٰ کا کسی نے

بِالرُّبُوْبِيَّةِ اِلَّا ذَكَرَهٗ بِالرِّسَالَةِ الْعَلِيَّةِ وَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهُ اَحَدًا بِالْاَحَدِيَّةِ

ربوبیت کے ساتھ مگر ان کا ذکر کیا ساتھ ہی رسالت عالیہ کے ساتھ۔ اور نہیں ذکر اللہ تعالیٰ کا کسی نے اس کی احدیت کے ساتھ

اِلَّا ذَكَرَهٗ بِالْمُحَمَّدِيَّةِ الْاَعْظَمِيَّةِ الْعَالِيَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

مگر ساتھ ان کا ذکر کیا عظیم ترین اور بالاترین محمدیت کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَنْزِ جَوَاهِرِ اللَّطَآئِفِ وَسِرِّ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر جو محبوب خزانہ ہیں جواہر لطائف کا اور راز مخفی ہیں

عَوَارِفِ الْمَعَارِفِ وَمَظْهَرِ اَنْوَارِ التَّجَلِّيَاتِ وَعُنْصُرِ مَوَادِّ الْاَسْرَارِ

بلند مرتبت معارف کا۔ مظہر ہیں انوار تجلیات کا اور اصل و عنصر ہیں مواد اسرار کا

وَفَيْضِ جَدَاوِلِ الْاَنْوَارِ اَوْلٰى بِالْعَوَارِفِ وَالْبُشْرٰى وَهُوَ لِلْعٰلَمِيْنَ

اور آپ فیض ہیں انوار کے جد اول اور نالیوں کا۔ سب سے زیادہ حقدار ہیں عوارف وعطیات اور بشارات کے واسطے عالمین کے

ذِكْرًا وَّاَدْوَمِ الْخَلْقِ عِبَادَةً وَّاَقْوَمِ مَنْ قَامَ بِشَهَادَةٍ وَّاَعْدَلِ

از روئے ذکر کے اور سب مخلوق سے زیادہ مداومت کرنے والے ہیں عبادت پر اور سب اہل شہادت سے مضبوط ترین شاہد اور

مَنْ قَامَ بِالْحُدُوْدِ وَرُوْحِ الْجُوْدِ وَسِمَاكِ السُّعُوْدِ وَاَفْضَلِ مَنْ

حدود قائم والوں میں سب سے زیادہ عادل ہیں روح جود ونوال اور رفعت سعادت و نیکبختی ہیں اور افضل ترین ہیں تمام

جَادَ بِالْعَطَايَا وَاَوْرَعِ مَنْ حَدَّ لِلْعُصَاةِ حُدُوْدًا وَّجَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهٗ

عطیات کی سخاوت کرنے والوں سے اور زیادہ محتاط ہیں عاصیوں پر حدود قائم کرنے والوں سے اور بنا دیا ہے اللہ تعالیٰ نے درمیان ان

وَبَيْنَ مَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِهٖ سِتْرًا وَّحِجَابًا وَّيَبْعَثُهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

کے اور ایمان نہ لانے والوں کے درمیان ستر اور حجاب اور قائم فرمائے گا انہیں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا وَّزَكَّى اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ فُؤَادَهٗ وَجَوَارِحَهٗ وَاَثْنَى اللّٰهُ

مقام محمود پر اور پاکیزہ تر کر دیا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے دل اور اعضاء مبارکہ کو اور ثنا کی ہے اللہ تعالیٰ

تَعَالٰى فِيْ كِتَابِهٖ عَلٰٓى اَخْلَاقِهِ الْمَحْمُوْدَةِ وَاٰدَابِهٖ وَاَفْصَحَ الْقُرْاٰنُ

نے کتاب عزیز میں ان کے اخلاق محمودہ اور آداب ستودہ پر۔ اور کھول کر بیان کیا ہے قرآن نے

بِجَمِيْلِ ذِكْرِهٖ وَنَطَقَ الْقُرْاٰنُ بِعَظِيْمِ اَمْرِهٖ وَقَدْرِهٖ وَاَقْسَمَ اللّٰهُ

ان کے ذکر جمیل کو اور قرآن نے نطق کیا ہے ان کے عظیم امر اور قدر کے ساتھ اور قسم اٹھائی ہے اللہ تعالیٰ نے

سُبْحَانَهٗ بِحَيَاتِهٖ وَلَمْ يُقْسِمْ بِحَيَاتِ اَحَدٍ غَيْرِهٖ مِنْ مَّخْلُوْقَاتِهٖ

آپ کی حیات مبارکہ کی اور نہیں قسم اٹھائی تمام مخلوق میں سے ان کے علاوہ کسی کی زندگانی کی۔

وَهَدَى اللّٰهُ بِهِ الْخَلْقَ فِيْ حَيَاتِهٖ وَبَعْدَ مَمَاتِهٖ وَلَمْ يَنَلْ ذٰلِكَ

اور ہدایت دی ان کے طفیل مخلوق کو ان کی ظاہری زندگی میں بھی اور ان کے وصال کے بعد اور یہ مقام

اَحَدٌ مِّنْ مَّخْلُوْقَاتِهٖ اَلْوَفِيِّ بِعَهْدِهٖ وَالصَّادِقِ فِيْ وَعْدِهٖ وَنِعْمَ

کسی دوسرے شخص نے نہیں پایا مخلوق میں سے۔ وہ وفا کرنے والے ہیں اپنے عہد کی اور صادق ہیں اپنے وعدہ میں اور

الرَّجُلُ شَفَاعَةً لِّاَشْرَارِ اُمَّتِهٖ وَحِرْصًا لِّعَزَازَتِهٖ عِنْدَ رَبِّهٖ وَكَرَامَتِهٖ

لائق مدح و ستائش ہیں از روئے شفاعت کے واسطے گناہگاران اُمّت کے اور از روئے حرص کے واسطے عزت و کرامت حاصل کرنے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کے رب تعالیٰ کے ہاں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب

رَوْضَةِ الْجَمَالِ وَبَهْجَةِ الْكَمَالِ غَيْثِ النَّوَالِ وَلَيْثِ النِّزَالِ جَمَالِ

باغ ہیں جمال کا۔ رونق ہیں کمال کی۔ موسلا دھار بارش ہیں جود و نوال کی اور شیر ہیں میدان مبارزت کے اور جان

الْجَمَالِ وَغَايَةِ الْقَصْدِ وَالْاٰمَالِ طَوِيْلِ الطَّوْلِ وَصَالِحِ الْفِعْلِ وَ

جمال ہیں اور منتہی ہیں خلائق کے مقاصد اور امیدوں کا۔ وسیع قوت و استطاعت اور صالح عمل

الْقَوْلِ طَامِي النَّوَالِ وَسَامِي الْكَمَالِ قُرَّةِ الْعَيْنِ وَزَيْنِ كُلِّ زَيْنٍ

و قول والے ہیں۔ عظیم جود والے۔ بلند کمال والے۔ آنکھوں کی ٹھنڈک۔ ہر زینت والے کی زینت

سَمَآءِ الْعُلٰى وَمَوْلَى الْمَوْلٰى وَقَرِيْبِ النَّدٰى حُسَامِ الشَّرِيْعَةِ وَ

بلندی و رفعت کے آسمان۔ مولی کے محبوب اور قریب تر خیر و بھلائی والے۔ شریعت کی تیغ بے نیام اور

هِلَالِ الطَّرِيْقَةِ وَمَلْجَاءِ الْعُصَاةِ وَظِلِّ الْعُفَاةِ مَاْوَى

طریقت کے ماہ نو۔ عاصیوں کی جائے پناہ۔ سائلین کے لیے سایہ۔ جود و نوال

الْمَسَاكِيْنِ وَهَادِي الْمُضِلِّيْنَ تَاجِ الْمَدَآئِحِ وَفَرْدِ الْمَنَآئِحِ

مساکین کا سہارا اور گمراہ کرنے والوں کے ہادی۔ صفات مدح کے تاج اور عطیات و انعامات میں یکتا۔

وَطِيْبِ الطِّيْبِ وَالْمُبَرَّءِ عَنِ الْعَيْبِ وَالرَّيْبِ وَعَيْنِ الْغَيْبِ

اہل طہارت کی طہارت کے موجب۔ عیب اور شکوک سے مبرا۔ سراپا غیب

الْمَكْنُوْنِ وَسِرِّ السِّرِّ الْمَصُوْنِ وَخَاتَمِ الْوُجُوْدِ وَفَلَكِ الْاَمَانِ

مکنون ہیں اور اسرار مصونہ کی روح ہیں وجود کے لیے زیبائش۔ جود و امان کے فلک دائرہ۔

وَالْجُوْدِ دَآئِرَةِ التَّوْحِيْدِ وَهَالَةِ الْهَيْكَلِ السَّعِيْدِ بَدْرِ التَّحْقِيْقِ

توحید کے دائرہ محیط اور مجسمۂ سعادت کے ہیکل کا ہالہ اور دائرہ نور۔ تحقیق کے ماہ تمام

وَنُوْرِ التَّصْدِيْقِ رِيَاضِ الْخُلَّةِ وَسِرَاجِ الْمِلَّةِ رَاْسِ الْمَحَبَّةِ

اور تصدیق کے نور سراپا خلت اور دوستیٔ حق کے ریاض سرسبد اور ملت حنیفیہ کے روشن چراغ۔ محبت کی اصل

وَمُطَهِّرِ الْكَعْبَةِ حَامِي الْمَقَامِ وَمُفْشِي السَّلَامِ وَشِهَابِ الدِّيْنِ وَ

بنیاد اور کعبہ مبارکہ کو پاک کرنے والے اور مقام مقدس کی حفاظت کرنے والے۔ سلام کو عام کرنے والے دین کے روشن ستارے اور

اَنْسَانِ الْعَيْنِ جَوَادِ الْبِرَازِ وَطِرَازِ الطِّرَازِ صَمِيْمِ الْحَسَبِ وَعَرِيْقِ

خلائق کی آنکھ کی پتلی۔ میدان مبارزت کے شاہسوار۔ نقوش زینت کی زینت۔ مضبوط حسب والے اور راسخ

النَّسَبِ ذِمَامِ الْحَرَمِ وَلُبَابِ الْكَرَمِ نُوْرِ عَرُوْسِ الْقِدَمِ وَضِيَآءِ

نسب والے۔ حرم (کی حفاظت) کے ضامن اور کرم و بخشش کے جوہر و مغز۔ عروس قدم و ازلیت کے نور اور امتوں کی

بَصَآئِرِ الْاُمَمِ قَمَرِ السَّعَادَةِ وَفَلَكِ السِّيَادَةِ وَجْهِ الرِّضَا وَعَدْلِ

بصیرتوں کی ضیاء۔ سعادت کے ماہ تاباں اور سیادت کے سپہر اعظم۔ رضاء حق کے سبب اور قضاء میں

الْقَضَا شَمْسِ الْمُنَا وَزُهْرَةِ الثَّنَآءِ قُدْوَةِ الْمُتَّقِيْنَ وَجَامِعِ شَمْلِ

باعث عدل و انصاف۔ آرزوؤں کے آفتاب اور ثناء و توصیف کے نجم زہرہ۔ متقین کے مقتداء دینی فضائل کے

الدِّيْنِ وَهَادِي الْمُهْتَدِيْنَ مُجِيْبِ الدَّاعِيْ وَنِعْمَ الرَّاعِيْ سَيْفِ

جمع کرنے والے۔ ہدایت یافتگان کے ہادی۔ دعوت کو قبول کرنے والے اور اچھے نگران و محافظ ملت کی

الْمِلَّةِ وَزَيْنِ الْوَجْهِ وَالْحُلَّةِ تَمَامِ الدِّيْنِ وَنِهَايَةِ الْيَقِيْنِ ط

تلوار۔ چہروں اور خلعتوں کی زینت۔ دین کو تام و کامل کرنے والے اور یقین کی انتہاء پر فائز

مِفْتَاحِ الضِّيَا وَسُرُوْرِ اَهْلِ الْاٰخِرَةِ وَالدُّنْيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ضیاء کی مفتاح اور سبب تام اور اہل آخرت و اہل دنیا کے سراپا سرور۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْهَجِ السَّمَاحَةِ وَمَنْبَعِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب سخاوت کی شاہراہ ہیں اور فصاحت کے

الْفَصَاحَةِ سَمِيِّ الْاَسْمَآءِ وَالْاَعَزِّ الْاَتَمِّ وَاَنْجَدِ الْاَنْجَادِ وَالنَّجْمِ

سرچشمہ بلند شان ناموں والے ہیں اور انتہائی معزز و کامل۔ سب بہادروں سے بڑے بہادر و کوہ وقار اور روشن ستارے

الْوَقَّادِ زَيْنِ الْعَالَمِيْنَ وَاَحْمَدِ الْحَامِدِيْنَ وَكَرِيْمِ الْعُنْصُرَيْنِ

عالمین کی زینت تمام حمد کرنے والوں سے بڑے حامد۔ دونوں پاکیزہ عنصروں والے

وَمُكَرِّمِ الْاَكْرَمِيْنَ مِفْتَاحِ الْفَلَاحِ وَمِصْبَاحِ الْاَرْوَاحِ وَاِمْلَاحِ

اور ارباب کرامت کو کرامت و بزرگی بخشنے والے۔ کامیابی کی چابی ارواح کے روشن چراغ۔ فرحت و خوشی کی نمکینی د

الْفَرَّاحِ زَيْنِ الْمَدَآئِحِ وَعَيْنِ الْمَدَآئِحِ زَيْنِ الصِّفَاتِ وَحَسَنِ

چاشنی۔ تعریفات کی زینت اور عین مدح وثناء صفات کمال کی زینت اور اچھی

الثَّبَاتِ قُوَّةِ الْاَرْوَاحِ وَعَنْبَرِ الْفَوَّاحِ وَاسِعِ الْكَلَفِ وَبَرَكَةِ السَّلَفِ

ثابت قدمی والے۔ ارواح کے لیے باعث قوت۔ اور مہکتا عنبر اور بے پایاں محبت والے۔

غَزَالِ التُّقٰى وَكَنْزِ التُّقٰى مُبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ وَمَوْلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

صاف وستھرے ہرن کی مانند چاک وچوبند۔ تقویٰ کا خزانہ۔ فروتنی و انکساری والوں کے بشر اور مومنین کے آقا و

عِصْمَةِ الْعُصَاةِ وَعَرُوْسِ الْمَحَبَّةِ يَمْحُوا اللّٰهُ بِهِ السَّيِّئَاتِ وَ

مولی، عاصیوں کے (قہر خداوندی سے) بچنے کے موجب، محبت و پیار کے دولہا جن کے ذریعے اللہ برائیوں کو مٹاتا ہے اور

يُضَاعِفُ اللّٰهُ بِهِ الْحَسَنَاتِ يَا مَنَّانُ ذَا الْاِحْسَانِ قَدْ عَمَّ كُلَّ

نیکیوں کو بڑھاتا ہے۔ اے احسان کرنے والے محسن احاطہ کئے ہوئے ہے تمام

الْخَلَآئِقِ مَنُّهٗ قَدْ مَنَنْتَ عَلَى الْعَقْلِ الْاَوَّلِ بِالْاِيْجَادِ وَالْاِكْرَامِ

مخلوقات کو جس کا احسان تو نے ہی احسان فرمایا عقل اول پر ایجاد و تخلیق اور عزت و اکرام کے ساتھ

وَاَحْسَنْتَ اِلَيْهِ بِمَحْضِ الْجُوْدِ وَالْاِنْعَامِ حَتّٰى صَارَ مَوْجُوْدًا

اور نیکی کی اس کے ساتھ جود و انعام محض کے ساتھ حتیٰ کہ وہ ہو گیا موجود وجود

مُتَشَخِّصًا بَسِيْطًا كُلِّيًّا مُّجَرَّدًا فِيْ ذَاتِهٖ وَفِعْلِهٖ نَاشِئًا مِّنْهُ وُجُوْدُ

متشخص کے ساتھ دراں حالیکہ وہ بسیط و کلی ہے مجرد اور غیر مادی ہے اپنی ذات اور افعال میں اسی سے پیدا ہونے والا ہے

نَفْسٍ فَلَكِيٍّ مُّدَبِّرًا مُّطِيْعًا مُّطَاعًا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاَقْدَارِهٖ وَجَعَلْتَهٗ

نفس مدبرہ فلکی کا وجود جو اطاعت گزار بھی ہے اور اطاعت کیا جانے والا بھی اللہ تعالیٰ کے اذن اور قدرت عطائیہ سے اور

قَادِرًا غَنِيًّا عَنْ كُلِّ الْاَعْيَانِ فَهُوَ مُحْتَاجٌ اِلَيْكَ فِيْ بَقَآءِ شَخْصِهٖ

تو نے اسے بنا دیا ہے صاحب قدرت اور مستغنی تمام موجودات سے پس وہ تیری طرف محتاج ہے اپنی بقاء اور وجود میں

وَوُجُوْدِهٖ بِحَيْثُ اَنْشَاْتَ سِلْسِلَةَ الْوُجُوْدِ مِنْهُ ثُمَّ انْتَهَتْ اِلَيْكَ

اس حیثیت سے کہ تو نے پیدا فرمایا ہے سلسلۂ وجود کو اسی سے پھر وہ سلسلہ اختتام پذیر ہوا تجھ پر۔

فَهٰذَا مَنُّكَ وَاِحْسَانُكَ فِيْ حَقِّهٖ اَعْظَمُ الْمِنَنِ وَالْاِحْسَانَاتِ

پس یہ تیری منت اور احسان ہے اس کے حق میں جو سب احسانوں سے عظیم تر ہے

ثُمَّ اَعْطَيْتَهٗ قُوَّةً بِهَا يَصُوْنُ اَرْوَاحَ الْاَنْبِيَآءِ فِي الْاَرْحَامِ وَجَعَلْتَهٗ

پھر تو نے اس کو قوت عطا کی ہے کہ وہ اس کے ساتھ محفوظ رکھتا ہے ارواح انبیاء علیہم السلام کو ارحام میں اور بنا دیا

مَلِكَ اللَّوْحِ وَالْقُرْاٰنِ وَقَدَّسْتَهٗ عَنِ التَّمْشِيْرِ ثُمَّ عَظَّمْتَهٗ وَ

ہے تو نے اس کو بادشاہ لوح (محفوظ کا) اور قرآن کا اور مقدس ٹھہرایا ہے اس کو تکبر سے پھر اسے عظمت و

كَرَّمْتَهٗ بِمَنِّكَ وَاِحْسَانِكَ وَاِعْطَآئِكَ نَفْحَةَ التَّضْمِيْنِ تَحْتَ

کرامت بخشی اپنے فضل و احسان سے اور عطا کرتے تیرے ہوا کا تیز جھونکا جو چھپانے والا ہے خاک

جَوَاهِرِ التُّرَابِ بِحَيْثُ لَمْ يَكُنْ اَحَدٌ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا وَّنَفَحْتَ

کے جواہر کے نیچے (ہر شئی کو) اس طرح کہ نہ رہی کوئی شئے اس سے قابل ذکر۔ اور تو نے تیز ہوا

التَّمْشِيْرَ فَبِاَثَرِهٖ وَنَضَارَتِهٖ صَارَ الْوُجُوْدُ مُنْبَسِطًا عَلٰى ذَرَّاتٍ

عمل تقسیم والی چلائی تو اس کے اثر اور تازگی سے ہو گیا وجود پھیلنے والا ذرات شخصیہ پر

شَخْصِيَّةٍ فَيَكُوْنُ جَامِعًا لِّذَاتِ كُلِّ شَخْصٍ مَّحْصُوْرَةً فِيْ شَخْصِهٖ

پس ہو گیا جامع واسطے ہر ہر شخص کی ذات کے دراں حالیکہ وہ ذات محصور و منحصر ہے اس شخص میں

وَعُضْوِهٖ فَيَكُوْنُ الْاِحْسَانُ مِنْكَ فِيْ حَقِّهٖ قَدْ كَفَّرْتَ لَهٗ بِجَمِيْعِ

اور اس کے اعضاء میں پس ہو گا احسان صرف اور صرف تیری طرف سے اس کے حق میں نے کفارہ دیا ہے اس کے لیے اپنے

بَدَنِيْ وَاَعْضَآئِيْ فَاَحْسِنْ اِلَيَّ بِاَنْ يَّكُوْنَ مُحِبًّا لِّيْ وَنَاصِرًا فِيْ

تمام بدن اور اعضاء کے ساتھ پس تو میری طرف احسان فرما کہ وہ عقل اول میرا محب اور ناصر بن جائے

شَدَآئِدِيْ وَحَاجَاتِيْ وَبِاَنْ يُّهَدِّرَ تَهْدِيْرًا حَوْلَهٗ بَيْنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

میری تمام مشکلات اور حاجات میں اور جوش وخروش کا اظہار کرے اپنے ارد گرد ملائکہ میں

الَّتِيْ جَعَلْتَهٗ رَئِيْسَهَا وَعَيْنَهَا وَبِاَنْ تُسَخِّرَهٗ لِيْ وَتُحَبِّبَنِيْ اِلَيْهِ مُحْسِنًا فِيْ

جن پر تو نے اس کو رئیس بنایا اور ان کا نگران اور اسے مسخر فرمائے میرے لیے اور مجھے محبوب بنائے اس کے ہاں احسان کرنیوالا ہو

حَقِّ عَبْدِكَ وَفَقِيْرِكَ كَمَآ اَحْسَنْتَ اِلَيْهِ ثُمَّ مَنُّكَ وَاِحْسَانُكَ

تیرے عبد و فقیر کے حق میں جیسے کہ تو نے اس پر احسان فرمایا پھر تیرا فضل و احسان پہنچا ہے

قَدْ وَصَلَ اِلٰى كُلِّ عَقْلٍ وَّنَفْسٍ فَلَكِيٍّ وَّمَلَكِيٍّ حَتّٰى اِلَى الْعَقْلِ

طرف ہر عقل و نفس فلکی اور ملکی کے حتّٰی کہ عقل

الْفَعَّالِ الْمُدَبِّرِ لِلْاُصُوْلِ وَالْاُمَّهَاتِ فِى التَّمْزِيْجِ وَالتَّخْلِيْطِ وَ

فعال تک بھی جو مدبر و متصرف ہے اصول اور مواد منفعلہ میں باہم امتزاج و اختلاط پیدا کرتے ہیں اور

التَّصْوِيْرِ فِى الْاَرْحَامِ ثُمَّ الْحِفْظِ مِنَ الْجِنَّاتِ الْمُتَمَرِّدَةِ الْقَاصِدَةِ

ارحام کے اندر صورت گری میں پھر محفوظ رکھنے میں ان جنات سے جو سرکش ہیں اور درپے ہوتے ہیں

اِلَى الْاِهْلَاكِ وَالْاٰلَامِ وَشَرَّفْتَهٗ بِالْكَلَامِ مَعَ الْاَنْبِيَآءِ الْعِظَامِ

ہلاک کرنے اور رنج و الم پہنچانے کے اور مشرف فرمایا اس کو انبیاء عظام علیہم السلام کی ہمکلامی کے ساتھ

خُصُوْصًا مُّحَمَّدًا عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ قَدْ اَحْسَنْتَ اِلَيْهِ وَ

بالخصوص محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جن پر تو نے احسان اور تفضل فرمایا

مَنَنْتَ عَلَيْهِ بِالنُّبُوَّةِ وَالْمُعْجِزَاتِ الْبَاهِرَاتِ بَعْضُهَا بِالْفِعْلِ

عطائے نبوت اور عطاء معجزات کے ذریعے جو واضح اور روشن ہیں جن میں بعض بالفعل ہیں

وَبَعْضُهَا بِالْقُوَّةِ ثُمَّ شَرَّفْتَهٗ بِالْمَعَارِجِ وَكَرَّمْتَهٗ بِاَنْوَاعِ الْخِطَابَاتِ

اور بعض کی صلاحیت و استطاعت ہے پھر انہیں مشرف فرمایا بلندیوں کے ساتھ اور تکریم کی مختلف اقسام کے خطابات

فَاَطَاعَتْ نَفْسُهٗ وَمَا الْتَفَتَ بَصَرُهٗ وَجَعَلْتَهٗ مَحْبُوْبًا فِى الْقُدُسِيَّاتِ

اور القابات کے ساتھ پس اطاعت کی ان کے نفس نے اور نہ دوسری جانب متوجہ ہوئی نگاہ ان کی اور بنا دیا تو نے انہیں محبوب تمام قدسیوں

وَالْمَحْسُوْسَاتِ وَاَصْحَابُهٗ كَوَاكِبُ دُرِّيَّاتٍ فِى الْاَرْضِيَّاتِ حَتّٰى نَجَا

میں اور محسوسات میں اور ان کے اصحاب کو چمکتے ستارے زمینی مخلوقات میں حتّٰی کہ نجات حاصل کر لی

مَنْ تَوَجَّهَ اِلَيْهِمْ بِحُسْنِ التَّصْدِيْقِ وَالطَّاعَةِ يَآ اِلٰهِىْ هٰذِهِ

ہر اس شخص نے جو متوجہ ہوا ان کی طرف صحیح تصدیق اور طاعت کے ساتھ۔ اے میرے الٰہ یہ

الْحَسَنَاتُ فِىْ حَقِّهِمْ مِّنْ اٰثَارِ الْاِحْسَانَاتِ وَالْمِنَنِ الْمُقَدَّسَةِ

نیکیاں ان کے حق میں تیرے ان احسانات و نوازشات کے آثار و ثمرات ہیں جو منزہ و مبرا ہیں

عَنِ الْاَعْرَاضِ وَالْبَدَلَاتِ وَكَيْفَ وَالْكُفَّارُ لَمَلْعُوْنُوْنَ قَآئِلُوْنَ

اعراض اور عوض و بدل سے اور کیونکر اس طرح نہ ہوگا حالانکہ کفار ملعون (جو محروم احسان ہیں) وہ قائل ہیں تیرے

بِالْوَلَدِ وَالشِّرْكِ وَاَنْوَاعِ النِّسَبِ اللَّاتِىْ تَقَدَّسَتْ ذَاتُكَ وَتَنَزَّهَتْ

حق میں اولاد کے اور شرک کے اور طرح طرح کی نسبتوں کے جن سے مقدس ہے تیری ذات اور منزہ ہیں

صِفَاتُكَ عَنْهَا وَاَنْتَ تَرْزُقُهُمْ وَتَصُوْنُ اَبْنَآئَهُمْ مُّمَقَّاةً عَلٰى

تیری صفات اور تو انہیں رزق دیتا ہے اور محفوظ رکھتا ہے ان کے بیٹوں کو درآنحالیکہ رس چوستے ہیں

اَشْجَارِهِمْ وَهَيْئَاتِهِمْ وَهٰذَا مِنْ اِحْسَانِكَ وَمَنِّكَ الْمُحِيْطِ

اپنے درختوں سے اور مستفید ہوتے ہیں ان کے ہیئات و احوال سے اور یہ تیرا احسان و فضل ہے جو محیط ہے

بِكُلِّ خَلْقٍ حَتَّى الْعَلَقِ وَالذُّبَابِ وَالدُّوْدَةِ الْمُتَكَوِّنَةِ عَنِ

ہر مخلوق کو حتّٰی کہ لوتھڑوں اور مکھیوں اور ان کیڑوں کو بھی جو تیار ہوتے

الْعُفُوْنَاتِ اِلٰهِىْ لِسَانِىْ كَلٌّ وَّقَلْبِىْ مَحْجُوْبٌ عَنْ تَفْصِيْلِ الْمِنَنِ

غلاظتوں سے۔ اے میرے الٰہ میری زبان گنگ ہے اور میرا دل محجوب ہے تیرے ان احسانات و نوازشات کی

وَالْاِحْسَانَاتِ مِنْكَ فِىْ خَلْقِكَ فَاَحْسِنْ اِلَىَّ بِاَنْوَاعِ الْاٰثَارِ الْفَآئِضَةِ

تفصیل سے جو تیری طرف سے مخلوق پر ہیں پس میری طرف احسان فرما مختلف النوع آثار کے ساتھ جو جاری ہونے والے ہیں

وَالشُّعَاعَاتِ النُّوْرِيَّةِ الْحَادِثَةِ مِنَ الْعَكَسَاتِ وَتَسْخِيْرِ الْقُدُسِيَّاتِ

اور نوری شعاعوں کے ساتھ جو پیدا ہونے والی ہیں تیرے عکسوں اور پرتووں سے اور احسان فرما قدسیوں

وَالْاَرْوَاحِ السَّمَاوِيَّاتِ وَالْاَرْضِيَّاتِ فَآئِضَةً عَلٰى قَلْبِ هٰذَا

اور ارواح کی تسخیر کے ساتھ جو سماوی ہیں اور ارضی درآنحالیکہ فیضان کئے جائیں اس عبد عاجز کے دل پر

الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ عُلُوْمُ الْكُلِّيَّاتِ قَادِرَةً نَفْسُهٗ عَلٰى تَفْصِيْلِ

علوم کلیات کے اور قادر ہو ذات اس کی جزئیات کی تفصیل پر

الْجُزْئِيَّاتِ ثُمَّ اجْعَلْ رَائِيًا قَائِمًا فِي الْمَلَكُوتِ وَاللَّاهُوتِ بِحَيْثُ

پھر بنا اس کو دیکھنے والا قیام کرنے والا ملکوت ولاہوت میں اس حیثیت سے کہ

يَرَاهُمَا مُشَاهَدَةً مِّنْ غَيْرِ حِجَابٍ كَرُؤْيَةِ الْبَصَرِ فِي الْمَحْسُوسَاتِ

دیکھے ان دونوں کو روبرو بغیر حجاب کے مانند دیکھنے آنکھ کے محسوسات کو۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مُسَبِّحًا وَّمُصَلِّيًا مَّعَ الْعَقْلِ وَالْمَلَكُوتِ رَائِيًا بِعَيْنِ

اے اللہ بنادے مجھے تسبیح خواں اور صلواۃ ادا کرنے والا ساتھ عقل کے اور ملکوت کے دیکھنے والا

الْقَلْبِ أَنِّي قَائِمٌ فِي صُفُوفِهِمْ وَأُصَافِحُ مَعَهُمْ فَيُحْسِنُونَ إِلَيَّ وَ

قلب کی نگاہ کے ساتھ اپنے آپ کو کہ کھڑا ہوں ان کی صفوں میں اور ان سے مصافحہ کر رہا ہوں پس وہ میرے ساتھ نیکی کریں اور

يَحْسَبُونَ أَنَّ هٰذَا الْعَبْدَ الْأَرْضِيَّ مِنْ جُمْلَتِهِمْ فَيُحِبُّونَ لِي وَ

باور کریں کہ یہ خاکی بندہ بھی انہیں میں سے ایک ہے پس وہ محبت کریں مجھ سے اور

يَنْصُرُونَنِي عِنْدَ الْحَاجَةِ وَالتَّوَجُّهِ إِلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ قَدْ

مدد کریں بوقت حاجت اور متوجہ ہونے کے طرف ان کے۔ اے اللہ تونے مجھے

أَوْجَدْتَنِي بِإِحْسَانِكَ وَمَنِّكَ ثُمَّ بَلَّغْتَنِي إِلٰى مَبْلَغِ هٰذَا

ایجاد فرمایا اپنے احسان اور نوازش سے اور پھر پہنچایا مجھے اس مقام تک

فَأَحْسِنْ إِلَيَّ الْآنَ بِالَّذِي أَطْلُبُهُ مِنْكَ فَأَجِبْ دَعْوَاتِي وَتَقَبَّلْهَا

تو اب بھی مجھ پر احسان فرما ساتھ ان اشیاء کے جو تجھ سے طلب کروں۔ میری دعاؤں کو قبول فرما اور انہیں اچھی قبولیت

بِقَبُولٍ حَسَنٍ إِلٰهِي مَنْ إِلٰهٌ غَيْرُكَ حَتّٰى أَتَوَجَّهَ إِلَيْكَ أَنْتَ مَوْلَانَا

عطا فرما۔ اے میرے الٰہ کون ہے معبود کارساز سوائے تیرے تاکہ میں اس کی طرف متوجہ ہوں۔ تو ہی ہمارا ناصر

وَوَلِيُّنَا وَمُوجِدُنَا وَمُعْدِمُنَا وَمُعِيدُنَا فَمُنَّ عَلَيَّ وَثَبِّتْنِي وَاحْشُرْنِي

و مددگار اور کارساز اور موجد ہے اور معدوم کرنے والا اور دوبارہ موجود کرنے والا ہے پس مجھ پر احسان فرما اور ثابت قدم رکھ اور مجھے

تَحْتَ لِوَاءِ رَسُولِكَ فَيُقَرِّبْنِي يَوْمَ الْجَزَاءِ وَالْحِسَابِ إِلَيْكَ وَ

اٹھانا اپنے رسول کے جھنڈے کے نیچے پس وہ قریب کریں مجھے روزِ جزاء و حساب میں تیری بارگاہ کے اور

اجْعَلْنِي مِمَّنْ يُحِبُّكَ وَرَسُولَكَ وَعِبَادَكَ الصَّالِحِينَ مِنَ السَّابِقِينَ

بنا مجھے ان سے جو تجھ سے محبت کرتے ہیں اور تیرے رسول سے اور تیرے عبادِ صالحین سے جو خیرات کی طرف

السَّابِقِينَ أُولٰئِكَ الْمُقَرَّبُونَ ۝ يَا جَلِيلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

سبقت لے جانے والے ہیں وہی تیرے مقرب ہیں۔ اے جلیل اے کبریائی کے مالک بنسبت ہر شئی کے

فَالْعَدْلُ أَمْرُهُ وَالصِّدْقُ وَعْدُهُ أَنْتَ الْجَلِيلُ الْمُتَكَبِّرُ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ

پس عدل ہے امر اس کا اور سچا ہے وعدہ اس کا۔ تو ہی جلیل و بزرگ ہے اور بڑائی والا اوپر ہر شئے کے

وَكُلُّ أَحَدٍ ذَلِيلٌ مَّقْهُورٌ تَحْتَ قَهْرِكَ وَجَلَالِكَ وَإِنْ كَانَ بِحَيْثُ

اور ہر ایک عاجز و بے بس اور مغلوب ہے تیرے قہر و جلال کے نیچے اگرچہ ہو ساتھ اس حیثیت کے کہ

يَرْفَعُ الْأَرْضَ بِقُوَّتِهِ مَعَ مَا فِيهَا بِجَنَاحٍ وَّاحِدٍ فَلَيْسَ لَهٗ أَنْ

اٹھائے زمین کو اپنی قوت سے بمع اس کے موجودات کے ساتھ ایک بازو کے پس نہیں اس کے لائق کہ

يَتَكَبَّرَ حَتّٰى تَنْزِعَ قُوَّتَهٗ وَالْمَلٰئِكَةُ كُلُّهُمْ يُسَبِّحُونَ لَكَ تَسْبِيحًا

بڑائی کا اظہار کرے حتیٰ کہ تو اس کی قوت چھین لے اور تمام ملائکہ تیرے لیے تسبیح خواں ہیں

مِّنْ كِبْرِيَائِكَ فَهُمْ يَذُوبُونَ عِنْدَ جَلَالِكَ وَكِبْرِيَائِكَ حَتّٰى

تیری کبریائی کی وجہ سے پس وہ سبھی پگھلے جاتے ہیں تیرے جلال و کبریائی کے سامنے حتیٰ کہ

إِسْرَافِيلَ الْمُقَرَّبَ وَلَا يَسْتَطِيعُ وَاحِدٌ مِّنْهُمْ أَنْ يَّغْلِبَ وَاحِدًا

اسرافیل جیسا مقرب فرشتہ بھی۔ اور نہیں طاقت رکھتا کوئی ایک ان میں سے کہ غالب آئے کسی پر

وَّلَا يَأْخُذَهٗ جَبْرًا وَّقَهْرًا إِلَّا بِعَدْلٍ صَحِيحٍ وَّإِلَّا لَمْ يَكُنِ الْوُجُودُ

اور پکڑے اس کو از روئے جبر و قہر کے مگر ساتھ صحیح عدل کے ورنہ نہیں ہوگا وجود

الْجُزْئِيُّ بَاقِيًا وَّلَا حَاصِلًا يُّوجِدُهٗ أَمْرُكَ إِيجَادَ عَدْلٍ لَّا ظُلْمٍ

جزئی باقی رہنے والا اور نہ حاصل جس کو موجود کرے تیرا امر بطور ایجاد عدل کے بغیر ظلم و تعدی کے

وَعْدُكَ صِدْقٌ وَّالرَّحْمَانِيَّةُ وَالرَّحِيمِيَّةُ وَسَبْقَةُ الرَّحْمَةِ عَلٰى

تیرا وعدہ سراسر صدق ہے اور رحمانیت و رحیمیت ہے اور تیری رحمت کی سبقت مسلم ہے

الغضب واعطاء الجزاء الحسن للابرار في تلك الدار كما قلت ان

تیرے غضب پر اور تیرا اعطا کرنا بہترین جزاء ابرار کے لیے جو مستحق ہے اس دار میں جیسے کہ تو نے فرمایا

الابرار لفي نعيم ۝ اللهم اجعل قلبي مظهر الاسم الجليل المتكبر

بے شک نکوکار البتہ نعیم جنت میں ہیں۔ اے اللہ بنا دے میرے دل کو مظہر اپنے اسم جلیل متکبر کا

حتى لا يلتفت الى هذه الدنية والى اثارها فيها بالصدق الكلي

حتیٰ کہ وہ نہ راغب ہو طرف اس رذیل دنیا کے اور اس کے آثار کے بسبب صدق کلی کے

المطابق لكل جزئي ليصدر مني عبادتك وطاعتك بحيث لا

جو مطابق ہے واسطے ہر ہر جزئی کے تاکہ سرزد ہو مجھ سے تیری عبادت اور طاعت ساتھ اس حیثیت کے نہ

اسقط منها شيئا لاكون مع الخلق بها قطعا وصدقا وعدلا و

ساقط کروں ان سے کوئی شئی تاکہ ہو جاؤں بسبب اس عبادت کے ساتھ مخلوق کے یقیناً اور از روئے صدق اور عدل کے اور

بالقلب معك مشاهدا حاضرا سميعا بوعدك مطيعا لامرك

باعتبار قلب کے ساتھ تیرے۔ مشاہدہ کرنے والا۔ حاضر بارگاہ تیرے وعدہ کو سننے والا۔ تیرے حکم کا اطاعت گزار

بتوفيقك لذلك اللهم احينا مستمسكين بسنته ومحبته

ساتھ تیری توفیق کے۔ اے اللہ ہمیں زندہ رکھ اس حالت میں کہ تھامنے والے ہوں ان کے دامن سنت ومحبت کو

واجعلنا من اخيار امته واسترنا بذيل حرمته واستر عيوبنا

اور بنا ہمیں آپ کی اُمت کے بہترین افراد سے اور ہمیں ڈھانپ ان کے دامن حرمت کے ساتھ اور ہماری پردہ پوشی فرما

بدثار دينه وملته واحشرنا يوم القيمة في زمرته واسقنا

ان کے دین وملت کی چادر کے ساتھ اور ہمیں اُٹھانا قیامت کے دن ان کی جماعت میں اور پلانا

من حوضه وادخلنا الجنة بشفاعته مع اهله وخواصه و

ان کے حوض کوثر سے اور جنت میں داخل کرنا ان کی شفاعت سے بمع ان کے اہل اور خواص کے اور

اجمعنا به وبهم في مقعد الصدق عندك مع الذين انعمت

ہمیں جمع فرمانا ساتھ آپ کے اور ان کے سچائی والی نشستگاہ میں اپنے ہاں ساتھ ان کے جن پر تو نے انعام فرمایا

عليهم من النبيين والصديقين والشهداء والصالحين والغواث

یعنی انبیاء و صدیقین اور شہداء و صالحین اور اغواث

العارفين يا ديان ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم

و عارفین کے۔ اے بہت جزاء خیر دینے والے اے ہمارے پروردگار ہم سے قبول فرما بیشک تو ہی سننے جاننے والا ہے

بحرمة هذا النبي الامي والرسول العربي صل اللهم عليه صلوة

بطفیل حرمت وعزت اس نبی اُمّی اور رسول عربی کے درود بھیج اے اللہ ان پر ایسا درود

تعرفني بها اياه في مراتبه وعوامله ومعالمه حتى اشهده

کہ عرفان عطا کرے بسبب اس کے ان کا ان کے مراتب وعوامل اور معالم کی رو سے تاآنکہ میں ان کا مشاہدہ کروں

بعين العيان لا بالدليل والبرهان واعرفه بالتحقيق في كل

ظاہری آنکھ کے ساتھ نہ محض دلیل و برہان کے ساتھ اور میں پہچان لوں ان کو یقین کے ساتھ

موطن وطريق وارى سريان سره في الاكوان ومعناه المشرق

ہر مقام اور راستہ میں اور دیکھ لوں میں ان کے سرّ اور باطن کا سرایت کرنا جملہ موجودات میں اور ان کے روشن معنی وحقیقت کی

في مجاليه الحسان واجعل اللهم موردي منورا من شمس

سرایت حسین وخوب ترین جلوہ گاہوں میں۔ اور بنا اے اللہ میرے مقام و ردو کو منور ان کے آفتاب

حقيقته ومن نور بدر شريعته حتى استضيئ في ليل

حقیقت سے اور ان کی شریعت کے بدر منیر سے حتیٰ کہ ضیاء حاصل کروں اپنی جہالت کی شب تار

جهلي بانوار حقائق معارفه وانسني في غربة مسراي

میں ان کے معارف کے انوار حقائق سے اور مجھے انس مہیا فرما میرے سفر غربت میں ان کے لطائف

بايناس لطائفه واحملني الى حضرته الاقدسية الاحمدية

